پھر ایک غلطی کا ازالہ میں سمجھتا ہوں ہو جانا چاہیئے۔ پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے فرمایا کہ ہم نے ہر ایک ایم این اے کو پچاس پچاس لاکھ روپے دیئے ہیں، اس سے پچھلے سال سے ایک خاص تاثر ابھرتا رہا ہے کہ شاید پچاس لاکھ روپیہ ایک ایم این اے کو دیا جاتا ہے اور اس کی مرضی کے مطابق اس کو خرچ کرنے کا حق حاصل ہوتا ہے۔ اس تاثر کی وجہ سے عام پاکستانی یہ سمجھتا ہے کہ یہ اسمبلی فی ممبر پچاس پچاس لاکھ کے اوپر بک چکی ہوئی ہے اور یہ صرف حکومت کی تائید کے لیئے وہاں پر موجود بیٹھی ہے۔ میں سمجھتا ہوں اس کی بھی تشریح ہو جانی چاہیئے اور گورنمنٹ کے ذرائع اور میڈیا کے ذریعہ سے بار بار اس بات کا اظہار ہونا چاہیئے کہ پچاس لاکھ روپے ایک ایم این اے کو نہیں دیئے جاتے بلکہ ترقیاتی سکیمیں جو وہ بناتا ہے ان پر حکومت عملدرآمد کرتی ہے اور اس کو خرچ کرنے کے تمام اختیارات حکومت کے پاس ہیں۔

Mr. Speaker: Hashmi Sahib, this has been clarified many times, there is no need to repeat it.

جی لیاقت بلوچ صاحب! آپ کا بھی پوائینٹ آف آرڈر ہے؟

<u>جناب لیاقت بلوچ</u>: جناب سپیکر! میں اس سلسلہ میں عرض کرنا چاہتا تھا، آپ نے شروع میں فرمایا تھا کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحب اپنی سٹیٹمنٹ دے لیں تو اس کے بعد اگر ضرورت ہوگی تو بات کی جائے گی۔ لیکن درمیان میں مختلف گفتگو چلتی رہی ہے۔

جناب سپیکر! حقیقت یہ ہے کہ شاید اس تحریک استحقاق کو سمجھا نہیں گیا اور اس کا صحیح جواب نہیں دیا جا رہا۔ جہاں تک فیڈرل گورنمنٹ کے مختلف اداروں کے جو ترقیاتی پروگرام ہیں، درحقیقت ضرورت اس چیز کی ہے کہ اس سلسلہ میں قومی اسمبلی کے ممبران کو ایسوسی ایٹ کیا جائے اور اس کے مشوروں کو شامل کیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی محترم پارلیمانی سیکرٹری اس بات کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں کہ وہ منتخب ممبرز کو شامل کرتے ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ

بلاشبہ اس حکومت کے دوران یا اس سے پہلے بلدیاتی انتخابات کے ذریعہ ترقیاتی پروگراموں کا کا جو ایک سلسلہ ملک میں چلا ہے یہ ایک بہتر چیز ہے۔ اسی طریقہ سے سپیشل ڈیویلپمنٹ پروگرام کے سلسلہ میں جہاں پیسے دیئے گئے ہیں وہ اپنی جگہ ایک بہتر چیز ہے لیکن اس کے اندر آپس میں بے شمار تضادات ہیں۔ ایک تو یہ ہے کہ اس سلسلہ میں جتنی بھی سکیمیں ضلع کے اندر بنتی ہیں ان کے اندر مشورے کی جو ایک صورت ہونی چاہیئے ان کے مشوروں کو شامل کیا جانا چاہیئے، وہ نہیں کیا جاتا۔ شاید یہاں گفتگو کے اندر بات تو کی جا سکتی ہے لیکن حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔

اب اسی طریقہ سے جیسا کہ سینیٹ کے ممبران کو بھی پیسے دیئے جاتے ہیں، وہ آزاد ہیں کہ اپنے صوبوں کے اندر ان پیسوں کو استعمال کر سکتے ہیں لیکن اس کے لیئے بھی ہم نے کوئی چینل نہیں طے کیا کہ اس کو کس طریقہ سے، کس انداز میں استعمال کریں گے۔ لہٰذا بھی پرائم منسٹر کے ساتھ بے شمار ممبران اس چیز کی شکایت کر رہے تھے کہ ہر ضلع کے اندر یہ مسئلہ موجود ہے۔ ڈسٹرکٹ کونسل اپنی جگہ موجود ہے، صوبائی ممبران کی طرف سے ترقیاتی سکیمیں اپنی جگہ موجود ہیں، مرکز کی طرف سے اپنی جگہ سکیمیں موجود ہیں ان کے درمیان کوئی coordination نہیں ہے۔ اسلیئے میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحب کو ان دو چیزوں کا جواب دینا چاہیئے۔

Mr. Speaker: Liaqat Sahib, we are taking merely about the Federal Government schemes.

آپ ڈسٹرکٹ لیول پر یا پراونشیل گورنمنٹ کے لیول پر مت بات کریں - because that is irrelevant.

جناب لیاقت بلوچ: میں انہی دو چیزوں کے سلسلہ میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ گذارش یہ ہے کہ اس پارلیمنٹ کے ممبران اور قومی اسمبلی کے اپنا یہ حق چاہتے ہیں کہ یہ ہونا چاہیئے۔ اب یہ فیڈرل ادارے جو ہیں ان کے متعلق کیا سکیم ہے؟ اور اس کے ساتھ ساتھ باقی پورے ملک کے اندر جو ترقیاتی سکیموں کے سلسلہ میں تضاد ہے ایک کنفیوژن ہے، حکومت کی واضح پالیسی نہ ہونے کی وجہ سے یہاں ممبران کے لیئے مشکلات پیدا ہو رہی ہیں۔ حکومت اس سلسلہ میں کیا کرنا چاہتی ہے؟

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر فار لوکل گورنمنٹ!

جناب انور عزیز چوہدری: جناب والا! پوائینٹ آف آرڈر کہہ کر یہاں ہر کوئی اپنی اپنی تقریر لگا رہا ہے۔ میں گذارش کرونگا کہ پارلیمانی سیکرٹری صاحب پہلے اس سوال کا جواب دے لیں، اس کے بعد اگر کوئی اعتراض ہو تو پھر جو ممبر چاہے وہ اپنی بات کرلے۔

جناب سپیکر: جی، میرے خیال میں یہی بہتر ہوگا۔

(To Ch. Nisar Ali Khan) You should continue.

چوہدری نثار علی خان: میں اگر وضاحت کرونگا تو شاید پوائینٹ آف آرڈر کی بھی ضرورت نہ رہے۔ ہاؤس میں پوائینٹس آف آرڈر سے کچھ اس قسم کا تاثر سامنے آرہا ہے کہ شاید حکومت یہ نہیں چاہتی کہ اس اسمبلی کے معزز اراکین سالانہ ترقیاتی پروگراموں میں زیادہ سے زیادہ ایسوسی ایٹ ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط تاثر ہے۔ موجودہ حکومت جو کہ ایک منتخب حکومت ہے، یہ سرے سے چاہتی ہے، اس کا یہی پروگرام تھا، اس کی پالیسی تھی کہ اس معزز اسمبلی کے اراکین زیادہ سے زیادہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کے مرتب ہونے میں اپنا کردار ادا کریں کیونکہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ترجیحات مقرر کرتے وقت وہ بہتر پوزیشن میں ہوتے ہیں کہ وہ فیصلہ کرسکیں اور ایک افسر اپنے دفتر میں بیٹھ کر یہ فیصلہ نہیں کرسکتا کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام کس طریقہ سے مرتب کیا جائے۔ اسلیئے میں آپ سے گذارش کرونگا کہ آپ اس تحریک کو ایڈمٹ کرلیں، اس پر ڈسکشن ہو جائے اور معزز اراکین کی آراء کی روشنی میں ہم ایسے ways and means تلاش کریں اور انشاء اللہ ہم ان کی روشنی میں یہ کوششیں کریں گے کہ ہم زیادہ سے زیادہ ترقیاتی پروگراموں میں ممبروں کو ایسوسی ایٹ کریں۔

Mr. Speaker: Inspite of the fact that you have said that the motion should be admitted, you have not spoken technically about the admissibility of the motion. Would it not be simpler for the Government to take some other measures to associate the members rather than have a privilege motion which is not admissible?

Ch. Nisar Ali Khan: Technically, it is not admissible, Sir, because it is not the privilege of the members as far as the development funds are concerned. It does not become a privilege of the members, Sir.

Mr. Speaker: This is exactly what I have said. So, can't you associate the members through some other means?

(Interruptions)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs.

وزیر عدل و پارلیمانی امور جناب اقبال احمد خان: جناب سپیکر! پرویلج موشن نہ تو یہ ایڈمٹ ہو سکتی ہے اور نہ اس کے ایڈمٹ ہونے پر اس ہاؤس کے اندر ڈسکشن ہو سکتی ہے کیونکہ اس سلسلے میں ہمیں اس بات کا فیصلہ کرنا ہو گا کہ کس کا استحقاق مجروح ہوا ہے۔ میں اسلیئے عرض کرونگا کہ یہ پرویلج موشن آؤٹ آف آرڈر ہے، اس کو تو رول آؤٹ آف آرڈر قرار دیا جائے۔ لیکن میں پارلیمانی سیکرٹری صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کرونگا کہ وہ کسی دوسرے موقع پر کسی دوسری موشن کے ذریعے سے یا کسی معزز رکن نے تحریک التواء کی شکل میں یہ پیش کی تو میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم اس کو ویلکم کریں گے اور اس پر کوئی بحث کا موقع بھی نکالیں گے اور اس سلسلے میں اراکین کی جو آراء آئیں گی ان پر عمل کرنے کی کوشش کریں گے لیکن اس پرویلج موشن کو ایڈمٹ کرنا میں سمجھتا ہوں مناسب بھی نہیں ہے اور یہ قواعد کی خلاف ورزی ہے اور ایک غلط پریسیڈنٹ قائم کرنے کے مترادف ہو گی۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ امیر حسین صاحب!

چوہدری امیر حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے جو مؤقف اختیار کیا ہے کہ اس پرویلج موشن کو ایڈمٹ کیا جائے اس کی مخالفت اس لیئے کرتا ہوں کہ ہم نے اس ایوان کو قواعد کے مطابق چلانا ہے۔ اگر قانونی طور پر ایک پرویلج موشن قواعد کے مطابق نہیں تو اس کو کسی ٹریژری بینچ کے ممبر کے کہنے سے ایڈمٹ نہیں کیا جا سکتا۔ جناب والا! ایڈمٹ کرنے سے پہلے ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ

whether it is a privilege of the members of the National Assembly to get them associated in the development programmes?

میں جہاں تک سمجھتا ہوں کسی نیشنل اسمبلی کے ممبر کا یہ استحقاق نہیں بنتا کہ اسے شامل کیا

جائے۔ لیکن اگر اسے شامل کر لیا جاتا ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے پہلے کسی حکومت نے کسی نیشنل اسمبلی کے ممبر کو اختیار نہیں دیا تھا کہ وہ اپنے حلقے میں پچاس لاکھ کے منصوبے حکومت کو دے اور وہ حکومت کی زیر نگرانی مکمل ہوں۔ یہ ہماری حکومت کی ایک خاص میں سمجھتا ہوں کہ مہربانی ہے کہ انہوں نے ممبران نیشنل اسمبلی کو اپنے اپنے حلقوں میں کام کرنے کے لیئے جو منصوبے دینے کا اختیار دیا ہے تو یہ ایک رعایت دی گئی ہے حکومت وقت کی طرف سے۔ موجودہ حکومت نے یہ ایک مہربانی فرمائی ہے جو ہم ممبران کو یہ رعایت دی گئی ہے۔

سردار آصف احمد علی: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: سردار آصف احمد علی صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر۔

چوہدری امیر حسین: میں پہلے ہی جناب! پوائنٹ آف آرڈر پر ہوں۔

جناب سپیکر: میں سمجھتا ہوں کہ آپ ختم کر چکے ہیں۔

چوہدری امیر حسین: جی میں نے ابھی ختم نہیں کیا۔

جناب سپیکر: جی آپ مہربانی کر کے جاری رکھیں۔

(Interruptions)

Mr. Speaker: Yes, Ch. Amir Hussain, Please continue.

چوہدری امیر حسین: جناب والا! میں یہ گذارش کر رہا تھا کہ چونکہ یہ کسی ممبر کا پروجیکٹ نہیں بنتا اسلیئے رولز کے تحت پروجیکٹ موشن آؤٹ آف آرڈر ہے، اسے ایڈمٹ نہیں فرمایا جا سکتا۔

جناب سپیکر: تشریف رکھیئے۔ بیگم عابدہ حسین صاحبہ!

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, I would request the honourable member from Sialkot to kindly withdraw his remarks because, as I attempted to say it earlier, public money is public money; that is the trust and the property of the people of Pakistan. Government is Government only in the name of the people of Pakistan and as mere trustee. Mr. Speaker, Sir, it is not charity, it is not concession, it is not donation. It is the right of the elected representatives of the people to be a party to and be controllers of

all moneys that vest in the name of the people of Pakistan and disbursement thereof. I think I would not be transcending the requirement of this House if I would suggest that Ch. Amir Hussain has let himself down and he has, in fact, while attempting to argue against the breach of privilege, committed a breach of privilege against the members of this House himself and I would, therefore, request him to kindly withdraw what he has attempted to state.

Thank you, Mr. Speaker.

جناب سپیکر: جی چوہدری نثار صاحب!

چوہدری نثار علی خان: جناب والا! بحث میرا خیال ہے کافی طویل ہو چکی ہے، کوئی مسئلہ اس وقت میرے سامنے نظر نہیں آتا۔ جہاں تک ٹریژری بینچز کا تعلق ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بحث کسی دن پر بھی آپ مقرر کر دیں، ہم یہ بحث کرانے کیلئے تیار ہیں اگر جیسا کہ آپ نے فرمایا کہ موجودہ پریولج موشن کے تحت شاید یہ ایڈمسبل نہ ہو تو ٹھیک ہے بنیادی مسئلہ تو یہ ہے کہ اس مسئلے پر بحث کرا دی جائے۔ تو پریولج موشن سے ہٹ کر آپ ایک دن مقرر کر دیں اور ہم اپنی منسٹری کی طرف سے بحث رکھوا دیتے ہیں، دو گھنٹے کی جس میں اراکین اپنی آراء کا اظہار کر سکتے ہیں کہ کس طریقے سے اراکین اسمبلی کو زیادہ سے زیادہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ایسوسی ایٹ کیا جائے۔ میرا خیال ہے کہ اس میں مزید بحث کی کوئی ضرورت اور گنجائش بھی نہیں۔

Mr. Speaker: But somebody will have to move an adjournment motion after which it can be considered by this august House whether it wants to discuss the issue. I cannot do it just like that because the rules do not permit it.

Now I think we have had enough discussion on the subject. I will give my ruling or this particular one and, if somebody wants to discuss it in some other way, he can come up in an appropriate manner.

Syed Nusrat Ali Shah Sahib.

Syed Nusrat Ali Shah: Mr. Speaker, respectfully I put it to you that the observations made by one of our honourable colleagues are observations which really do not behave members of the highest

elected body of the country. What is this مہربانی اُوپر سے نوازش عنایت "اُحسان". These are the things of the past, of the British Raj. Please try and draw out of it. It is our right as elected representatives to control the finance and to be involved in the finance of this country and I think it should be made clear once and for all. I am sorry to be saying this but it does not merit any deliberation, leave aside to talk about or to have adjournment motion or to deliberate upon it. These are the laid down principles of any elected body of the country. Thank you, Mr. Speaker.

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ ملک جہانگیر خاں! آپ کا بھی ایک ایسا ہی پروِلج موشن تھا، نمبر ۹۲۔ اگر آپ اس کے بارے میں اسے موو کریں اور کچھ فرمانا چاہیں تو۔

ALLOCATIONS FOR SPECIAL DEVELOPMENT PROGRAMMES IN TRIBAL AREAS

ملک جہانگیر خان: جناب سپیکر! وزیر اعظم پاکستان نے ہم قبائیلی علاقوں کے لوگوں کو باقی ایم این ایز، سینیٹرز کی طرح پچاس پچاس لاکھ روپے دیئے تھے تو وہ ہم نے چار چار دفعہ سکیمیں بھیجیں اور پھر وہاں سے وہ ریجیکٹ ہو کر آئیں۔ کبھی کہتے ہیں کہ یہ کم ہے اس کو زیادہ کرو، کبھی کہتے ہیں کہ زیادہ ہے اس کو کم کرو۔ ابھی تک اسی طرح پھرتے ایک سال گزر گیا ہے تو اب یہ سنا ہے کہ وہ پچاس لاکھ روپے سے اکتیس لاکھ روپیہ بن گیا ہے۔ وہ تو ہمارے ڈسپوزل پر نہیں ہے، افسروں کی ڈسپوزل پر ہے، اور یہ ایڈی پی اور سپیشل ڈیویلپمنٹ پروگرام کے جتنے بھی پیسے آتے ہیں اس میں سے فاٹا میں سو میں سے پانچ روپے خرچ نہیں ہوتے۔ وہ سب آفیسر آپس میں تقسیم کرتے ہیں۔ تو یہ ہے کہ ہمارے وہ پچاس پچاس لاکھ روپے کی جو سکیمیں ہم نے دی ہیں ان میں افسروں کا دخل نہ ہو، وہ منظور ہو جائیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ آنریبل منسٹر فار لوکل گورنمنٹ! اگر آپ کلیریفائی کر دیں۔

جناب انور عزیز چوہدری: جناب والا! یہ فاٹا کا مسئلہ ان کی جو سپیشل ڈیویلپمنٹ گرانٹ ہے اس کو کس طرح ڈیل کیا جائے یہ کافی عرصے سے ایک تکلیف دہ موضوع بن گیا ہے۔ وجہ یہ ہے جناب والا! کہ صوبائی حکومت یہ کہتی ہے کہ فاٹا کے ممبران کے ساتھ جو بھی سکیمیں بنائی جائیں گی وہ بالکل ان کا علیحدہ دائرہ اختیار ہے۔ اور اس میں فیڈرل گورنمنٹ کوئی دخل اندازی نہیں کر سکتی۔ دوسری طرف ہم اور ہمارے ممبران جو فاٹا سے ہیں، سینیٹرز اور ایم این ایز، ہمارا یہ خیال ہے کہ ان

سکیموں کو ممبروں کی مرضی کے مطابق بننا چاہیئے۔

اس سلسلہ میں اس سے پہلے بھی گورنر صاحب کے ساتھ میری بات چیت ہوتی رہی۔ اب نئے گورنر صاحب بھی اس پرانی پالیسی ہی پر عمل درآمد کرانا چاہتے ہیں۔ جب یہ تحریک استحقاق میرے پاس آئی تو ان سے رابطہ قائم کیا گیا۔ میں آپ کے توسط سے فاٹا کے ممبران سے یہ گزارش کروں گا کہ اگلے ہفتہ میں خود پشاور جاکر اس سلسلہ میں تفصیلاً گفتگو کرونگا اور اس کے بعد میں ان کو صحیح جواب دے سکوں گا کہ کیا پوزیشن ہے۔ شکریہ۔

ملک جہانگیر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ ہم فیڈرلی ایڈمنسٹرڈ ٹرائبل ایریاز ہیں، فیڈرل کے ساتھ ہیں اور ادھر صوبائی حکومت اس میں مداخلت کرتی ہے۔ سب افسران بھی صوبائی حکومت کے ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اور یہاں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ ان افسران کا یہ مطلب ہے کہ ہم یہ خود تقسیم کریں اور خود اس کے پیسے ہضم کریں کیونکہ میں نے آپ سے کہا کہ سو روپے میں سے آٹھ آنے ٹرائبل ایریا میں خرچ کرتے ہیں۔ صدر صاحب یا وزیراعظم صاحب کی انسپکشن ٹیم وہاں چلی جائے پچھلے سال کی تمام سکیمیں ہم انہیں دکھائیں گے، تمام ٹرائبل ایریا میں ایک بھی سکیم نہیں ہوئی۔ اگر اسی طرح ہے تو ہمارے ٹرائبل ایریا کے لئے نہ اے ڈی پی میں، نہ سپیشل ڈیویلپمنٹ پروگرام میں اور نہ ہی ۵۰، ۵۰ لاکھ روپے ہم بالکل مانگتے نہیں ہیں ہم خود ترقی کر سکتے ہیں۔ ہمیں یہ پیسے نہیں چاہئیں یہ سب افسر ہم سے کھاتے ہیں۔ ایک ایک پرائمری سکول ۴۰ ہزار روپے میں بیچتے ہیں ایک ایک ٹیوب ویل دو دو لاکھ روپے میں بیچتے ہیں اور تمام سکیمیں وہ لوگوں کو فروخت کرتے ہیں، ہمیں کچھ نہیں ملتا ہے۔ ٹرائبل ایریا نے کوئی ترقی نہیں کی ہے۔ اور اگر اسی طرح ہے تو ہم ٹرائبل ایریا کے لوگ ترقی بالکل نہیں مانگتے۔

جناب سپیکر: ملک صاحب! وزیر صاحب نے پہلے ہی فرمایا ہے کہ وہ اگلے ہفتے ادھر آئیں گے اور وہاں آپ سے اس موضوع پر بات کریں گے۔

ملک جہانگیر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ ہمیں کئی دفعہ بلایا، ہم سے سکیمیں مانگیں، ہم سے مشورہ کیا، لیکن کسی نے اس پر غور نہیں کیا۔ اگر یہ آئیں یا کوئی اور آئے اسکا کچھ نتیجہ نہیں نکلتا۔ نہ ہماری سکیموں کے متعلق ہم سے کوئی پوچھتا ہے۔ اور اگر ہم انہیں سکیمیں لکھ کر دیں اور وہ اچھی سکیمیں ہوں نہ انہیں کوئی منظور کرتا ہے۔ یہ جائیں یا اور کوئی جائے ہمارے سیکرٹس اینڈ فرنٹیئر ریجن کا منسٹر جائے لیکن کوئی افسر کسی کی بات نہیں مانتا۔ ان کے جانے سے کیا فائدہ؟ خواہ مخواہ حکومت کو بھی سفر خرچ وغیرہ کا نقصان ہوگا۔

Ch. Nisar Ali Khan: Point of order. May I respectfully suggest that you give your ruling on this motion. And as far as this privilege motion is concerned, I give my assurance to this House that, as soon as possible, in consultation with you and with the members who have moved this motion, I will bring our motion and, with your permission, we will give them sufficient time to discuss how the members of this Assembly could be associated. I will give a separate motion and, with your permission, we may be in a position to discuss it.

جناب سپیکر: جناب فضل رازق صاحب! کیا وزیر صاحب کی یقین دہانی کے بعد اپنی تحریک کو پریس کرنا چاہتے ہیں؟

جناب فضل رازق: وزیر صاحب کی یقین دہانی کے بعد میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ ملک جہانگیر صاحب! جب تک منسٹر صاحب وہاں ہو کر نہیں آتے آپ کی تحریک پر فیصلہ ڈیفر کر دیتے ہیں۔

ملک جہانگیر خان: یہاں اسمبلی میں کئی اعلانات ہوتے ہیں لیکن اس پر کوئی عمل نہیں کرتا۔ ہمیں پتہ نہیں ہے کہ ہم فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ ہیں یا صوبائی حکومت کے ساتھ ہیں ہم تو ہوائیں پھرتے ہیں۔

جناب سپیکر: آپ تشریف رکھیں۔ آپ نے اپنی بات کہہ دی ہے۔

we will defer this till the Minister has been to N.W.F.P. and comes back.

تحریک استحقاق نمبر ۸۶، میاں زمان صاحب!

Mr. M. P. Bhandara: Point of order, Sir. The honourable Parliamentary Secretary has just given an assurance and in this session we have also received many other assurances.

Mr. Speaker: Mr. Bhandara, you cannot talk about this subject now.

Mr. M. P. Bhandara: Sir, I am not talking about this subject, I am merely suggesting that, in conformity with parliamentary practice, there should be a House Assurances Committee to monitor the assurances given by the honourable Ministers. The Assurances Committee will then follow up those assurances and we will be the least concerned thereafter.

جناب وصی مظہر ندوی: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! گزارش یہ ہے کہ ایک میری استحقاق کی تحریک پیش ہو چکی تھی جو میں نے پڑھ دی تھی اور وزیر داخلہ کی عدم موجودگی کی وجہ سے پیش نہیں ہو سکی تھی۔ مہربانی کر کے اگر آج اسے لے لیں تو وہ اسی تحریک سے متعلق بھی ہے اور بڑی اہم ہے اور شاید آج اجلاس.....

جناب سپیکر: شاید آج تو ہم نہ لے سکیں کیونکہ وقت کا بھی کچھ اندازہ ہوتا ہے۔ اور وہ تقریباً گذر چکا ہے۔ We normally give an hour to privilege motions

جناب وصی مظہر ندوی: وہ partially تو پیش ہو چکی ہے اس لئے اسے مہربانی کر کے پہلے لے لیا جائے۔

ملک محمد اسلم کھیل: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! میری بھی ایک تحریک استحقاق ۶ جولائی کو پیش ہوئی تھی جس کا نمبر ۹۰ ہے۔ اس دن وزیر صاحب موجود نہیں تھے تو آپ نے آج کے لئے فرمایا تھا۔

جناب سپیکر: آج کے لیے تو کوئی نہیں کہا تھا۔ بہرحال چونکہ وہ خود ہو چکا ہے۔ It will be taken up in due course.

میاں زمان صاحب! تحریک استحقاق نمبر ۸۶۔

NEWS ABOUT DEVALUATION OF PAKISTAN'S CURRENCY

میاں محمد زمان: میں حال ہی میں وقوع پذیر خاص نوعیت کے حامل واضح مسئلہ جو کہ اسمبلی کی دخل اندازی کا متقاضی ہے کو زیر بحث لانے کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

مسئلہ یہ ہے کہ روزنامہ "نوائے وقت" ۲ جولائی کی اشاعت کے مطابق حکومت پاکستان روپے کی قیمت میں ۲۵ فیصد تک کمی کا اعلان کرنے والی ہے جس کے نتیجہ میں ڈالر کے مقابلہ میں روپے کی قیمت ۲۰ سے ۲۲ روپے تک ہونے کا امکان ہے۔ اگر ایسا ہوا تو ملک و قوم کے لئے انتہائی تباہ کن ہو گا جس کے نتیجے میں مہنگائی خوفناک حد تک بڑھ جائے گی، ملکی قرضوں کا بوجھ بڑھ جائے گا جس کی وجہ سے ملک کی اقتصادیات مفلوج ہو کر رہ جائیں گی۔ اگر یہ صورتحال پیدا ہوئی تو اس سے ملک کے نو کروڑ عوام بدحالی کا شکار ہوں گے نیز پوری قوم اور ممبران قومی اسمبلی کا استحقاق مجروح ہو گا کیونکہ حکومت ایوان کو اعتماد میں لئے بغیر اتنا بڑا اقدام کرنے کا سوچ رہی ہے۔

جناب سپیکر! مجھے اس بات کا قوی احساس ہے کہ ارباب اقتدار کی جانب سے ٹیکنیکل اعتراض کیا جائے گا اور یہ بھی کہا جائے گا کہ حکومت کے زیر غور کوئی ایسی تجویز نہیں ہے۔ لیکن جناب والا ماضی کے تجربات گواہ ہیں کہ ماضی میں بھی روپے کی قیمت کو کم کرنے کے واضح اعلان کی بجائے ڈالر سے روپے کا تعلق ختم کیا گیا جس کے نتیجے میں ملک میں ۔۔ افضید devaluation ہو گئی جسوقت ڈالر سے روپے کے تعلق کو ختم کیا گیا اسوقت ڈالر اور روپے کا تناسب .....

Mr. M. P. Bhandara: Sir, I draw your attention to rule 80(k):

> "A motion shall not be admissible unless it satisfies the following conditions, namely:–
>
> (k) it shall not deal with a hypothetical case."

Mr. Speaker: It is right. But if you permit a member to finish, then we can deal with the admissibility.

Mr. M. P. Bhandara: All right, Sir.

میاں محمد زمان: تو جناب سپیکر! اس وقت بھی صورتحال یہ ہے کہ اس بجٹ میں جو ناگفتنی اقدامات کئے گئے ہیں ان کے نتیجے میں آئندہ کچھ عرصے میں حکومت کے واضح اعلان کے باوجود مستقبل قریب میں روپے کی قیمت میں مزید کمی ہونے کا زبردست احتمال ہے جس کے نتیجے میں ملک میں زبردست مہنگائی کا طوفان آئے گا اور لوگوں کے لئے زندگی گزارنا بہت مشکل ہو جائے گا۔ اگر حکومت اس فیصلہ میں مخلص ہے کہ وہ روپے کی قیمت میں مزید کمی کا ارادہ نہیں رکھتی تو اسے اس بات کو یقینی بنانا چاہیئے اور ڈالر اور روپے کی قیمت کا تعین کرنا چاہیے تاکہ ملک میں بے یقینی کی کیفیت ختم ہو۔ شکریہ

Mr. Speaker: Honourable Parliamentary Secretary.

Ch. Nisar Ali Khan: Sir, as the honourable member has mentioned himself, most probably, on technical grounds, this particular privilege motion does not stand good. I would also normally oppose on technical grounds and I reserve my right to do that but, at the same time, I would like to assure him and the members of this august House that the Government is not planning any devaluation.

Sardar Aseff Ahmed Ali: Point of order. Sir, this motion

is perfectly in order and it is not speculative. Will the honourable Parliamentary Secretary deny the fact that, on the second day of the Budget speech of the Finance Minister, there was a 6% devaluation of Pakistan's currency, and this was probably done to compensate the exporters because the export rebate had been withdrawn from them? So it is a fact of life they have already done so. How can they say that it is speculative?

Mr. Speaker: Please take your seat. (To Ch. Nisar Ali Khan) Please continue.

Ch. Nisar Ali Khan: Sir, this is not speculative. I would want to know the meaning of the word 'speculative' from the honourable member. The member who has moved this motion has very clearly said, he has made a very assertive statement, that the Government is planning to devalue the rupee to the extent of 25% and I am here to contradict that, Sir, and to say that the Government is not planning to devalue the rupee by 25%. As the honourable is aware, that sort of devaluation cannot take place for the simple reason that presently the exchange rate of the Pakistan rupee is governed in connection with the trade market of the currency and it is liable to go up and down according to the weightage of that currency compared to the Pakistani rupee and according to a host of practices among them, the balance of payment being the strongest.

Sir, there was an adjournment motion to the same account in the last session and I categorically stated in the same way that the Pakistani currency is not going to be devalued. We stick to that and, in the present state of thing, the devaluation . . . . .

Mr. Speaker: Sarder Aseff Ahmed Ali Sahib on a point of order.

Sardar Aseff Ahmed Ali: I don't understand the point of this lenghty speech when it is a fact that the currency of Pakistan....

Mr. Speaker: Please take your seat. Let him finish. The speech is going to get longer if you keep on interrupting. Please take your seat.

Sardar Aseff Ahmed Ali: My point is that when he is denying there is no devaluation and I am putting it to him that there has already been devaluation after the Budget speech, why doesn't he give an answer to that?

Mr. Speaker: I think you let him finish; he might come to that.

Yes, honourable Parliamentary Secretary, please continue.

Ch. Nisar Ali Khan: If the honourable member had the patience and the attention to listen to what I have said, he would not have got up and put his question up again. What I said very clearly, Sir, was that the rate of the Pakistani rupee is liable to go up and down. 'Devaluation' means that the rate of the Pakistani rupee is fixed at a low parity level. Now the position is that the rate of the Pakistani rupee had gone up to 16.92, but just about a week ago it was again revised and it is now 16.71 or .75. So the question is that devaluation, in the classic sense, cannot take place for the simple reason that a different system is at work to determine the value of the Pakistani rupee. It is, as I said, in terms of a trade market of currency and it is liable to go up and down according to the current of the market. So the devaluation in the sense in which the member has come out is not just possible and the Government is not thinking any such devaluation at the present time.

Thank you.

جناب سپیکر: جی میاں زمان صاحب! آپ اس کو پریس کرتے ہیں یا نہیں؟

میاں محمد زمان: جناب سپیکر! میں یہ عرض کروں گا کہ محترم پارلیمانی سیکرٹری صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ حکومت اس موقع پر غور نہیں کر رہی۔ حکومت نے تو ماضی میں بھی رسمی طور پر کرنسی کی قیمت گھٹانے کا اعلان نہیں کیا تھا، لیکن سیاسی شعبدہ بازی سے اور معاشی شعبدہ بازی سے ایسے اقدامات کئے تھے کہ روپے کی قیمت میں سو فیصد کمی ہو گئی۔ اب بھی بجٹ کے اندر کچھ ایسے پوشیدہ اقدامات کئے گئے ہیں۔ اور پھر اس کے بعد ہماری برآمدی پالیسی کا جس انداز سے اعلان ہوا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ روپے کی قیمت میں مزید کمی نوشتہ دیوار بن کر رہ گئی ہے۔ اگر پارلیمانی سیکرٹری صاحب واقعی ہی اپنی بات میں مخلص ہیں اور حکومت دیانتداری سے یہ چاہتی ہے کہ پاکستانی روپے کی قیمت میں

مزید کمی نہ ہو تو اس کا صرف اور صرف ایک طریقہ ہے کہ اس کو پھر سے ڈالر کے ساتھ لنک کیا جائے پاکستانی روپے کی قیمت کا تعین کیا جائے اور اس ملک کے اندر غیر یقینی کی صورت حال ختم کیا جائے۔ میں اس سلسلے میں ان کے خیالات سننا چاہوں گا اور پھر اس کے بعد عرض کروں گا

Mr. Speaker: This is a question which is much wider than can be dealt with under a privilege motion.

میاں محمد زمان: پھر جناب والا! مجھے اپنی موشن کے انجام کا تو پتہ ہی ہے، پھر بہتر ہے آپ رولڈ آؤٹ آف آرڈر کریں، میں اسے پریس ہی نہیں کرتا۔ میں پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ ناٹ پریسڈ۔

(Interruptions)

Mr. Speaker: Please take your seat. You cannot have a large scale debate under the guise of a privilege motion.

Now we take up the adjournment motions.

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: پوائنٹ آف آرڈر۔ محترم سپیکر! میں آپ کا ممنون ہوں، میں صرف دو چار سیکنڈ ہی آپ کے لوں گا، میں ایک بہت اہم مسئلے کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں محترم سپیکر! کل اخبار میں ایک خبر شائع ہوئی کہ مولانا شاہ احمد نورانی کو ملتان ایئرپورٹ کے عملے نے جبہ اور پگڑی اتار کر تلاشی لینے کو کہا۔ میں سمجھتا ہوں یہ عالم دین کی بہت بڑی توہین ہے، اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔ یہ حکومت جو اسلام کی بالادستی چاہتی ہے، اگر علماء کی اس حکومت میں عزت نہیں ہوئی تو پھر میں سمجھتا ہوں نہ وزیر اعظم کی عزت محفوظ ہے نہ صدر کی نہ کسی وزیر کی۔ اس کا سختی سے نوٹس لینا چاہیئے۔

Mr. Speaker: This is not a point of order.

This is no point of order.

آپ نے جو کچھ کہنا تھا کہہ دیا۔

جناب جاوید ہاشمی: پوائنٹ آف آرڈر۔ سر! یہ کل ملتان میں واقع ہوا ہے۔۔۔

Mr. Speaker: This is no point of order. I have already ruled it out. Please take your seat.

جناب جاوید ہاشمی: میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں، آپ مہربانی کریں۔۔۔

Mr. Speaker: This is not a point of order. I am sorry. Please take your seat.

جناب جاوید ہاشمی: آپ مہربانی کریں اس لیئے کہ یہ ملتان سے متعلق ہے اور میرا تعلق بھی ملتان سے ہے۔

جناب سپیکر: میں عرض کرتا ہوں یہ پوائنٹ آف آرڈر ہے ہی نہیں تو آپ اس پر بات کیسے سکتے ہیں؟

جناب جاوید ہاشمی: آپ۔ جیسے شاہ صاحب کو اجازت دی ہے ویسے مجھے بھی دے دیں۔

جناب سپیکر: وہ تو مجھے بعد میں پتہ چلا کہ کیا بات کریں گے تو رولڈ آؤٹ آف آرڈر کر دیا۔

I am sorry, I cannot permit.

ADJOURNMENT MOTIONS

جناب سپیکر: ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۶۶، شیخ رشید احمد! (تشریف فرما نہیں تھے۔) نمبر ۷۱، علامہ عبدالمصطفےٰ الازہری صاحب! (تشریف فرما نہیں تھے۔) جناب محمد عثمان خان نوری صاحب! ان کا بھی ایسا ایک ایڈجرنمنٹ موشن تھا۔ (تشریف فرما نہیں تھے۔) شاہ تراب الحق قادری صاحب!

POWER CRISIS IN KARACHI

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: محترم سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی فوری نوعیت کے اہم مسئلے پر بحث کے لیے روک دی جائے جس کے مطابق کراچی میں بجلی کا شدید بحران پیدا ہو گیا۔ روزنامہ "نوائے وقت" کراچی ۲۴ جون کے مطابق شہر میں بجلی کی فراہمی کی انتہائی خراب صورت حال کے پیش نظر شہریوں میں شدید بے چینی پیدا ہو گئی ہے اور متعدد مقامات پہ ناخوشگوار واقعات بھی پیش آئے۔ بجلی کے بحران کی وجوہ سے مختلف علاقوں میں صنعتیں بند رہیں جس کی وجہ سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ میں عرض کرتا ہوں اس اہم مسئلے کی وجہ سے ایوان کی کارروائی روک کر اس کو زیر بحث لایا جائے۔

جناب سپیکر: آپ مزید کچھ کہنا چاہیں گے؟

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: مزید میں یہ کہنا چاہوں گا جناب والا! جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ شہر کراچی ایک ایسا اہم شہر ہے کہ اسے منی پاکستان یا پاکستان کا دل کہا جاتا ہے۔ یہ اس قسم کی میں سمجھتا ہوں کہ مصنوعی رکاوٹیں ہیں کہ بجلی کا بحران کراچی میں ایک سنگین صورت اختیار کر گیا ہے۔ سارے معاملات درست اور ٹھیک ہونے کی وجہ سے میں نہیں سمجھتا کہ یہ کیا معاملات ہیں جو مصنوعی طور پر بجلی کی قلت پیدا کی جاتی ہے۔ ایک خاص صنعتی علاقہ اس سے متاثر ہوتا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ کراچی ایک ایسا شہر ہے جو فلیٹس کا شہر کہلاتا ہے۔ بجلی اگر چلی جائے تو جتنے فلیٹس ہیں ان میں بجلی کے ذریعے ہی پانی چڑھتا ہے تو پانی کا بھی بحران پیدا ہو جاتا ہے، بجلی کی وجہ سے۔ اس لئے میری گزارش ہے کہ

کراچی کو خصوصی طور پر پرائرٹی دی جائے اور بجلی کا یہ بحران خدا کے لئے کراچی سے ختم کیا جائے اس لئے کہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے فلیٹس میں جتنے لوگ رہتے ہیں وہ تو یوں سمجھ لیں آپ جیسے جہنم کا شکار ہو گئے ہوں۔ کہیں سے ہوا نہیں آتی، چار، چار، چھ چھ منزلہ عمارتیں ہیں، پورا صنعتی علاقہ تباہ و برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں یہ کراچی کا بڑا اہم مسئلہ ہے اس لئے اس کو زیر بحث لایا جائے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر فار واٹر اینڈ پاور!

The Minister for Water and Power [Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian] : Mr. Speaker, Sir, this particular thing occurred on account of the devastating winds, storms and subsequent unusual whether conditions in Karachi. There were several cases of snapping of overhead conductors and faults in the underground cables. This resulted in disruption of supply to a vast area, mainly the residea-tion area. Mr. Speaker, Sir, the distribution system of Karachi is already heavily loaded and it was not possible to transfer the load from one feeder to the other. In this crisis, the Karachi Electric Supply Company had to manage the affair by load-shedding in different areas by rotation so that the disruption was reduced to an extent. The worst affected areas were PECHS, Garden East, KDA-1, Gulbahar and surrounding area, because of the faults that occurred repeatedly in the 11 K.V. line.

Mr. Speaker, Sir, it must be realized that the underground cable is about 30 to 40 years old and Karachi is a most dynamic town. It is spreading at a very high speed and we have not been able to catch up so far with the development of Karachi and also the renovation or upgrading of the electricity system. So far, we have spent about 20 crores of rupees in the last 3-4 years. The total renovation will need about 70–80 crores of rupees. Because of the shortage of funds, this task has not yet been completed. This year we have allocated 15 to 16 crores to carry out the crash programme an for the reinforcement of the distribution system and I hope, at this pace, very soon Karachi will have a reasonably sound distribu-tion system.

It must also be realized, Sir, that Karachi did not have a very proper grid station system. In the last 3-4 years, we have started that and more grid stations will be installed and this will also minimise such crisis in the future.

I must point out, Sir, that the breakdowns were not so severe in the industrial areas. This is because the grid stations are located in that area and, secondly, that the lines are relatively newer. So, under the circumstances, Sir, whatever was possible that was done and the electricity today is fully restored. We hope that the honourable member will realise our problems and will cooperate with us and also not press this particular motion.

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ بیگم قمر انساء قمر صاحبہ! آپ کی بھی ایک ایسی ہی تحریک التوا تھی۔

بیگم قمر انساء قمر: شکریہ، جناب سپیکر! میں اس تحریک کی تائید کرتی ہوں اور ساتھ ہی عرض یہ ہے کہ گزشتہ سال سے کراچی کے بجلی کے مسئلے پر آپ کی توجہ اس ایوان کی وساطت سے دلاتے رہے ہیں لیکن افسوس کہ ڈیڑھ سال گزرنے کے بعد بھی آج تک کراچی کا بجلی کا نظام صحیح نہیں ہوا۔ لہٰذا گزارش یہ ہے کہ اب کراچی کو اس بحران سے نجات دلائی جائے اور وہاں کا بجلی کا نظام درست کیا جائے کیونکہ اس سے نہ صرف شہری دشواریوں میں مبتلا رہتے ہیں بلکہ ہمارا صنعتی نقصان بھی بہت زیادہ ہوتا ہے۔

جناب سپیکر: مولانا تراب الحق! آپ فرمائیں گے کہ منسٹر صاحب کے بیان کے بعد اپنی تحریک کو پریس کرتے ہیں؟

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: محترم سپیکر! شکریہ۔ جیسا کہ وزیر موصوف نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ لائنیں بڑی پرانی ہیں، تقریباً چالیس سال پرانی ہیں، انہوں نے اپنے ارشاداتِ گرامی میں یہ بھی فرمایا ہے کہ انہوں نے ان معاملات کو درست کرنے کے لیے تقریباً پندرہ یا سولہ کروڑ روپے بھی مختص کیے ہیں اور اس سلسلے میں بحران ختم ہونے کا امکان ہے۔ محترم سپیکر! جیسا کہ یہ فرماتے ہیں کہ صنعت کے علاقے میں یہ بحران نہیں رہا، یہ حقائق کے خلاف ہے۔ صنعتی علاقوں میں جو بجلی کا بحران رہا وہ بھی کسی سے ڈھکا چھپا نہیں۔ رہائشی علاقوں کا حال یہ ہے کہ بجلی وافر مقدار میں موجود ہے، یہ نہیں کہ نہیں، لیکن بجلی کا محکمہ بجلی کے چوری ہونے پر ابھی تک قابو نہیں پا سکا۔ کیا وزیر موصوف اس سلسلے میں بھی اقدام فرما رہے ہیں کہ جو بجلی کی چوری ہوتی ہے خواہ وہ کسی علاقے سے ہو، اگر یہ چوری ختم ہو تو کسی حد تک یہ بحران بھی ختم ہو سکتا ہے۔ اور ہمارے وزیر موصوف کی اس یقین دہانی پر کہ پندرہ سولہ کروڑ روپے جو اس کے لیے مختص کیے گئے ہیں، اگر ان تمام پیسوں کے وہاں خرچ کرنے پر بجلی کا بحران ختم ہو سکتا ہے اور یہ ساری شکایت اہل کراچی کی دور ہو سکتی ہے، اگر یہ یقین دلا دیں تو میں اس موشن کو پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: جی بیگم قمر النساء قمر صاحبہ! آپ بھی فرمائیں کہ منسٹر صاحب کے بیان کے بعد آپ اپنی موشن کو پریس کر رہی ہیں؟

بیگم قمر النساء قمر: منسٹر صاحب کے بیان کے بعد ہم پریس تو نہیں کرتے لیکن پھر ایک بار توقع کرتے ہیں کہ گذشتہ ہمارے وزیر محترم نے بھی اسی طرح یقین دہانی کی تھی، امید ہے کہ اب یہ یقین دہانی مؤثر ہوگی۔

Mr. Speaker: Would you like to make a final statement on this?

Lt. Gen. (Retd.) Jamal Said Mian: Sir, I will assure the honourable members that I will not make empty promises. This 15, 16 crores are for this year and, as I said, the total sum required would be to the tune of about 70 to 80 crores. We will make our best efforts to make money available to Karachi to have the system renovated.

At the same time, Sir, I would like to point out that this is not an empty promises that we are trying to minimise the losses in the line. Whether it is through theft or through inefficiency or anything, we have reduced it from 36% to 24%, and last year's reduction is 4% in the line. I think that should be enough indication that the efforts are there.

جناب سپیکر: مولانا تراب الحق صاحب! آپ فرمائیں گے کہ اب آپ اسکو فائنلی پریس کر رہے ہیں کہ نہیں؟

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: جب وزیر موصوف نے یقین دہانی کرادی ہے، موصوف کا تعلق چونکہ فرنٹیئر کے علاقے سے ہے اور پٹھان اپنی بات میں بڑا پکا ہوتا ہے اس اعتبار سے میں اسے پریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: جی شکریہ۔ ناٹ پریسڈ۔ بیگم صاحبہ! آپ بھی فائنلی بتادیں گی کہ پریس کر رہی ہیں کہ نہیں؟

بیگم قمر النساء قمر: میں بھی پریس نہیں کرتی۔

جناب سپیکر: ناٹ پریسڈ۔ شکریہ۔

RULING ON PRIVILEGE MOTION *RE:* NON-INCLUSION OF INDEPENDENT MEMBERS IN ANTI-CORRUPTION COMMITTEES

Mr. Speaker: On 5-6-1986, some questions of privilege were raised and I had reserved my ruling. So, with the permission of the house, I will now give my ruling on that.

Sh. Rashid Ahmad raised a question of privilege on 5-6-1986, alleging therein that only those members of the National Assembly had been included in the recently formed Anti-corruption Committees who had joined the Pakistan Muslim League, and the other members had been deprived of the opportunity to serve on such Committees. According to him, this constituted a breach of privilege of the House. A similar motion was, of course, tabled also by Dr. Muhammad Shafique Chaudhry.

None of the members who participated in the discussion on the admissibility of the motions could pin-point any particular right or privilege available to a member for nomination on any Committee set up by a Provincial Government. One member argued that the Constitution did not allow any discrimination whatsoever and all members are entitled to be treated as equal before the law. He did not, However, cite any particular article of the Constitution to substantiate his contention.

So far as reference to the Constitution is concerned, Articles 25, 26 and 27 speak of equality and discrimination as stated therein. These provisions relate to entitlement to equal protection of law, non-discrimination on the basis of sex and in respect of access to public places and safeguard against discrimination in services. None of these Articles seems to be attracted in the above privilege motion.

Besides, it was held by the Speaker of the National Assembly on 30th May 1966 that no member has any vested right to be nominated on the panel of Chairmen. Similarly, it was ruled by the Chair on 11th December 1968 that the Rules of Procedure do not contain any provision that the members of the Opposition must necessarily be included in the Standing Committees to be constituted from time to time by the House.

Thus no right of the honourable members having been breached, I hold the privilege motions to be out of order.

شیخ رشید احمد: جناب سپیکر صاحب! میں آپکی رولنگ کا مکمل احترام کرتا ہوں لیکن میں نے ایک نکتہ اٹھایا تھا اس کے بارے میں بھی اگر آپ رولنگ فرمادیں۔ کیا صوبائی حکومت سینیٹر کے ممبران کو کسی کمیٹی میں nominate کر سکتے ہیں؟ اسکی قانونی پوزیشن کیا ہے؟

جناب سپیکر: اگر صوبائی حکومت کوئی کمیٹی بناتی ہے اور اس میں as a policy matter کسی کو شامل کرنا چاہتی ہے there is certainly no bar on them.

جناب حمزہ صاحب!

جناب حمزہ: جناب سپیکر! آپ نے جس دور کا حوالہ دیا ہے آج کل اسے عوامی مارشل لاء کا دور کہتے ہیں۔ ان ایام میں آپکو بھی یاد ہوگا کہ اس دور میں ایوان سے اپوزیشن کے ارکان اٹھا کر باہر پھینکا جاتا تھا۔ میں سمجھتا ہوں ....

جناب سپیکر: میں نے اس دور کا حوالہ نہیں دیا۔ This was 1966 and 1968.

جناب حمزہ: اس دور میں بھی ایمرجنسی تھی، اس دور میں بھی انتخابات عوامی نہیں ہوئے تھے، عام لوگوں کے ذریعے نہیں ہوئے تھے۔ کم از کم اس دور میں ہم عام لوگوں کے ووٹوں سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ میں آپ سے یہ عرض کروں گا کہ آج ہم نے جو بجٹ پاس کیا ہے اس کے بعد ہمیں ایک اور اجلاس بلوانا چاہیئے جو مسلم لیگ کے حامیوں سے روپیہ اکھٹا کر کے منعقد کیا جائے اور لوگوں پر خرچ کیا جائے۔ روپیہ قوم کا ہے، مسلم لیگ کو ناجائز طور پر مسلط نہ کیا جائے۔

جناب سپیکر: یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے۔ یہ آپکو بھی پتہ ہے اور مجھے بھی پتہ ہے کہ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا۔

جناب حمزہ: میں آپکی اس بات سے اختلاف کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: ایک اور تحریک استحقاق نمبر ۸۷ تھی جسکی رولنگ میں نے ریزرو رکھی تھی۔ جناب حمزہ نے یہ تحریک استحقاق مود کی تھی۔ about a statement made by an MPA at Karachi. اس کے بارے میں بھی I would like to give ruling now.

RULING ON PRIVILEGE MOTION *RE:* STATEMENT OF MPA SIND ALLEGING ALLOTMENT OF PLOTS IN KARACHI TO MEMBERS AS BRIBE

The point of contention raised in the privilege motion No. 78 moved by Mr. Hamza on 30th of June, 1986, was that the statement of Dr. Muhammad Ather Qureshi, as published in the Daily 'Jasarat' dated 27-6-1986, contained a grave charge that Ministers and members of the National Assembly and Provincial Assemblies were being allotted plots in Karachi as a political bribe. According to the honourable member, the news has created the impression that all the members of the National Assembly, without exception, are involved in the alleged political bribe, and thus it has a damaging effect on the reputation of the members as a whole.

All the members who took part in the discussion on the admissibility of the motion, particularly those belonging to Karachi, were unanimous in expressing the view that the statement of Dr. Muhammad Ather Qureshi had cast serious aspersions on the integrity of all the members and undermined the confidence reposed by the public in their elected representatives.

It is by now an established position in Parliaments that speeches and writings reflecting on the House or its Committees or members are treated as a contempt on the principle that such acts may tend to obstruct the Houses or members in the performance of their functions by diminishing the respect due to them. Thus a libel on a member of Parliament may amount to a breach of privilege without being a libel under the civil or criminal law. Further, reflections upon a **member or** members, when particular individuals have not been named or otherwise specified, are equivalent to reflections on the House and treated as a contempt of the House.

Judged by the above standard, I feel that the statement of Dr. Muhammad Ather Qureshi involving all the members of the National Assembly in the reckless charge of political bribe has atendency to diminish the respect due to them. I, therefore, hold the motion moved by Mr. Hamza to be *prima facie* in order.

However, Dr. Muhammad Ather Qureshi is a member of the Provincial Assembly of Sind. Therefore, in keeping with the parliamentary conventions, the matter will not be considered by the Privilege Committee of this Assembly. It will, instead, be referred to the Speaker of the Sind Assembly for being dealt with as if it were a matter involving a breach of privilege of that Assembly.

I thank you.

Now we take up the business of the day.

RE: DISCUSSION ON ADJOURNMENT MOTION HELD IN ORDER

جناب حمزہ : جناب سپیکر! آپ کو یاد ہوگا چند دن پہلے میں نے ایک تحریک التواء منشیات کے متعلق اس ایوان میں پیش کی تھی اور حکومت نے اسکے بارے میں یہ کہا تھا کہ ہم اس پر اعتراض نہیں کرتے اور اسکو باضابطہ قرار دیا گیا تھا۔ مجھے ایسے محسوس ہوتا ہے کہ آج اس اسمبلی کا آخری اجلاس ہوگا اور اسمبلی اسکے بعد پروروگ کر دی جائیگی۔ میری آپ سے یہ درخواست ہے کہ آج .....

Mr. Speaker: We have received no intimation about prorogation.

اگر ہو بھی جائے، جو چیز ایڈمٹ ہو چکی ہے اسکے لئے تو وقت دیا جائیگا۔

جناب حمزہ : جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ تحاریک التواء میں ان امور پر بحث کی جاتی ہے جو فوری اور قومی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ اگر آج اجلاس ملتوی کر دیا جائے اور دو ماہ بعد اجلاس بلایا جائے میں سمجھتا ہوں کہ اس مسئلے کی افادیت اور اہمیت ختم ہو جائیگی۔ میں آپ سے التجا کرتا ہوں تحریک التواء کو آئندہ اجلاس تک ملتوی نہ کیا جائے اگر اجلاس آج ختم ہونا ہو تو اس پر آج ہی بحث کی جائے۔

جناب سپیکر! میں نے عرض کیا ہے کہ ہمیں آج کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی کہ جس سے یہ ظاہر ہو کہ اجلاس کا آج آخری دن ہے۔ اور اگر ہو بھی We cannot fix the discussion today تو پھر تو آئندہ اجلاس پر جانا پڑے گا، ملک محمد اسلم کھیل!

RE: ADJOURNMENT MOTIONS GIVEN NOTICE OF BY A MEMBER

ملک محمد اسلم کھیلا : جناب سپیکر! میری گذارش تحاریک التوا کے سلسلے میں ہے۔ میں نے آپ کے سیکرٹری کے دفتر میں جا کر گذارش کی تھی کہ وہ مجھے فہرست فراہم کریں کہ ہر ممبر کی طرف سے کتنی کتنی تحاریک التوا داخل ہوئی ہیں تاکہ پتہ چل سکے کہ آپ کس تناسب سے ہمیں اجازت فرما رہے ہیں۔ میری کم از کم ۷۰ کے قریب تحاریک التوا تھیں جو نہایت اہم ترین تھیں، جو ملکی اور عوامی مسائل کے سلسلے میں تھیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ میری بہت حق تلفی ہوئی ہے کہ پورے سیشن میں صرف میری ۴ تحاریک التوا آئی ہیں جبکہ میں نے ۷۰ داخل کی تھیں۔ یہاں پر جنہوں نے ۷ داخل کی ہیں ان کی میرے خیال میں چھ چھ آگئی ہیں۔ اس سلسلے میں آپ سے استدعا ہے اگر لسٹ دیکھکر اس پر غور کیا جائے کہ ایک آدمی قومی نوعیت کے اہم ترین جو مسائل ہیں ان کی نشاندہی کرے اسکے ساتھ بھی وہی سلوک ہو، اور جو آدمی دو یا چار تحاریک التوا دے اس کے ساتھ بھی وہی سلوک ہو۔ اس پر آپ ضرور نظر ثانی کریں۔

جناب سپیکر : اس میں یہ گذارش ہے کہ اس ایوان نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ ایک دن میں ایک فاضل رکن کی ایک تحریک التوا آئیگی۔ ایک تو یہ بات تھی۔ اور تحاریک التوا کے لئے آدھ گھنٹہ ہوتا ہے اس میں آپ یقین کیجئے کہ اس سے زیادہ ہم تحاریک التوا کو ٹیک اپ نہیں کر سکتے۔ میں نے اسکی وضاحت کر دی ہے۔

ملک محمد اسلم کھیلا : جناب سپیکر! میری بات تو سن لیں، ہو سکتا ہے میری بات اتنی ضروری ہو جو آپکو اپیل کر جائے۔ یہ تو نہیں کہ میری بات ایسی ہو جو آپ کو اپیل نہ کریگی کم از کم آپکو مجھے سننا تو چاہیئے۔ یہ آپ کا فرض ہے۔

جناب سپیکر : میں آپکو سن چکا ہوں۔

ملک محمد اسلم کھیلا : جناب! سننے میں کوئی حرج ہے؟ آپ سننے کے لئے بیٹھے ہیں، ہم سنانے کے لئے بیٹھے ہیں۔ ہم اس ایوان میں کیوں آئے ہیں؟

جناب سپیکر : جی فرمائیے۔

ملک محمد اسلم کھیلا : عالیجاہ! جو آپ یہ پالیسی بنا رہے ہیں کہ ہر آدمی کی ایک ایک تحریک التوا آئے، اسکی بجائے آپ یہ آرڈر کریں کہ ہر آدمی روزانہ ایک تحریک التوا دے سکتا ہے۔ یہ کہاں کی پالیسی ہے کہ ایک آدمی روزانہ بیس دے اور ایک آدمی صرف دو دے تو اس کے ساتھ بھی وہی سلوک ہو آپ یہ حکم دیں کہ وہ ایک یا دو ہونی چاہئیں تاکہ اس کے مطابق سب کے ساتھ برابر کا سلوک ہو۔ یہ

بڑی عجیب بات ہے کہ میں رات کو دو بجے تک جاگ کر چار چار کاپیاں تیار کرتا ہوں، تمام اخبارات کے میں کالم پڑھتا ہوں، میں اتنی محنت کیوں کرتا ہوں؟ میں صرف قوم کے لئے محنت کرتا ہوں اور ملک کے لئے کرتا ہوں۔ میں نے تحریک التوا اپنی ذات کے لئے نہیں پیش کیں۔

جناب سپیکر: یہ فیصلہ میں نے نہیں کیا ہے اور نہ ہی سپیکر صاحب نے کیا ہے یہ فیصلہ ایوان کی مرضی کے مطابق ہوا تھا۔ اسکو ایوان ہی تبدیل کریگا، میں تو نہیں کرونگا۔ آپ تشریف رکھیں

Now we will proceed with the business of the day.

MESSAGE FROM THE SENATE SECRETARIAT

Mr. Speaker: A message has now been received from the Senate.

The Senate Secretariat has, under rule 100 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, sent the message that the Constitution (Ninth Amendment) Bill, 1986, has been passed by the Senate on 8th July, 1986. A copy of the Bill, as passed by the Senate, has also been received.

Honourable Minister for Justice and Parliamentary Affairs.

وزیر عدل و پارلیمانی امور (جناب اقبال احمد خان): شکریہ، جناب سپیکر۔

Mr. Speaker, Sir, with your kind permission, I introduce a Bill . . . . .

جناب سپیکر: جی حاجی سیف اللہ خان پوائنٹ آف آرڈر پر ہیں۔

جناب محمد سیف اللہ خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! قاعدہ ۵۴ کے تابع منگل کا روز غیر سرکاری دن ہوتا ہے۔ اور اگر اس دن چھٹی ہو تو دوسرے دن غیر سرکاری دن ہوگا۔ اور اگر منگل کا روز کبھی بجٹ کیلئے مختص کر دیا جائے تو پھر سپیکر صاحب کوئی دوسرا روز اس کے متبادل دیں گے۔ کل منگل کا روز تھا۔ مگر غیر سرکاری دن نہیں رکھا گیا باوجود اس امر کے ہمارے پاس بزنس آف دی ڈے بھی آیا اور اس دن کے کوسچن بھی ہمارے پاس آئے مگر اجلاس منعقد نہیں ہوا۔ اصولی طور پر جب غیر سرکاری دن کسی بھی صورت میں نہ منعقد ہو تو پھر دوسرا دن غیر سرکاری دن ہوا کرتا ہے۔ آج کا دن غیر سرکاری دن کی بزنس کیلئے ایڈاپ

ہونا چاہیئے۔ اور اگر سرکاری بزنس لانا ہے تو پہلے اس کے لئے پھر ایوان کی رائے لینی چاہیئے اور اس کیلئے موشن آنی چاہیئے تب یہ دن سرکاری دن کیلئے مختص ہوگا۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ قواعد میں اس قسم کی کوئی صراحت نہیں ہے کہ اگر اس دن جناب سپیکر ایڈجرن کردیں ہاؤس، اس سے ایک روز پہلے سوموار اور بدھ کے دن مقرر کردیں جس طرح اس دن ہوا، تو پھر غیر سرکاری دن کا کیا ہوگا۔ Rules are very much silent on it. مگر جہاں تک نان آفیشل ڈے کی اہمیت کا تعلق ہے وہ قواعد سے صریحاً واضح ہے۔ اور اگر اس کو اس لئے ایڈجرن کیا گیا ہے کہ غیر سرکاری دن آئے ہی نہ تو میرے نزدیک misuse of power کے مترادف ہے۔ میں آپ کی رولنگ چاہوں گا کہ ایسی صورت حال میں کیا لائحہ عمل ہوگا؟ اور اگر اس قسم کی چیزیں روا رکھی گئیں تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ یہ کلیتاً سپیکر کی صوابدید پر آجائیگا کہ وہ چاہے تو سارے اجلاس میں ہی غیر سرکاری دن نہ آنے دے آج چونکہ غیر سرکاری دن ہونا چاہیئے تھا اور غیر سرکاری دن کا بزنس ہے، اس میں میں آپ کی واضح رولنگ اور واضح لائحہ عمل چاہوں گا۔

جناب اقبال احمد خان: جناب سپیکر! معزز رکن نے جو حوالہ دیا ہے، رول 31 اسکوڈیل کرتا ہے، آپ کی اجازت سے اس کو پڑھتا ہوں۔

> "On Tuesdays private members' business shall have precedence, and on all other days no business other than Government business shall be transacted except with the consent of the Leader of the House:
>
> Provided that, if any Tuesday is a holiday, private members' business shall have precedence on the next working day:"

اب جناب! کل ہاؤس لیڈر نہیں تھا بلکہ پارلیمنٹ کا اجلاس تھا جس کیلئے اس ایوان کی سیٹوں کی arrangement کرنی تھی اس وجہ سے کل صبح نیشنل اسمبلی کا اجلاس نہیں بلایا گیا۔ اور کل کوئی جمعہ کا دن نہیں تھا جس کیلئے next day پر سیڈنس دینی ہو۔

بہر حال جہاں تک پرائیویٹ ممبرز ڈے کا تعلق ہے، آپ نے اس کا پہلے بھی فیصلہ کیا تھا کہ جو بجٹ کے دوران میں پرائیویٹ ممبرز ڈے consume ہوئے تھے like of that آپ نے dispense with تین دن پرائیویٹ ممبرز ڈے کیلئے الاٹ کئے اور اس سے ممبران نے

اپنے حق کو استعمال کیا۔

ہمارا کوئی ارادہ پرائیویٹ ممبرز ڈے کو dispense with کرنے کا کبھی نہیں ہوتا اگر مجبوری ہو تو پہلے سے اس کی گذارش کر دی جاتی ہے اور اس کی جگہ دوسرا دن الاٹ کر دیا جاتا ہے۔ لیکن چونکہ کل چھٹی نہیں تھی اور نارمل جو پروگرام ہے ہمارا، اس کے مطابق آج کا دن اور ریجنل پروگرام کے مطابق گورنمنٹ بزنس کیلئے منظور شدہ ہے اس لئے یہ گورنمنٹ بزنس ہوگا اور اس لئے کسی پرائیویٹ ممبرز ڈے کو dispense with کرنے کی موشن کی ضرورت نہیں۔ وہ اس صورت میں ہو سکتا ہے کہ مثال کے طور پر کوئی چھٹی آجائے، عید کا دن ہو، کوئی اور پبلک چھٹی آجائے، تو اس صورت میں next day ضرور ہوتا ہے۔ لیکن کل ایسی صورت نہیں تھی۔ تو اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ محترم رکن کا نقطۂ اعتراض مناسب نہیں ہے اور آج کسی dispense with کرنے کی موشن کی ضرورت نہیں ہے، اور میں یہ عرض کروں گا کہ جو طے شدہ پروگرام ہے اس کے مطابق آج گورنمنٹ بزنس ڈے ہے اور اس طریقے سے اس کو چلایا جائے۔

جناب سپیکر: سیدہ عابدہ حسین صاحبہ!

سیدہ عابدہ حسین: جناب سپیکر! جیسا کہ آپ نے خود غور فرمایا ہوگا، جو last پرائیویٹ ممبرز ڈے اکٹھے تین دن مختص کیے گئے ان دنوں کے دوران چونکہ اکٹھا آگیا تو جو ہاؤس کی ڈسپوزل کی رفتار تھی وہ بہت سست رہی۔ پرائیویٹ ممبرز ڈے ہفتے میں ایک دن رکھنے کی جو صوابدید ہے واضح ہے کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ جب ایک ہفتے کی سٹنگ میں ایک دن آتا ہے تو اس دن میں پرائیویٹ ممبر تمام اپنی قرار دادیں، اپنے موشن اور جو بل ہیں ان کو pursue کرتے ہیں۔ لیکن جب ان کو lump together کر دیا جاتا ہے تو پھر کارکردگی کی رفتار اس سے غلط طور پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس لیے یہ جو رجحان ہے کہ گورنمنٹ اپنی convenience پر پرائیویٹ ڈے کو آگے پیچھے کر دے، میں سمجھتی ہوں کہ اس رجحان کے باعث اس ہاؤس کے اراکین کی کارکردگی پر غیر صحت مند اثر ہوتا ہے۔ اس لیے میں جناب وزیر قانون سے گذارش کروں گی کہ اس رجحان کو ختم کیا جائے اور جو Tuesdays رولز کے مطابق مختص ہیں پرائیویٹ ممبرز کی کارروائی کیلئے ان کو اپلائی کیا جائے اور Tuesday to Tuesday پرائیویٹ ممبرز ڈے honour کیے جائیں۔ اگر کسی وجہ

سے، جیسا کہ کل کے بارے میں وزیر موصوف نے بیان فرمایا ہے، اگر گورنمنٹ کو اس قسم کی مجبوری ہو تو پھر next working day لاجیکل ہے جناب سپیکر! کہ پرائیویٹ ممبرز ڈے ٹریٹ کیا جائے، نہیں تو اس کے ساتھ، جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ جو پرائیویٹ ممبرز ڈے کی کارکردگی ہے اس پر جناب سپیکر! پھر غلط اثر ہوتا ہے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ شیخ رشید احمد صاحب! آپ اسی کے بارے میں کچھ کہنا چاہیں گے؟

شیخ رشید احمد: جی ہاں۔

جناب والا! میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بہت عرصے سے موجودہ حکومت پرائیویٹ ممبرز ڈے سے اس طرح کا سلوک کر رہی ہے۔ اگر آپ پرائیویٹ ممبرز ڈے کا پورا پروسیجر دیکھیں تو کوئی نہ کوئی بہانہ کر کے حکومت اسے التوا کی نذر کر دیتی ہے۔ یا اس کو منسوخ کر دیتی ہے یا اس کو التوا کا شکار کرتی ہے۔ اور کل کا دن یہ کہنا کہ جناب! چھٹی نہیں تھی، میں سمجھتا ہوں کہ ویسے تو آپ وزیر قانون صاحب! بڑے عالم فاضل ہیں، اور اگر یہ سمجھتے ہیں کہ کل کا دن چھٹی نہیں تھی اور یہ ایوان جاری تھا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی بڑی ناانصافی ہے۔ آج کا دن پرائیویٹ ممبرز ڈے کے طور پر consider کیا جائے اور تمام جو آرڈر آف دی ڈے ہے اس کی بجائے پرائیویٹ بل کو لیا جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب وزیر عدل و انصاف! آپ کچھ کہنا چاہ رہے تھے۔

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! معزز رکن محترمہ عابدہ حسین صاحبہ نے جو ارشاد فرمایا ہے، میں آپ کی وساطت سے ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ ہمیشہ یہ طریقہ رہا ہے کہ بجٹ کے دوران میں جب پرائیویٹ ممبرز دن آئے تو اس کو ڈلیفر کر دیا جاتا ہے کس دوسری تاریخ پر، اور یہ بھی واضح دیا ہوا ہے رول ۳۱ کے second proviso میں۔ اس کے مطابق جتنے دن consume ہوئے وہ آپ نے alternate days کے طور پر دے دیئے۔ جہاں تک ان کو اکٹھا کرنے کا تعلق ہے، تین دن تھے اس لئے جب بھی تین دنوں کو آپ کریں گے کو اکٹھے ہی ہونگے۔

جہاں تک اس بات کا خیال فرمایا گیا ہے کہ ہم پرائیویٹ ممبرز ڈے کو آگے پیچھے کرتے ہیں، یہ درست نہیں ہے۔ آپ ریکارڈ ملاحظہ فرما سکتے ہیں کہ جب بھی کبھی کوئی پرائیویٹ ممبرز ڈے کا کس

مجبوری سے dispense with کرنے کا وقت آیا، یہ پوری سوا سال کی تاریخ ہے اس کے alternate دوسرا دن دیا گیا۔ اس لیئے یہ کہنا درست نہیں ہے کہ ہم اس دن کو utilize نہیں کرتے۔

میں صرف یہ عرض کرونگا کہ کل چھٹی کے حوالے سے میں نے یہ گذارش کی ہے کہ کل پارلیمنٹ کا اجلاس تھا اسلئے اسکو چھٹی تصور نہیں کیا جا سکتا، اور میں اس سلسلہ میں آپ سے یہ عرض کرونگا کہ آپ آئین کے آرٹیکل ۵۴ کی Explanation ملاحظہ فرمائیں، اسمیں درج ہے کہ۔

". . . . "working days" includes any day on which there is a joint sitting and any period, not exceeding two days, . . . "

جائنٹ سٹنگ بھی ورکنگ ڈے تصور ہوتا ہے، اور کل چونکہ ہمارا اوریجنل پروگرام کے بعد جائنٹ سٹنگ convene ہوئی اور اسکے لیئے کل کی تاریخ مقرر تھی تو اسلئے کل کو ورکنگ ڈے تصور کیا جائیگا، اسکو چھٹی تصور نہیں کیا جائیگا اسلئے میں نے عرض کی تھی کہ اسکے alternate اگلا دن نہیں دیا جا سکتا۔ لیکن جب کبھی دوبارہ موقع ملا، مجھے اعتراض نہیں ہوگا اگر ایک دن چاہیں گے تو ہم دوبارہ کسی next موقع پر انکی خواہش کے مطابق وہ ان کو دینے کو تیار ہیں۔ لیکن اگر یہ کہا جائے کہ آج ہونا ضروری ہے تو میں یہ عرض کرونگا کہ یہ درست نہیں ہے۔ یہ قواعد کے مطابق ہے اور نہ ہی آئین کے مطابق ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جناب حاجی سیف اللہ خان صاحب!

<u>حاجی محمد سیف اللہ خان</u>: جناب والا! جہاں تک "ورکنگ ڈے" کی version کا تعلق ہے اسکا اس سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ وہ تو ۱۶۰ دن count کرنے کیلئے constitutional provision ہے کہ ۱۶۰ میں وہ جائنٹ سٹنگ بھی شمار ہوگی۔ اسکا تعلق تو اس چیز سے ہے۔ اسکا تعلق نہ چھٹی سے ہے اور نہ غیر چھٹی سے ہے۔ یہاں پر دو سوال پیدا ہوئے ہیں۔ ایک تو جناب والا سے تعلق ہے کہ آیا جناب سپیکر ہی منگل کے دن کو avoid کر دیتے ہیں اور ہاؤس کو ایڈجرن کرتے وقت بلاوجہ کہہ دیتے ہیں کہ جس طرح آپ نے کیا۔ آپ سے مراد ہے اس چیز نے کہ سوموار کے دن کہا گیا کہ:۔

"The House is adjourned to meet again on Wednesday at so and so"

منگل کا دن گول ہوگیا۔ اصولی طور پر جس مقصد کیلئے آپ نے کیا اسکا علم آپکو ہے۔ House is totally ignorant

کہ جائنٹ سٹینگ کے انتظامات طے کرنے کیلئے کیا گیا ہے۔

So for this House it is to be treated as a holiday.

ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ اب یہ آپکا فرض بنتا ہے کہ چونکہ آپ نے ایک دن پرائیویٹ کا مس کیا ہے تو آپکو ہی آج کا دن نان اوفیشل رکھنا ہے، یا پھر آپ نے متعین کرنا ہے کہ اسکے بدلے میں فلاں دن نان اوفیشل ڈے ہوگا کیونکہ یہ دن آپکے کھاتے میں جاتا ہے اور اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ آپکی طرف سے کوئی وضاحت نہیں آئی لہذا منگل کے دن جب نان اوفیشل ڈے نہیں ہوا تو اس theme کے مطابق جو کہ رول ۴۴ میں ہے آجکا دن نان اوفیشل تصور ہوگا۔ اس سلسلہ میں فیصلہ آپ نے کرنا ہے۔

جناب سپیکر: جی حاجی صاحب! آپکا شکر گزار ہوں کہ آپ یہ میرے نوٹس میں لائے۔ میں اس معاملہ کو اچھی طرح سٹڈی کر کے پھر آپکی خدمت میں عرض کرونگا۔

Mr. Bhandara, are you on a point of order?

Mr. M. P. Bhandara: Point of order. Sir, the constitutional position is . . .

Mr. Speaker: Mr. Bhandara, I have already said I am going to study this issue in depth.

Mr. M. P. Bhandara: My point is slightly different.

Mr. Speaker: Are you sure it does constitute a point of order?

Mr. M. P. Bhandara: I think so, Sir.

Mr. Speaker: Please continue then.

Mr. M. P. Bhandara: Sir, the Majlis-e-Shoora yesterday was summoned, under Article 54(1), by the President of Pakistan. However, in the Orders of the Day—and I shall read out the Orders of the day—it says:

> "for the meeting of the first session of both Houses assembled together under Article 56(3) of the Constitution of Pakistan to be held on Tuesday, the 8th July, 1986, at 6.00 p.m."

Sir, we met yesterday or we were supposed to meet yesterday under Article 56(3). But, as far as I can make out, . . .

Mr. Speaker: Will you please let me know how this comes to be a point of order?

Mr. M. P. Bhandara: It is a point of order, Sir, because the meeting of the Majlis-e-Shoora yesterday could not have taken place under Article 56(3) in any case.

Mr. Speaker: That should have been brought to the notice of the Presiding Officer at that point of time.

Mr. M. P. Bhandara: Sir, we can only bring it to the notice of this Assembly at the constituted time.

Mr. Speaker: This Assembly cannot take notice of it. I am afraid, it should have been brought to the notice of the Presiding Officer during the session of Majlis-e-Shoora (Parliament).

Mr. M. P. Bhandara: Sir, I think, it can also be brought up in our Assembly because, if yesterday's meeting was not a properly constituted meeting, . . .

Mr. Speaker: The National Assembly, as such, cannot debate the matters which pertain to the Parliament.

Mr. M. P. Bhandara: All right, Sir.

Mr. Speaker: Honourable Minister for Justice.

THE LEGAL PRACTITIONER AND BAR COUNCILS (AMENDMENT) BILL, 1986

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, I introduce a Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 [The Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Bill, 1986].

Mr. Speaker: The Bill has been introduced.

THE MEMBERS OF THE NATIONAL ASSEMBLY (EXEMPTION FROM PREVENTIVE DETENTION AND PERSONAL APPEARANCE) (AMENDMENT) BILL, 1986

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, I beg to introduce a Bill further to amend the Members of the National Assembly (Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance) Ordinance, 1963 [The Members of the National Assembly (Exemption from Preventive Detention and Personal Appearance) (Amendment) Bill, 1986].

Mr. Speaker: The Bill has been introduced.

THE HOUSES OF PARLIAMENT AND PROVINCIAL ASSEMBLIES (ELECTIONS) (AMENDMENT) BILL, 1986

Mr. Speaker: We now continue with the discussion. The discussion, I have been informed, had been completed on the amendment moved by Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Sher Afgan Khan Niazi, Dr. Muhammad Shafique and Sardar Aseff Ahmed Ali. Dr. Sher Afgan on a point of order.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! جب ڈسکشن جاری تھی اور وہاں کورم کیلئے پوائنٹ آؤٹ کیا گیا اور سپیکر صاحب نے یہ ایڈمٹ کیا کہ کورم نہیں ہے، جب انہوں نے مان لیا تو اسکے بعد during that he said that I close the discussion. جو کہ رولنگ نہیں تھی اور وہ ineffective تھی۔ آپ ریکارڈ دیکھ لیں۔

Mr. Speaker: I have been informed that on this motion about 9 or 10 speakers . . . .

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں، سر! ابھی تو ۳ اے نریبل ممبرز رہتے ہیں جنہوں نے participate کرنا ہے۔

Mr. Speaker: That is up to the Speaker. If he considers that sufficient number of people have spoken on any subject—and there were plenty of people who were called on that particular day and they were absent—Begum Abida Hussain Sahiba.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, you will appreciate that this was day before yesterday when some of the members of the Assembly, including myself, could not enter the Assembly

because of the demonstration of Ulema that was going on outside and, in fact, I arrived well in time to be called up but I could not get into the precincts of the Assembly for a substantial length of time. Now, when a situation prevails when members are physically not able to enter the House and their names are called in their absence, I am sure, you will appreciate that they will perhaps then like to make their comments when they are able to enter the House and when the business at hand is under discussion. Mr. Speaker, Sir, since my name was called out and I found myself in a situation of being physically prevented from entering the precincts of the Assembly, I would request for an opportunity to make my submissions now.

Mr. Speaker: Begum Sahiba, I myself came to the Assembly on that particular day at 9.30 a.m. and there was no demonstration of Ulema at that point in time. However, we do appreciate the difficulties which you must have gone through. But, unfortunately, we cannot provide these facilities to all honourable members who take this plea but, in your case, we will permit you to say a few words.

(Interruptions)

Mr. Speaker: Discretion of the Speaker. He may allow as many speakers as he considers fit to speak on any particular motion or amendment. Yes, Begum Sahiba, if you would like to say a few words.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, before this House decides on this particular piece of legislation, I think that it would not be incorrect to say that it is in the interest perhaps of every honourable member of this august House to propose this piece of legislation, before it is undertaken and voted upon, to be sent for eliciting public opinion. Mr. Speaker, Sir, my honourable colleagues would agree that those of us that sit in this House—and we all are sitting in that capacity as the repositories of the mandate of the people—must always be the part of the people and must, therefore, always uphold the desire and the intention of going back to the people as and when situation arises in which public opinion ought to be invoked. And I am sure you will agree, Mr. Speaker, that on as sensitive an issue as the retention of the Prime Minister

through a piece of legislation, the public has every right, Mr. Speaker, to proffer opinion. And then, Mr. Speaker, as we saw and this Ordinance was promulgated, there was barely a judicial expert that did not comment on the Ordinance itself. Former senior judges, former office-bearers of the highest level of legal associations in the country opined through the media, through the press in particular, regarding the validity of this Ordinance. When, Mr. Speaker, the National Assembly of Pakistan is attempting to convert this Ordinance into law, it would be entirely desirable that not only law makers, not only those who understand the law, who adjudicate upon it, who give opinion upon it, but all citizens of Pakistan that concern themselves with legislation should be allowed an opportunity to proffer their opinion.

Mr. Speaker, Sir, we sit here in not only what is the highest forum in the land but we must also recall that we sit in a forum which is the most important institution of the country. And, keeping in view the fact that we flow from a parliamentary tradition where parliaments have tended not to survive because parliaments have tended not to uphold all the rules of the game. Mr. Speaker, Sir, if the parliament seeks to survive, if this parliament seeks, as we were told rather in the manner of a bunch of school children yesterday that this parliament shall continue until 1990, Mr. Speaker, Sir, with respect, I would submit that it is not for any one individual, regardless of his or her station, regardless of the position that they may held to dictate to the people until and uptill when this parliament shall survive, because it is up to the people of Pakistan to maintain this parliament, and the people of Pakistan, Mr. Speaker, Sir, would only maintain this institution if this institution continues to involve them, if this institution continues to bow its will to the will of the people.

Mr. Speaker, Sir, here is an excellent opportunity if we seek to say that this parliament should sit till 1990. Mr. Speaker, Sir, instead of relying on the dictate of one individual who is after all, Mr. Speaker, a mortal, who is, after all, Mr. Speaker, accountable, who is, after all, Mr. Speaker, not above the law himself, then let use this opportunity, let this parliament use this opportunity by subjugating itself to the will of the people to attempt to retain itself as an extension of the popular will.

Mr. Speaker, Sir, as you know, there has been much talk of referendum. There have been all sorts of referendum, sketchy, controversial or otherwise. You will agree, Mr. Speaker, that if we wish to institutionalise the one way of making referendum which is genuine, whose veracity, whose legality, whose claim and contention cannot be disputed, is to go to the people institutionally, and here is an opportunity whereby, through this institution, public opinion is to be elicited on an issue, Mr. Speaker, which involves no less than the Constitution of Pakistan.

Mr. Speaker, Sir, in the Constitution of Pakistan, it says very clearly, it lays down very clearly that the Prime Minister, while he is taking oath, in that capacity he makes it clear that he seeks to conduct himself in a manner in which he will not place in any way his personal interest above is the interest of the people of the country. And, Mr. Speaker, Sir, I am sure you will agree that in a situation where the legality of the membership of the Prime Minister is questioned, let us look here and there in order to learn, not to feel perplexed about learning from others. Let us examine the situation where Mrs. Indira Gandhi had to bow her head before the will of the Court of Allahabad and let us learn from that incident and remind ourselves that if the honourable Prime Minister of Pakistan today, the leader of the House, if he had gone to face the Election Commission of Pakistan, it would have after all established a very healthy precedent. But the Prime Minister of Pakistan sought a cover behind a President Ordinance and this Presidential Ordinance, before it is, in turn, given cover by this House, must be at least backed by the popular will of the people.

Mr. Speaker, Sir, why do we have to institutionalise this requirement? Why, before the passage of any piece of legislation, you have a clause which says that this Bill may be circulated for public opinion? It is precisely because parliaments do not stand in a vacuum. Mr. Speaker, parliaments need the support and the sustenance of the popular will from state to state, and it is in order to obtain this popular will that precisely this particular requirement is drafted into law-making as a part of law-making.

Mr. Speaker, Sir, today when, from different quarters, from the public, the validity of our institution is being questioned, let us not satisfy and content ourselves by using the language of threat

and say, "no, no, so and so, so and so, they do not exist and we would deal with them". The fact of the matter, Mr. Speaker, Sir, is that the public, the people of Pakistan, have, through their behaviour, expressed a deep interest in the affairs of the Government, and this is their right because the Governments have been constituted in the name of their people, and the people of Pakistan have also indicated that they watch the performance of this institution, they watch its code of conduct, they watch its level of integrity. They are looking at the Leader of the House to see how big and how honest and how dedicated and how committed he may or may not be. Therefore, Mr. Speaker, let the Treasury Benches, who back the Leader of the House, let them show that they are not afraid, let them demonstrate that they believe that the people are behind them, let them, by having this Bill circulated for eliciting public opinion, seek the support of the public and be able to give a befitting political answer to those who question their validity, instead of getting . . . ?

Mr. Mpeaker: Begum Sahiba, we are running short of time.

Syeda Abida Hussain: Yes, Mr. Speaker, I would conclude by saying that the Treasury Benches in this House would be well advised, perhaps, instead of taking shelter and quarter behind those Chief Executives who are a part of the establishment, because they belong to salaried institutions of this country, instead of taking shelter and protection behind them, let them go to the people, let the Treasury Benches indicate their lack of fear, let them give a politically befitting answer to a political challenge which they are facing today which, whether they hide from it, whether they seek not to seek, it does exist. And, therefore, Mr. Speaker, Sir, in conclusion, I would submit that this is an excellent opportunity that has offered itself to the Treasury Benches in particular, and to the National Assembly of Pakistan in general, to invoke public opinion, to obtain and elicit public opinion and to establish that this parliament enjoys public support and that the public is interested in the affairs of this parliament and in all processes of law-making, that we undertake so as to strengthen institutions in the country and so as to detruct from the tendency to an individualistic phenomenon, and we do not seek the individualistic tendencies to extend sufferings upon our people in the future. Let us, therefore, institutionalise it and let us, therefore, send this Bill out for eliciting public opinion.

Thank you, Mr. Speaker.

Mr. Speaker: Thank you. Now I will put the motion before the House.

It has been moved:

> "That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977, [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

I am sorry, I think I moved a wrong one. I am sorry.

It has been moved:

> "That the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986, as reported by the Standing Committee, be circulated for purposes of eliciting opinion thereon by 31st July, 1986."

The motion was rejected.

Mr. Speaker: Ch. Mumtaz Ahmad Tarar, you wanted to move the motion under rule 94.

Ch. Mumtaz Ahmad Tarar: Sir, I am not moving it.

Mr. Speaker: It has been moved:

> "That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977, [The Houses of Parliament and **Provincial**] ...."

I thought you have already moved it.

Ch. Mumtaz Ahmad Tarar: Not moved, Sir.

Mr. Speaker: Haji Sahib you wanted to move a similar motion.

It has been moved :

> "That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977, [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

حاجی محمد سیف اللہ خان : اسکو ہم نے اپوز کیا تھا۔ اب پہلے اسکی جنرل ڈسکشن پر بحث ہوگی for a decision of the House. اس کے بعد پھر یہ موشن آپ پٹ کرینگے۔

جناب سپیکر : combined بحث ہو نہیں گئی تھی اسکی؟

Haji Muhammad Saifullah Khan : No, Sir.

Mr. Speaker : This is what I was informed that a combined discussion has taken place. I was not in the Chair at that time, so I have to go by what was reported to me.

حاجی محمد سیف اللہ خان : اس وقت تک رول ۹۵ کے تحت پیش کردہ ترمیم پر بحث ہوئی ہے for eliciting public opinion اور جو اس کے پرنسپلز کی بحث ہے وہ اب ہوگی۔

Now we have to discuss the principles of the Bill.

Mr. Speaker : And how many people would like to participate in this?

Haji Muhammad Saifullah Khan : All those who opposed it, Sir. That list is with you, Sir.

Mr. Speaker : We will have to stick to this list. And how much time would you recommend for each member? Three minutes?

حاجی محمد سیف اللہ خان : یہ تو آپکو sense of speech دیکھ کر فکس کرنا پڑیگا۔ آپ شروع تو کرائیں

Mr. Speaker : I think, to begin with, we will stick to 5 minutes.

اسکے بعد اگر مزید کم کرنا پڑا تو اسکے بارے میں غور کیا جائیگا۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : یہ بعد میں دیکھا جائیگا پہلے شروع ہوگا، پھر اپ سنس دیکھیں گے، پھر آپ ٹائم لمٹ کرسکیں گے۔

Mr. Speaker: I think then we should start. Yes, Haji Saifullah Khan Sahib.

حاجی محمد سیف اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، نحمدہٗ نصلی علیٰ رسولہ الکریم ط جناب والا! آج جس بل کو زیرِ غور لایا جا رہا ہے۔ وہ ہاؤسز آف پارلیمنٹ اینڈ پراونشل اسمبلیز (الیکشن) آرڈر، ۱۹۷۷ء، جسے پریذیڈنشل آرڈر نمبر ۵ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور جس کے تحت جس کے ذریعہ اس ملک میں ۱۹۸۵ء میں عام انتخابات منعقد ہوئے اور جن انتخابات کے نتیجے میں یہ ایوان معرض وجود میں آیا، اس قانون میں ترمیم کرنے سے متعلق یہ بل آج اس ایوان میں زیرِ غور ہے۔

جناب والا! اس ترمیم کے دو پہلو ہیں۔ ایک اس کا اخلاقی پہلو ہے اور ایک اس کا قانونی پہلو ہے۔ جہاں تک قانونی پہلو کا تعلق ہے مجھے یہ کہنے میں قطعاً باک نہیں ہے کہ یہ ایوان جو ہر لحاظ سے ایک سادرن ادارہ ہے، ایک خود مختار ادارہ ہے، اس ملک اور قوم کے لیے نہ صرف آئین کے تابع دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق ہر قسم کی قانون سازی کا اختیار رکھتا ہے اور ہر موجودہ قانون میں ترمیم و تنسیخ کا اختیار اسے حاصل ہے مگر قانونی پہلو کے ساتھ ساتھ آزاد، متمدن معاشرہ اور قومیں اخلاقی پہلو پر زیادہ توجہ دیا کرتی ہیں کیونکہ ہر وہ عمل جو صرف اور صرف قانون پر مبنی ہو اور اخلاقیات سے عاری ہو وہ کبھی بھی مہذب عمل نہیں کہلایا جا سکتا۔

جناب والا! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جس وقت اس ملک میں عام انتخابات ہوئے اس وقت تو یہ پروویژن جس کو آج حذف کیا جا رہا ہے اور جس میں تھوڑی سی ایڈیشن کی جا رہی ہے، اس وقت یہ اس قوم اور ملک کے ہر فرد کے لیے لاگو تھی اور قوم نے اس پروویژن میں دی گئی اہلیت اور نا اہلیت کے پیشِ نظر انتخابات میں حصّہ لینے اور انتخابات میں حصہ نہ لینے کا فیصلہ کیا، اور آج جب اسی قانون کے تابع یہ ایوان معرض وجود میں آچکا ہے، کیا اسکو یہ حق پیدا ہوتا ہے، قانونی حق کے علاوہ، کیا اسکو اخلاقی حق پیدا ہوا ہے کہ پھر یہ محض ذاتی اور اپنے فائدہ کے لیے اس قانون میں ترمیم تنسیخ کرے؟ جس طرح میں نے پہلے عرض کیا، باوجود اس امر کے کہ اس ایوان کو قانون کے تحت ہر قسم کی ترمیم و تنسیخ کا اختیار حاصل ہے، مگر میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ اختیار کسی بھی فرد کو، کسی بھی بڑی سے بڑی طاقت کو، کسی بھی بڑے سے بڑے ایوان کو صرف اور صرف اپنے مفاد کے لیے اس کا استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے؟ یقین جانیے کہ اسکا جواب نہ صرف اخلاقی طور پر بلکہ قانونی طور پر بھی نفی میں ملے گا۔

یہاں یہ سوال پیدا ہو گا کہ کیوں قانونی طور پر نفی میں ملے گا؟ جب اس ایوان کو مکمل طور پر اختیار ہے کہ وہ ہر قسم کی قانون سازی کر سکتا ہے تو پھر قانوناً کیوں ہمیں ایسا حق حاصل نہیں ہے؟ اس لیے جناب والا! کہ جب اس ایوان کے رکن کی حیثیت سے ہم نے اس ایوان میں کھڑے ہو کر رب العزت کی بارگاہ میں اس

ایوان کو گواہ کر کے حلف اٹھایا تھا تو اس میں صریحاً ہم نے اپنے رب سے، اپنے ضمیر سے اور اپنی قوم سے یہ وعدہ کیا تھا کہ ہم کوئی بھی ایسا کام نہیں کریں گے، ہم اپنے عہدے کو، ہم اپنے ممبر شپ کو ہم اپنے اقتدار کو کسی بھی ایسے مقصد کے لیئے استعمال نہیں کریں گے جو ہمارے ذاتی مفاد سے وابستہ ہو اور جس سے صرف اور صرف ہماری ذات کو نفع یا نقصان پہنچ سکتا ہو اس سے ہم ہر لحاظ سے گریز کریں گے۔ میں وہ حلف یاد دلانا چاہتا ہوں جو اس ایوان کے روبرو اللہ، اس کے رسول ؐ اور اپنے ضمیر کے ساتھ اٹھایا تھا۔ اور پھر جب اس ایوان کے ذریعے حکومت معرض وجود میں آئی تھی تو اس ایوان کے قائد ایوان نے بحیثیت وزیر اعظم کے جو حلف اٹھایا تھا اس کے بھی یہی الفاظ ہیں کہ میں قطعی طور پر اپنے عہدہ کو اپنے ذاتی مفاد کے لیئے، اپنی ذات کے لیئے کسی بھی حالت میں استعمال نہیں کروں گا اور نہ اس امر کی اجازت دوں گا۔ یہ ہے وہ حلف۔

اب ہم سب سے یہ جانچنا اور پرکھنا ہے کہ یہ آرڈیننس جس کو آج ایکٹ کی شکل دی جا رہی ہے جس کو آج قانون میں بدلنے کے لیئے کہا جا رہا ہے، وہ آرڈیننس کیوں نافذ ہوا، وہ آرڈیننس کس کے لیئے نافذ ہوا، اس آرڈیننس کا نفع نقصان کس کے ساتھ وابستہ تھا؟ اگر واقعی وہ آرڈیننس قوم اور ملک کے لیئے جاری کیا گیا، اگر وہ صریحاً قوم اور ملک کے مفاد میں جاری کیا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں وہ آئینی بھی ہے، وہ قانونی بھی ہے، وہ اخلاقی بھی ہے۔ اور اگر وہ آرڈیننس کسی فرد واحد کو "بیل آوٹ" کرنے کے لیئے جاری کیا گیا ہے اگر وہ آرڈیننس کسی نے اپنی ذات کو محفوظ رکھنے اور بچانے کے لیئے جاری کرایا ہے تو پھر نہ میں سمجھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی کوئی حیثیت ہے، نہ اس کی کوئی آئینی حیثیت ہے اور نہ اس آرڈیننس کی کوئی اخلاقی حیثیت ہے اور یہی صورتحال اب اس ایوان کے ساتھ وابستہ ہو گی۔

میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ آئین کے آرٹیکل ۸۹ کے تابع آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار کس کو حاصل ہے؟ یہ واضح طور پر آئین میں دے دیا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل ۸۹ کے تابع پریذیڈنٹ کو آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار ہے اور وہ اختیار in his discretion نہیں ہے۔ آرٹیکل ۴۸ (۲) کے تابع پریذیڈنٹ صرف ان اختیارات کو وزیر اعظم کے مشورے کے بغیر استعمال کر سکتا ہے جو اختیارات in his discretion آئین میں درج کر دیئے گئے ہوں۔ واضح طور پر لکھ دیا گیا ہے کہ جہاں "in his discreation" ہو گا وہاں پر پریذیڈنٹ خود مختار ہو گا، اسے کسی سے مشورہ لینے کی ضرورت نہیں ہے اور جہاں in his discretion نہیں ہو گا، وہ تمام معاملات جن میں in his discretion نہیں لکھا گیا ان میں واضح طور پر آرٹیکل ۴۸ (۱) کا اطلاق ہوتا ہے اور ۴۸ (۱) کے تحت صدر کے لیئے لازم ہے کہ وہ اپنے اختیارات استعمال کرتے وقت وزیر اعظم یا اس کی کیبنٹ کے مشوروں

کا پابند ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ چونکہ آرٹیکل ۸۹ کے تحت دیئے ہوئے اختیارات میں، اس کے تابع جہاں جہاں پریذیڈنٹ آرڈیننس نافذ کرنے کے لیئے اپنے اختیارات استعمال کرے گا اس کے لیئے آرٹیکل ۴۸(۱) کی پابندی ہر لحاظ سے لازم ہوگئی [اس مرحلہ پر جناب ڈپٹی سپیکر (سردار وزیر احمد جوگیزئی) کرسئ صدارت پر متمکن ہوئے]

حاجی محمد سیف اللہ خان: اب جب آرٹیکل ۸۹ میں پریذیڈنٹ کو in his discretion آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار حاصل نہیں ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ اگر یہ آرڈیننس وزیر اعظم کے مشورے کے بغیر جاری کیا گیا ہے، اس آرڈیننس میں وزیر اعظم کا مشورہ شامل نہیں ہے تو پھر یہ آرڈیننس کوئی قانونی حیثیت نہیں رکھتا تو اس ہاؤس میں lay ہی نہیں ہو سکتا تھا۔ اور جب یہ اس ہاؤس میں ہی lay نہیں ہو سکتا تھا تو اسکی انٹروڈکشن ہی غلط ہے اور اس کو ایکٹ میں بدلنا، تاوقتیکہ قانون کے مطابق بل انٹروڈیوس نہ ہو، اس کی کوئی قانونی حیثیت ہی نہیں ہوتی۔ اور اگر یہ آرڈیننس آرٹیکل ۴۸(۱) کے تابع وزیر اعظم کے مشورے سے جاری ہوا ہے تو کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ پھر کیا یہ صریحاً آئین کی خلاف ورزی نہیں ہے؟ کیا صریحاً یہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال نہیں ہے؟ کیا اس حلف سے صریحاً روگردانی نہیں ہے جس میں واضح طور پر لکھ دیا گیا ہے کہ میں اپنے عہدے کو کسی بھی حالت، کسی بھی شکل میں اپنی ذات اور اپنے ذاتی مفاد میں قطعی طور پر استعمال نہیں کروں گا؟ کیا یہ امر روز روشن کی طرح واضح نہیں ہے؟ کیا ساری قوم کو اس امر کا علم نہیں ہے کہ اسی ایوان میں ایک کوسچن ریز کیا گیا اور اس کوسچن میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ موجودہ The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 کی دفعہ ۱۰(۲) کی سب دفعہ (ب) (اے) کے پیش نظر کہ پرائم منسٹر اور اس کے ساتھی ایک ایسی جماعت میں شامل ہوگئے ہیں جو غیر رجسٹرڈ تھی، اور آئین و قانون کے مطابق جو شخص کسی غیر رجسٹرڈ جو رکن اسمبلی شخص نہیں، کسی غیر رجسٹرڈ جماعت کا رکن بنے گا وہ نااہل تصور ہوگا، اس کی نشست اس ایوان سے ختم ہو جائے گی، یہ سوال جب اٹھایا گیا تو جناب والا! اس میں صریحاً اور واضح طور پر اپنی ذات ملوث تھی، وزیر اعظم کی اپنی ذات ہی اس میں وابستہ ہوگئی تھی۔ اور جب یہ کوسچن آئین کے آرٹیکل ۶۳(۲) کے تابع چیف الیکشن کمشنر کو ریفر کر دیا گیا تو یہ مسئلہ quasi-judicial بن گیا، اس پر اب فیصلہ ہونا تھا، اس پر چیف الیکشن کمشنر نے اپنی رائے دینی تھی۔ دنیا میں ایسی بہت کم مثالیں ملتی ہیں کہ جب کوئی معاملہ، کوئی فیصلہ، کوئی مسئلہ کسی بھی عدالت میں فیصلہ کے لیئے چلا جائے، کسی بھی اتھارٹی کے پاس فیصلہ کے لیئے چلا جائے تو پھر اس اتھارٹی کے اختیارات کو سلب کرنے کے لیئے، اس اتھارٹی کو اپنے اختیارات کے استعمال سے روکنے

کے لیے اس قسم کی قانونی کارروائی کرکے اور آرڈیننس جاری کرا کر اپنے آپ کو "بیل آؤٹ" کرایا جائے، میں سمجھتا ہوں کہ اس کی نہ تو آئین اجازت دیتا ہے۔ اس کی نہ تو قانون اجازت دیتا ہے، اس کی نہ کوئی ضابطہ اجازت دیتا ہے، اور یہ صریحاً نہ صرف اپنے حلف سے انحراف ہے بلکہ اپنے اختیارات کے ناجائز استعمال کے ساتھ ساتھ ان عدالتی اختیارات میں بھی مداخلت کے مترادف ہے جو آرٹیکل ۲۱۹(۲) کے تابع چیف الیکشن کمشنر کو حاصل تھے۔ اور آپ نے دیکھ لیا کہ چیف الیکشن کمشنر نے محض اسی آرڈیننس کا سہارا لیتے ہوئے اس کوئسچن کو infructuous قرار دے دیا جس سے یہ ثابت ہو گیا کہ اگر یہ آرڈیننس نہ آتا تو لازمی بات ہے کہ چیف الیکشن کمشنر کو اس کوئسچن، اس ریفرنس پر اپنا فیصلہ صادر کرنا ہوتا، اور ایسے فیصلے سے روکنے کے لیے یہ آرڈیننس نافذ کرایا گیا۔

جناب والا! اس صورت حال میں میں سمجھتا ہوں کہ اب اس ایوان کا ہر رکن بھی اس حلف کے زد میں آتا ہے جو ہم نے اس ایوان میں رکن اسمبلی بننے کے لیے اٹھایا تھا، اور اس میں بھی یہی الفاظ لکھے گئے ہیں کہ ہم اپنے عہدے کو کسی ذاتی مفاد، ذاتی غرض اور ان امور میں جن میں ہمارا اپنا کوئی نہ کوئی انٹرسٹ یا مفاد وابستہ ہو اس کے لیے استعمال نہیں کریں گے۔ کیا اس کا کوئی اخلاق، قانونی یا آئینی حق ہمیں پہنچتا ہے کہ ہم اس پروویژن کو ڈیلیٹ کریں، اس کو خارج کر دیں، اور اس وقت خارج کر دیں جب اس کی زد ہمارے اپنے اوپر پڑنے والی ہو؟ اس کی زد دوسروں پر پڑنے والی ہو تو دوسروں کے لیے تو اس قانون کو روا رکھیں۔ ہم نے بارہا کہا جب یہ کالے قوانین اس ایوان سے بنوائے جا رہے تھے، جب پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی امنڈمنٹ اس ایوان میں لائی جا رہی تھی تو اس وقت ہم نے یاد دلایا کہ خدارا کالے قوانین سے اجتناب کریں، اور یہ قانون قدرت ہے کہ جو حکومتیں کالے قوانین محض اپنے اقتدار کو تحفظ دینے کے لیے، محض اپنے آپ کو بچانے کے لیے ایوانوں سے منظور کراتی ہیں وہ حکومتیں پھر ان میں خود پھنسا کرتی ہیں، وہی قوانین انھی پر لاگو ہوتے ہیں۔

سیفٹی ایکٹ کی مثال آپ اٹھا کر دیکھ لیں، جب سیفٹی ایکٹ بنایا جا رہا تھا اُس وقت بھی یہی آواز اُٹھائی گئی تھی کہ خدا کے لیے ان ایوانوں میں کالے قوانین مت لائیں، ان سے کالے قوانین مت پاس کرائیں، اس وقت کے وزیر قانون نے بھی اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اس قانون کو منظور کرایا.....

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب! آپ سے اختصار کی درخواست کی جاتی ہے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: قوم نے دیکھا کہ اس سیفٹی ایکٹ کا سب سے پہلا شکار وہی وزیر قانون تھا، اس پر اس کا اطلاق ہوا۔ پہلا آدمی جو سیفٹی ایکٹ کے تحت نظر بند ہوا وہ وہی وزیر قانون تھا جس نے

اس ایوان سے سیفٹی ایکٹ منظور کرایا تھا۔

سول سرونٹس ایکٹ پاس ہوتا ہے، ہم لوگ چیختے ہیں کہ جناب! یہ کالے قانون نہ بنائیں، یہ غلط قانون ہے۔ قانون وہ ہوتا ہے جو انصاف پر مبنی ہو محض اپنی اکثریت کے بل بوتے پر اس وقت کے وزیر قانون نے بھی وہ قانون پاس کرایا اور قدرت نے دکھایا کہ جب وہ قانون پاس ہوگیا۔ تو اس کا سب سے پہلا شکار اس وزیر قانون کا بھائی بنا۔

یہ کالے قوانین بھی جب اس ایوان میں پاس ہو رہے تھے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کو منظور کرایا جا رہا تھا تو ہم نے کہا کہ قانون کو مبنی بر انصاف بنائیں، قانون قوم کے لیے ہونا چاہیئے، قانون صرف برسر اقتدار طبقے کے مفاد میں نہیں ہونا چاہیئے۔ اس وقت ہماری بات نہ سنی گئی، بلا سوچے سمجھے اور بغیر دیکھے بھالے اس وقت بھی اس کی ابتدا کر دی گئی اور پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے پابندیاں لگائی گئیں کہ کوئی جماعت جو رجسٹرڈ نہیں ہوگی وہ انتخابات میں حصہ نہیں لے سکے گی۔ قسم قسم کی پابندیاں لگائی گئیں۔ اس ایوان کے اراکین کو بھی جال میں ڈالنے کی کوشش کی گئی، ان کی آزادیٔ رائے کو بھی سلب کرنے کی کوشش کی گئی۔ قانونِ قدرت اپنا عمل جاری و ساری رکھے رہا اور قوم پر ثابت ہوگیا کہ وہی لوگ جو دوسروں کے لیئے قانون بنا رہے تھے، جو دوسروں کے لیئے جال پھیلا رہے تھے، خود اُس جال میں پھنس کر رہ گئے۔

ایک وقت وہ آیا کہ اس ایوان کا قائد ایوان اس جال میں پھنس گیا اور قائد ایوان کو اس جال سے نکالنے کے لیئے یہ آرڈیننس، یہ کالا قانون، یہ غلط طریق کار اور غلط لائحہ عمل اپنایا گیا، اور اُس وقت جبکہ اسمبلی کا اجلاس طلب کیا جا رہا تھا، اس وقت یہ آرڈیننس جاری کیا گیا۔ میں کہتا ہوں کہ کیا آئین اس امر کی اجازت دیتا ہے؟ کیا اخلاق اس امر کی اجازت دیتا ہے؟

آج دنیا کی مثالیں آپ کے سامنے ہیں۔ اسلام میں دیکھیے کہ خلیفۃ المسلمین، امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ، کی اپنی زرہ کی مثال ہے۔ عدالت میں جاتے ہیں انکی اپنی زرہ ہے، لیکن شرعی نقطۂ نگاہ سے مکمل ثبوت نہیں دے سکے تو قاضی ان کے خلاف فیصلہ صادر کر رہا ہے۔ یہودی جب دیکھتا ہے کہ مسلمانوں کا یہ انصاف ہے کہ زرہ حضرت علیؓ کی ہے اور قاضی یہودی کے حق میں اس بنا پر فیصلہ دے رہا ہے کہ چونکہ امیر المؤمنین کے پاس اسلامی قوانین کے مطابق مکمل ثبوت نہیں تھا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اُس جج کو معطل نہیں کر دیا تھا، اس جج کے خلاف کارروائی نہیں کی تھی، اپنے عہدے کا ناجائز استعمال نہیں کیا تھا، بلکہ زرہ یہودی کے حوالے کر دی گئی۔ جب زرہ یہودی کے حوالے ہوئی تو اس نے اسی وقت

کلمہ پڑھ لیا کہ میں تو مسلمانوں کا انصاف دیکھنا چاہتا تھا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب! اس پر میں شکریہ ادا کروں؟

حاجی محمد سیف اللہ خان: یہ ہیں اسلامی قوانین، یہ ہیں اسلامی حکومتیں، یہ ہیں اسلامی اُمراء یہ ہیں اسلامی خلیفے، یہ ہے اسلامی اقتدار۔ اور ایک ہم ہیں کہ جب ہمارے خلاف کوئی فیصلہ سرزد ہوتا ہے، جب ہمارے خلاف آئین اور قانون کے مطابق چیف الیکشن کمشنر کے پاس ایک ریفرنس جاتا ہے تو بجائے اس کے ہم bow کریں، ہم اسلامی اقدار کے پاسبان اور پیروکار ہونے کی حیثیت میں اپنا سر خم کریں، اپنی غلطی کو تسلیم کریں اور اس آدمی کو appreciate کریں جس نے آئین اور قانون کی پیروی کی۔ یہاں تو معاملہ ہی اُلٹ ہے۔ یہاں پھر یہ سوال پیدا ہو جاتا ہے کہ کیوں سپیکر نے یہ ریفرنس کیا؟ اور سب سے پہلے تلوار اس ہاؤس کے سپیکر کی گردن پر پڑتی ہے۔ اس جرم کی بنا پر اس کی پاداش میں اسے اپنے عہدے سے برطرف کیا گیا کہ اس نے اپنی آئینی ذمہ داری کیوں پوری کی۔ پھر اس کے بعد اپنے عہدے اور اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ بدترین آرڈیننس دنیا میں ایک بدترین مثال کی حیثیت میں جاری ہوا، اس کو نافذ کیا گیا اس لیے کہ غیر آئینی اور غیر قانونی طریقے پر اپنی ذات کو محفوظ کیا جائے، بچایا جائے۔ اسی طرح سے میں سمجھتا ہوں کہ وزیراعظم نے بھی اور صدر مملکت نے بھی اپنے اختیارات اور اپنے عہدے کا صریحاً ناجائز استعمال کیا ہے۔

میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ باوجود اس امر کے کہ پرائم منسٹر کی اپنی ذات ملوث تھی اگر انہوں نے آرٹیکل ۴۸ (۱) کے تابع بھی مشورہ دیا تب بھی آئین میں اس چیز کی صراحت کر دی گئی ہے کہ پریذیڈنٹ کے لیے پھر دو صورتیں باقی رہ جاتی ہیں کہ وہ اس مسئلہ کو reconsideration کے لیے کابینہ میں بھیج دے اور وہاں پر آرٹیکل ۸۹ میں 'satisfaction' کا لفظ بھی اسی احتیاط کے تابع لکھ دیا گیا ہے۔ یہ نہیں کہ آنکھیں بند کر کے اس کی پیروی کی جائے بلکہ یہ آرٹیکل ۸۹ کی خاص پروویژن ہے کہ پھر پریذیڈنٹ کو اپنے آپ کو satisfy بھی کرنا ہوتا ہے کہ یہ مشورہ کہیں اپنی ذات کو بچانے کے لیے تو نہیں دیا جا رہا، یہ مشورہ کسی کے اپنے مفاد کو محفوظ کرنے کے لیے تو نہیں دیا جا رہا؟ جب یہ صورت حال پیدا ہو تو پھر پریذیڈنٹ کے لیے من وعن اس پر صاد کرنا لازم اور ضروری نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس لحاظ سے دونوں نے اپنے اختیارات کا صریحاً ناجائز استعمال کیا ہے اور اس آرڈیننس کو غلط طریقے پر نافذ اور جاری کیا گیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی صاحب! بالکل مختصر کیجئے۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : میں ایک منٹ میں ختم کر رہا ہوں ۔ جہاں تک اس کے contents کا تعلق ہے ، مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اگر آپ نے قوم کے مفاد میں بدلنا ہے ، ملک کے مفاد میں بدلنا ہے ، الیکٹوریٹ کے مفاد میں بدلنا ہے تو پھر اس کے لیئے طریق کار یہ نہیں کہ میٹھی توپ اور کڑوی تھوکر کے ہم پھینک دیں ۔ پھر آپ ان تمام کالے قوانین کو جو مارشل لاء کے کالے دور میں ، جو مارشل لاء کے بدترین دور میں ، اس نو سالہ دور میں اس ملک میں جتنے بھی قوانین نافذ ہوئے ہیں ان سب کا از سر نو جائزہ لینا چاہیئے ۔

چوہدری محمد بشیر رندھاوا : پوائنٹ آف آرڈر ۔ اس سیاہ دور میں جو لوگ مجلس شوریٰ کے ممبر رہے ہیں یہ ان کا فرض ہے کہ ان سب کو ختم کریں ۔ یہ ہمارا فرض نہیں ہے ہم تو elected body ہیں ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : بالکل صحیح ہے ۔ اسی لیئے تو شیشہ ہی سامنے نظر نہیں آتا ۔ آنکھوں پہ شیشہ چڑھ جاتا ہے ۔ وہ لوگ جو مجلس شوریٰ میں رہے ہیں ، اُن کی آنکھیں اُس وقت بھی کھلی تھیں ، آج بھی کھلی ہیں ۔ اور یہ منتخب لوگوں کا کام ہے کہ سامنے دیوار دکھائی نہیں دیتی ، شیشہ دکھائی نہیں دیتا تو اُڑتے پھلانگتے آگے چلے جاتے ہیں ۔ جن کی آنکھوں پر شیشہ ہو ان کا میرے پاس علاج نہیں ہے ۔

جناب جاوید ہاشمی : رندھاوا صاحب کی آنکھوں پہ شیشہ نہیں تھا ، ان کے سر پہ شیشہ تھا ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! میری گزارش یہ ہے کہ اگر ہم نے جائزہ لینا ہے اگر ہم نیک نیتی سے قوانین میں ترمیم کر رہے ہیں ، اگر قوم اور ملک کے وسیع تر مفاد میں ترمیم کر رہے ہیں تو آیئے اُس پورے نو سالہ دور کے تمام قوانین کا جائزہ لیں ۔ آج کتنے بے گناہ ہیں جو جیلوں میں سڑ رہے ہیں کتنے لوگ ہیں جنہیں معمولی معمولی خطاؤں پر کتنی بڑی سزائیں دی گئی ہیں ، کتنے کالے قوانین ہیں جو اس دور میں نافذ کیئے گئے اور وہ آج بھی جاری اور ساری ہیں ۔ ان کو مجبوری کی حالت میں ویلیڈیٹ کر دیا گیا ان سب کا جائزہ لینا چاہیئے ۔ ان میں پھر یہ قانون بھی آجائے ، ان میں ترجیحات بھی آجائیں ، ان کو بھی بدل دینا چاہیئے ۔ یہ نہیں کہ جو ہمارے راستے میں قانون آئے اور جس قانون کی زد ہم پر پڑے اس قانون کو تو ہم راتوں رات بدل دیں ، ان تکالیف کو راتوں رات دور کر دیں ، اور جو تکالیف اور مصیبتیں ، جو لعنتیں ، جو پریشانیاں نو کروڑ عوام پر رہی ہیں ان کی طرف آپ کی نگاہ تک نہ جائے ، ان کو ہم قطعی طور پر دیکھیں ہی نہیں ۔ یہ اختیار کبھی بھی عوام نے ایوان کو دیا ہے نہ اس کا کوئی اخلاقی جواز ہے

جسکے پیش نظر وہ قانون ہم بدلیں سب وہی ہم بدلیں، سب وہی ضروریات ہم پوری کریں جو ہم سے متعلق ہوں، جسکی زد ہم پر پڑتی ہو، جن سے پوری قوم وابستہ ہو، جن میں پوری قوم کا مفاد شامل ہو اسکی طرف ہماری نگاہ ہی نہ جاتے، اس کی طرف ہمارا دھیان ہی نہ جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر ہم نے یہی طریقہ کار روا رکھا تو پھر یہ ایوان اپنے مفادات کے تحفظ کا ایوان بن جائیگا، اسکو قومی تائید، قومی اعتماد قطعی طور پر حاصل نہیں رہیگا۔ تو میری استدعا ہوگی کہ اس بل کو مسترد کیا جائے اور اس مقصد کے لیئے ایک کمیٹی اس ایوان کی بنائی جائے جو اس ملک میں ۹ سالہ دور کے اندر تمام وضع شدہ قوانین کا از سر نو جائزہ لے اور ان کو آئین و قانون کے مطابق ڈھال کر ان کی غلطیاں بھی درست کرے، ان میں سے غلط پروویژن بھی ختم کرے، ان میں سے غلط قوانین کو بھی خارج کرے اور پھر ہم یہ سمجھیں یہ ایوان اپنی ذات کا نہیں بلکہ پوری قوم اور ملک کے مفادات کا کسٹوڈین ہے، محافظ ہے جب تک ہم یہ نہیں کریں گے اس وقت تک میں سمجھتا ہوں عوام کا اعتماد ہم پر برقرار نہیں رہ سکتا۔

شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سید فخر امام!

Syed Fakhar Imam: Mr. Speaker, Sir, my honourable colleague from Rahimyar Khan has, in a very able way, reflected upon this piece of legislation which has been introduced to the honourable members of this House. I feel, Mr. Speaker, that it is such a piece of legislation which has hit at the very basis of institutionalisation of the political process in Pakistan.

One of the reasons in Pakistan that we have had several Martial Laws and *ad-hoc* Governments is that the rulers of the day, those who governed, those who administered and those who weilded power have always felt that they were above the law. This mental state of mind is what has led Pakistan into not building up, with any consistency of thought and action, a framework, a basis of democratic order. Whenever, in Pakistan, the rulers have been confronted with a situation where they had to face public opinion or the vote or getting mandate from the people, they have always tried to bring in an artificial device, a device which would protect their own person, and never the institution they run, or the people from whom they are supposed to derive the mandate and legitimacy.

Unfortunately, we know, historically—we should learn from the past—as and when a man like Mr. Ghulam Muhammad, who sent an elected body out which had only passed a Finance Bill a week before, he was willing to send it out, and when it came up for adjudication in front of the then Federal Court, the Court upheld him at that time or bailed him out. So, in Pakistan, 'bailing out' process has been there in our political process throughout. Sometimes it is one individual who had been bailing the Chief Executive out; sometimes it is another Head of State who says he has been bailing the Chief Executive out.

Mr. Speaker, it seems we do not learn from the past. When Mr. Ayub Khan, in his personal wisdom, alongwith Sikandar Mirza, decided to impose one-man rule on this unfortunate nation, then again, through another judgement of Kelson's law, there was bailing out operation where it was stated: because this successful revolution had been carried out and bacause this whole process has been carried out, in fact a *fait accompli* has been accomplished, the institution was not which had to be put back on its track but, instead, the action of one individual was upheld even at that time by the Supreme Court. In other words, Mr. Speaker, institutionalisation has not been the main emphasis but the bailing out of the person who weilds power at one particular moment in Pakistan, somehow, has taken root in our political process.

I think, Mr. Speaker, the process, again in 1977, suffered from a similar political malaise because, when the 1977 elections were held and they were disputed on the streets, once again the dispute could not be settled on the table and it was settled through another individual in the name of Martial Law. Without institution building, Mr. Speaker, this country can never be strong. No one individual, be he the President or the Prime Minister, is greater than the people of Pakistan. I think that is the lesson that has to be derived when this piece of legislation has been introduced. We must learn from history; we must learn from the mistakes of Mr. Ghulam Mohammad, Mr. Sikandar Mirza, Mr. Ayub Khan, Mr. Yahya Khan and Mr. Zia-ul-Haq's 1977 operation. These are those moments of history when one man can sacrifice his own position, he can sacrifice his own seat, and the people can say, yes, one man's sacrifice will meet the demands of the people.

This election, Mr. Speaker, was held when there were three options in front of the then Chief Martial Law Administrator—to continue with power, to hold elections on a non-party basis, or to hold elections on a party basis. He opted for the second option, which was a non-party election. And what happened, Mr. Speaker? we went through that process and we came up; there was the constitution and there was the laws. We are told that the Eighth Amendment has tillted the balance in favour of the President. As I said at the time of the budget, if the Prime Minister were—to bring in another amendment, a constitutional amendment, we, the Opposition, would be the first to strengthen his hands and tilt the balance back into Prime Minister's favour.

But, at the same time, Mr. Speaker, grave doubts have arisen about the Prime Minister's own mandate when a piece of legislation, as has been articulated in Article 91, where the oath in which the Prime Minister has said that he will not do anything to protect his own personal interest. What is greater than the personal interest of one individual, the honourable Prime Minister, then saving his own seat? And, at the same time, we are told by the honourable President that he has bailed him out. There is a big lacuna here, Mr. Speaker. One does not know which law to believe because, on the one hand, when you look at Article 48, it is on the advice tendered either by the Cabinet or the Prime Minister that the President can promulgate such an Ordinance under Article 89. On the one hand we get one person speaking a different line, the other honourable gentleman taking the other line. There is a great desparity of thought and action between the two honourable gentlemen. Whom should we abide by and whose point should be gone by? The honourable Prime Minister or the honourable President? There is a basic contradiction between the two. And I do not think this controdiction is likely to be resolved unless the honourable members of this House uphold the oath that they took that they would uphold and strengthen the constitution and not try to under-rate it.

I think, Mr. Speaker, the time has come to take up such a challenge. Each one of us sits, may be, in the capacity of one party or the other, but we were elected in our individual capacity. Mr. Speaker, we can legislate this House into a party House; we can legislate it back into a non-party House. How can we legislate it into anything? Because it is a sovereign House. But, Mr. Speaker, when

legislation becomes totally irrational, where legislation becomes totally on points of arbitrariness, where legislation becomes one where it is on the demands of caprice and not one of convictional commitment, Mr. Speaker, then that legislation ultimately will be found in the dust-bin of the history of Pakistan where people will know Justice Munir's unholding of a *fait accompli*, executive act, or subsequently again Justice Munir, when the Dosso case came up, or again the Anwar-ul-Haq act, there will again find themselves where people will come up and say, as they did in 1972, that that very Supreme Court, that that one individual act was that of a usurper.

Sir, do we want to go down in history as usurpers or as upholders of law? This is the choice this House has. We sit here in our individual capacity. We are honourable members upholding the dignity, the honour of this House. We have a conscience. We should uphold it and look after it. When people talk about mirrors, those very people who voted us into this House will ask us whenever we go to them. Do we want to shorten the history, the life of this House through such acts? Because, when such acts are taken where executive actions are translated, through legislation, to protect one individual, the demand which is already there from one quarter will become the demand of the very preponderant majority of the people of this country.

And then, in 1969, we saw that that demand overtook us in a big deluge. It was a storm; it was a storm, a tempest, Mr. Speaker, a storm which nobody could withhold, nobody, despite the 90% majority in this House. The 1977 storm and the tempest which arose, it blew from Khyber to Karachi; it blew from Peshin to Mardan. There were those tempests, these were those storms which overtook this country and landed us in another Martial Law. Do we wish that such unjust, non-moral indudicious piece of legislation which we are now undertaking should have another storm overtake this House? And for us to set out and say yes, we want to hold down to our chairs because we are here under certain party constraints, do we want those things to happen? Or do we wish to, for once, establish a new precedent in the Parliamentary history of Pakistan and say that no one individual is bigger than the House; we wish to uphold the dignity, the decorum of this House and say that we wish to act within our conscience and say, no, we do not want this piece of legislation to go through to protect one individual; we

wish to have the individual face the court of law as a normal human being, as a citizen of this country of Pakistan. And if such new precedents are created, new histories will be created; and I am sure of the beneficence of Allah Almighty, when we put ourselves in front of courts of law, in front of the people of Pakistan, Allah, His great Almighty, will come to the rescue, I am sure, and such pieces of legislation will then not be dwelt upon by our successors who come here that Chief Executive has to be bailed out through one or another Ordinance.

I think it is about time that members of this House took it upon themselves to show a new lead to the people of Pakistan and hold their heads high and say, fine, we will set an example, we will be exemplary, we will show, we will demonstrate that we have a force which is bigger than just majorities, we will rebel, we will come up with new indicators, we will create a new era, a new political firmament; we will do it in a way, in a method, in a process where the people of Pakistan will look back to the 1986 elections and say, yes, we furthered the ends, the purposes, the objectives for which we created Pakistan; we are now coming with a new political, social and economic order.

Now is the challenge. The challenges will not come again and again. People don't test you again and again. Your tests are once or twice. And I think this is a test. This is that point in history where the test and the examination is there. Let us, as honourable members of this House, uphold ourselves in this test and let not there once again be a process where the dust-bins of history will say, nay, they let us down; they did not know how to uphold the democratic order; the institution was not as big as one person; they too let us down.

Mr. Speaker, I feel that the honourable members of this House will think very very closely about this because we are all honourable members of this House. We have to face the text election. Let us face it head-on because this particular piece of legislation will stare us in the face when we go for the mandate again and people will question and say; were you part of that process or were you not part of that process? I think, Mr. Speaker, with that, I will take your leave. Thank you very much.

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Mr. Liaqat Baluch.

جناب لیاقت بلوچ: جناب سپیکر! یہ آرڈیننس کے ذریعے جو ہم قانون سازی کر رہے ہیں اور اس کی قانونی حیثیت کو جو تحفظ دے رہے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ آرڈیننس غیر ضروری بھی تھا اور اس وقت تک یہ متنازعہ بھی ہے اور عوام کے اندر بھی اس کی وجہ سے ایک ذہنی انتشار اور ایک خلجان ہے۔

جناب سپیکر! ۲۵ فروری ۱۹۸۵ء کو ملک میں غیر جماعتی بنیادوں پر انتخابات کروائے گئے اور مسئلے پر پورے ملک میں یہ مطالبہ کیا گیا کہ یہ ایک انتہائی غیر سیاسی فیصلہ کیا جا رہا ہے اور ملک میں غیر جماعتی نظام نہیں چل سکے گا اور ہمیں بالآخر جماعتی نظام کی طرف بڑھنا ہو گا۔ لیکن اس وقت کے حکمران جو مارشل لاء کی قوت کے ساتھ بیٹھے تھے، جن کی پشت پر فوج کی قوت تھی انہوں نے اپنی بنیاد پر یہ فیصلہ کر لیا کہ ملک میں غیر جماعتی انتخابات ہوں گے۔ غیر جماعتی انتخابات کے نتیجے میں ملک کی مختلف سیاسی جماعتوں نے اس کا بائیکاٹ کیا لیکن کچھ جماعتوں نے ان انتخابات میں اسی مقصد کے لئے حصہ لیا کہ اسی راستے سے ملک میں جمہوریت بھی بحال ہو سکتی ہے اور ملک کی سیاست کو جماعتی بنیادوں پر لے کر آگے بھی بڑھ سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب یہ ایوان غیر جماعتی بنیادوں پر وجود میں آتا ہے تو وہ تصور جو تھا کہ اس ایوان کو غیر جماعتی بنیادوں پر چلایا جا سکے گا۔ وہ اپنی جگہ احمقانہ ثابت ہوتا ہے، اور وہ تصور کہ شاید یہ مغل بادشاہوں کا دربار ہے کہ جہاں ان کی مرضی اور منشاء کے مطابق تمام معاملات کو لیکر چلا جائے گا۔ اسی وجہ سے آغاز میں اس بات کی کوشش کی گئی کہ اس ہاؤس کو غیر جماعتی بنیادوں پر چلایا جائے۔

لیکن جب حکومت کے لئے صاحب اقتدار گروہ کے لئے یہ مسئلہ پیدا ہوا کہ وہ اس ایوان میں سے کسی بات کو through نہیں کروا سکتے، پھر اس مرحلہ کے لئے پہلے ابتدائی طور پر ایک سرکاری گروپ تشکیل دیا گیا لیکن اس کے بعد بھی اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ان گروپس کے ساتھ بھی اپنے معاملات کو ہم طے نہیں کر سکتے اس لئے ملک میں سیاسی جماعتوں کو بحال ہونا چاہیئے۔ اس مقصد کے لئے ۱۹۶۲ء کے ایکٹ کے اندر مزید ترامیم کرتے ہوئے۔ ہم جماعتوں کے اندر رجسٹریشن کا قانون لاگو کرتے ہیں۔ ہم اس وقت بھی اس بات کو کہتے تھے کہ جماعتوں کی رجسٹریشن کا ایکٹ، جماعتوں کی رجسٹریشن کا قانون، یہ ایک ظالمانہ قانون ہے اور یہ اپنی جگہ درست بات نہیں ہے۔ لیکن حکمران

طبقے نے صرف اپنی منشا، اپنی مرضی کو چلانے کے لئے اکثریت کی بنیاد پر یہ فیصلہ کیا۔

پھر جب رجسٹریشن کے قانون کی وجہ سے موجودہ حکمران اپنی مسلم لیگ کو تشکیل دیتے ہیں، اس کی رجسٹریشن کے لئے اپلائی کرتے ہیں تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ مسلم لیگ کے صدر جو کہ وزیر اعظم ہیں مسلم لیگ کے ایکٹنگ سیکرٹری جنرل جو کہ قومی اسمبلی کے ممبر ہیں، اور اسی طریقے سے باقی ممبران اپنی اس ایوان کی نشستوں کو کھو بیٹھیں۔ یہ اپنی جگہ اسی ایوان کے اندر ایک سوال اٹھتا ہے اور اسی سوال کی بنیاد پر قومی اسمبلی کے سپیکر الیکشن کمیشن کو ریفرنس بھیجتے ہیں، ۹۳ دنوں تک اس ریفرنس کا انتظار کیا جاتا ہے، سپیکر کے چیمبر میں اس کے متعلق گفتگو کی جاتی ہے، حکومت کو مکمل موقع ملتا ہے کہ اگر اس کے اندر کوئی قانونی کمزوری ہے تو وہ اس کی اصلاح کر سکتی ہے، لیکن حکومت کا موقف یہی رہتا ہے کہ ایوان کے اندر اٹھنے والا سوال کوئی قانونی حیثیت نہیں رکھتا، اس کا کوئی قانونی وجود نہیں اور اسی بنیاد پر ۹۳ دنوں تک اس کا انتظار کیا جاتا ہے۔ لیکن جب سپیکر کی طرف سے یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ اس سوال کا فیصلہ الیکشن کمیشن کرے گا، یہ ریفرنس بھیج دیا جاتا ہے تو حکومت کی طرف سے یہ فیصلہ نہیں کیا جاتا ہے کہ الیکشن کمیشن میں اسکا سامنا کیا جائے، اس کو face کیا جائے اور اس کے پاس جتنے بھی دلائل ہیں ان کو وہاں جا کر پیش کیا جائے، بلکہ اس کے لئے یہ راستہ تلاش کیا جاتا ہے کہ اس ریفرنس کو روکنے کے لئے اس کے جو اقدامات ہیں ان سے بچنے کے لئے یہاں ایک آرڈیننس جاری کر دیا جاتا ہے۔

اب اس آرڈیننس کے ذریعہ، میں اسی چیز کا سوال کرنا چاہتا ہوں کہ تین چار مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ اس میں سب سے پہلے قومی اسمبلی کے سپیکر نشانہ بنتے ہیں جن کو ان کے منصب سے ہٹایا جاتا ہے اور ان کے خلاف قرارداد عدم اعتماد اسی بنیاد پر لائی جاتی ہے کہ شاید اس ملک میں کوئی سیاسی بحران پیدا کرنے کے لئے ریفرنس بھیجا جاتا ہے۔ ایک ایسا منصب کہ جو نئے انتخابات کے بعد ہم ان کو چنتے ہیں، لیکن غیر ضروری، غیر شائستہ، غیر جمہوری طریقے کے ساتھ اپنی منشاء اپنی اکثریت اور اپنے اقتدار کی بنیاد پر سپیکر کو منصب سے ہٹا دیتے ہیں۔

جناب سپیکر! اس آرڈیننس کی وجہ سے اس ایوان کے قائد جناب محمد خان جونیجو جنہوں نے اس عرصہ میں اپنی سیاسی بالغ نظری کی وجہ سے اس ملک ایک مقام حاصل کیا تھا مارشل لاء کے خاتمے، جمہوریت کی بحالی کے لئے ڈٹ جانے کے منصوبوں کی بنیاد پر ایک مختصر سے وقت میں محمد خان جونیجو صاحب نے اپنے لئے ایک مقام پیدا کیا، لیکن اس آرڈیننس کی وجہ سے ان کا چہرہ ان کی شخصیت دھندلاتی ہے اور لوگوں کے دلوں میں یہ

سوال پیدا ہوتا ہے کہ جناب! یہاں قانون صرف اس لئے بنتے ہیں کہ یہاں شخصیتوں کو تحفظ دیا جائے، قانون صرف اس لئے لائے جاتے ہیں کہ یہاں اداروں کو بے وقعت کیا جائے۔ اسی طریقہ سے میں سمجھتا ہوں کہ اس آرڈیننس کی وجہ سے ہمارے اس ایوان کا وقار جہاں عوام کی نظروں میں مجروح ہوتا ہے وہیں اس کے ساتھ ساتھ خود وہ شخصیت جو کہ اس سے براہِ راست متاثر ہو سکتی تھی، اگر وہ قانون کا راستہ اختیار کرتے، جناب سپیکر! اگر وہ اس کو face کرتے تو میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ الیکشن کمیشن کے سامنے یہ اپنی گھناؤنی بنیاد کو، اپنے اس قانون کی حیثیت کو زیادہ واضح طریقہ سے پیش کر سکتے تھے۔ پنجاب کی ہائیکورٹ کے ڈویژنل بینچ نے خود اس ریفرنس کے بارے میں فیصلہ کیا ہے اور خود اس نے اس بات کو واضح کیا ہے کہ ریفرنس کی بنیادیں کمزور تھیں لیکن حکومت کے پاس اتنی جرأت یا اس کا سامنا کرنے کے لئے اتنی صلاحیت نہیں تھی کہ الیکشن کمیشن کو اس چیز کی طرف بڑھاتے۔

جناب سپیکر! اس آرڈیننس کے ذریعہ ہم نے لوگوں کے اندر اس تاثر کو بھی پیدا کیا کہ وہ شخصیت جو کہ صدر پاکستان اور فوجی وردی کے اندر موجود ہے وہ اس وقت بھی اپنی جگہ بااختیار ہے اور ان جمہوری اداروں کی کوئی حیثیت نہیں۔

جناب سپیکر! اس آرڈیننس کی وجہ سے چوتھا نشانہ اس ایوان کے اندر اس صورت میں پیدا ہوتا ہے، ایک مایوسی کی صورت میں پیدا ہوتا ہے کہ قانون اداروں کے تحفظ کے لئے نہیں بلکہ شخصیتوں کو غیر ضروری تحفظ کے لئے بنائے جاتے ہیں اور ہمارا ملک جو ہے درحقیقت کسی شخصیت کی پرستش کا شکار ہے۔ یہاں شخصیتوں کے بت تراشے جاتے ہیں، شخصیتوں کے تحفظ کے لئے قانون بنائے جاتے ہیں۔ یہاں اداروں پر شخصیتوں کو ترجیح دی جاتی ہے جس وجہ سے عوام کے اندر یہ حسرت اور یہ معاملہ پیدا ہوتا ہے کہ اس آرڈیننس کی وجہ سے، شاید اس قانون کے ذریعہ کوئی گھپلا کیا گیا ہے، قانون کے ذریعہ شاید کوئی غلط راستہ اختیار کیا گیا ہے۔ ورنہ اگر آج ہم اس ریفرنس کا پوری جرأت کے ساتھ سامنا کرتے، اگر قانون انہیں نااہل قرار دے دیتا، وہ اس فیصلے کو قبول کرتے تو ملکی سیاست میں آج محمد خان جونیجو کا نام امر ہوتا، محمد خان جونیجو اس ملک کی سیاست کو اس ٹریک پر ڈال دیتے کہ جس میں لوگ چاہتے ہیں کہ اصولی سیاست ہو، جس میں لوگ چاہتے ہیں کہ اصولوں کی بنیاد پر ہم اس ملک کو کسی منزل کی طرف لے کر چلیں۔ لیکن وہ راستہ نہیں اختیار کیا گیا۔

جناب سپیکر! میں اسی چیز کو چاہتا ہوں کہ اس آرڈیننس کے بارے میں حکومت از سر نو غور کرے، حکومت از سر نو اس کا جائزہ لے۔ جب ہائیکورٹ کے فیصلے ان کے حق میں موجود ہیں تو پھر اس آرڈیننس کو مزید تحفظ دینا اور اس کے لئے قانون سازی کرنا، اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ اس لئے حکومت کو از سر نو غور کر کے اس آرڈیننس کو واپس لے کر اپنی اسی حیثیت پر آنا چاہیئے اور اسی قانون کی بنیاد پر اس کا سامنا کرنا چاہیئے۔ اگرچہ یہ ایک نئی بات ہو گی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک کی سیاست میں ضرورت ہے کہ ایسے انقلابی اقدامات کئے جائیں، ایسے انصاف کی بنیادوں پر فیصلے کئے جائیں جس کی بنیاد پر لوگوں کے ذہنوں کے اندر جو خلجان ہے اس کو بھی ختم کر سکیں، اس ادارے کا جو وقار ختم ہوا ہے ہم اس کو بھی بحال کر سکیں اور یہ بات ثابت کر سکیں کہ یہ قانون ساز ادارہ درحقیقت قانون کی بالادستی میں چلنا چاہتا ہے۔

اس لئے جناب سپیکر! اس آرڈیننس کی اخلاقی حیثیت، اس آرڈیننس کی قانونی حیثیت اس آرڈیننس کے ذریعے جو ہمارے ملک میں سیاسی حیثیت مجروح ہوئی ہے اس کے لئے اس بات کا یہ تقاضا ہے کہ حکومت اس پر از سر نو غور کرے اور اس کو واپس لے کر اس کا قانونی سامنا کرے تو یقیناً قانون کی حیثیت میں اس کی اپنی پوزیشن مضبوط بھی ہو گی۔ اور اس لئے جناب سپیکر! میں نے جب اس آرڈیننس کو یہاں قانون سازی کے لئے پیش کیا گیا، اس کلاز کی جو مخالفت کی تھی اسی بنیاد پر کی تھی کہ اس آرڈیننس کی فی الحقیقت کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اس کو واپس لے کر اسی حیثیت پر پہنچ کر اس کی قانونی حیثیت کا سامنا کرنا چاہیئے۔

جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی صاحب!

رانا تنویر حسین: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب رانا تنویر حسین صاحب!

Rana Tanveer Hussain: I wanted to move, under rule 235 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, that the questions be now put.

Mr. Deputy Speaker: I think, Rana Sahib, I will put it whenever it is necessary.

سید اسعد گیلانی: پوائنٹ آف آرڈر

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب اسعد گیلانی صاحب!

سیّد اسعد گیلانی: یہ اس ہاؤس کے وقار کے خلاف ہے، نہایت افسوس ناک بات ہے۔ دو تین تقاریر ہوئی ہیں، ہمارے پاس ابھی کہنے کے لئے بہت سی باتیں ہیں۔ یہ ایک ایسا آرڈیننس ہے جو ایک بڑا ہی disputed ہے، بڑا ہی متنازعہ ہے، اور یہ صاحب اٹھ کر کہہ رہے ہیں کہ صاحب اس پر آپ ہاؤس میں کوئسچن پٹ کر دیجیے۔ یہ ہاؤس کے وقار کے خلاف ہے۔ ان کو اپنے الفاظ واپس لینے چاہییں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی رانا صاحب!

رانا تنویر حسین: جس طرح آپ کو معلوم ہے سر! کہ اس آرڈیننس کے شروع میں بھی کافی بحث ہوئی اور بجٹ تقاریر میں بھی اس پر کافی روشنی ڈالی گئی اور اب بھی اتنی ریپیٹیشن ہو رہی ہے تو میرا خیال ہے کہ یہ وقت کا ضیاع ہے مجھے اجازت دی جائے کہ میں موو کروں۔

Mr. Deputy Speaker: You have moved it; I will put it whenever it is necessary.

Rana Tanveer Hussain: I beg to move, under rule 235 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, that the question be now put.

سیّد اسعد گیلانی: ہم اس کا بائیکاٹ کریں گے۔ یہ اصول کے خلاف ہے۔ ہم نے ابھی بہت سی باتیں کہنی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اسعد گیلانی صاحب! ابھی تک تو میں نے پٹ نہیں کیا ہے۔ آپ ذرا تسلی رکھیں۔ اب آپ ٹائم ضائع نہ کریں۔

I am not going to put it; I am going to pick up some more speakers, then I will put it.

آپ تشریف رکھیں۔

Syeda Abida Hussain: Point of order, honourable member from Sheikhupura himself looked so very sheepish while he was moving his motion, Sir, I suggest that the honourable Law Minister, in future, get for himself another hatchetman.

Mr. Deputy Speaker: That is not a point of order.

رانا تنویر حسین: سر! جس طرح ابھی نصرت شاہ صاحب کہہ رہے ہیں کہ میں بالکل ٹھیک ٹھاک نظر آرہا ہوں، میں بیگم صاحبہ کو نہایت احترام سے وہ بیگم صاحبہ ہیں اور میں ان کا بہت احترام کرتا ہوں۔ یہی کہوں گا اور ان کو میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ جتنا ضیاع وہ صرف مخالفت برائے مخالفت کیلئے وقت کا کرتی ہیں شاید ان کو یہ realise نہیں ہوتا کہ قوم کا کتنا وہ نقصان کر رہی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، آپ بالکل ٹھیک ٹھاک نظر آرہے ہیں۔

Syeda Abida Hussain: I would like to inform the honourable member from Sheikhupura that I am not Begum Sahiba; I am his colleague.

رانا تنویر حسین: یہ اچھی بات ہے جی، یہ میرے لئے بڑی خوشی کی بات ہے جو انہوں نے کہا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: رانا صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ ڈاکٹر شفیق چوہدری صاحب

ایک معزز رکن: ڈاکٹر شیر افگن صاحب ہیں جی!

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر شیر افگن صاحب اس وقت نہیں تھے جب میں بلا رہا تھا۔

رانا تنویر حسین: سر! میں نے موو کیا ہے، آپ اس پر رولنگ دیں۔ یہ تو کوئی بات نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker: I will put it whenever it is necessary.

رانا تنویر حسین: نہیں، سر! میں نے موو کیا ہے، آپ اس کو پٹ کریں۔

Mr. Deputy Speaker: It is my discretion when I am going to put it. You have moved it.

آپ تشریف رکھیں، رانا صاحب! آپ نے موو کیا ہے۔

I will put your motion whenever I will feel it necessary.

جی جناب رائے منصب علی صاحب!

وزیر مملکت برائے محنت (رائے منصب علی خان): جناب والا! میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ رانا تنویر حسین صاحب نے جو تحریک پیش کی ہے وہ بہت مناسب ہے۔ تقریریں بہت ہو چکی ہیں اور ریپٹیشن ہو رہی ہے اور ایوان کا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ میری یہ

استدعا ہو گی کہ آپ اب موشن کو پٹ کریں کیونکہ اسی موضوع پر بہت سی باتیں ہو چکی ہیں اور بار بار ان باتوں کو دھرانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔

شیخ رشید احمد: یہ ہمارا حق ہے، ہمیں دیا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی صاحب! کوئی نیا پوائنٹ آف آرڈر؟ ورنہ آپ ٹائم ضائع کریں گے۔ ڈاکٹر صاحب! آپ سے استدعا ہے کہ آپ پانچ منٹ ٹائم رکھیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: صرف میں ایک پہلو لوں گا، وہ تو آپ سن لیں، صرف پانچ منٹ۔

یہ موجودہ بل جو کہ پہلے ۱۳ مئی ۱۹۸۵ء کو آرڈیننس کی شکل میں اجراء کیا گیا اس وجہ سے کہ اس وقت دو فاضل ممبران قومی اسمبلی جن کی رکنیت بنیادی طور پر ۱۸ جنوری ۱۹۸۶ء اور ۲۰ جنوری ۱۹۸۶ء کو اس بنیاد پر ختم ہو چکی تھی کہ وہ ایک ان رجسٹرڈ پارٹی کے رکن بن چکے تھے اور مروجہ قانون کے تحت وہ اپنی رکنیت سے خارج متصور تھے اور ان کے فن میں سپیکر صاحب سے استدعا کی گئی، کوئچن کی شکل میں، کہ وہ چیف الیکشن کمشنر کو بھیجیں کہ وہ ڈسکوالیفائی ہو چکے ہیں۔ اور اس کے بعد ان کی سیٹ ڈیکلیئر کی جائیں ویکینٹ، تو اسی ضمن میں میں ایک پہلو لیتا ہوں کہ اسی معزز ایوان نے آٹھواں ترمیمی بل پاس کیا اور اس میں ایک بنیادی آرٹیکل ہے جو کہ ۲۷ - اے کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس موجودہ کانسٹی ٹیوشن میں وہ انکارپوریٹڈ ہے، اس کی کلاز (۱) آپ اگر ملاحظہ فرمائیں:

> "*Affirmation of President's Orders, etc.*—(1) The Proclamation of the fifth day of July, 1977, all President's Orders, Ordinances, Martial Law Resolutions, Martial Law Order, including the Referendum Orders . . ."

یہ تمام چیزیں، جتنے پریذیڈنٹ آرڈرز تھے وہ بنیادی طور پر آٹھویں ترمیمی بل میں ویلیڈیٹ ہوئے۔ اور اسی ضمن میں اگر آپ کلاز (۳) اس کی دیکھیں:

> "All President's Orders, Ordinances, Martial Law Regulations, Martial Law Orders, enactments, notifications, rules, orders or bye-laws in force immediately before the date on which this Article comes into force shall

continue in force untill altered, repealed or amended by competent authority."

آپ اگر ایکسپلینیشن دیکھیں تو:

"In this clause, "competent authority" means, in respect of President's Orders, Ordinances, Martial Law Regulations, Martial Law Orders and enactments, the appropriate Legislature; . . . "

تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا پریذیڈنٹ as appropriate Legislature کام کرسکتا ہے یا کوئی ایسا قانون پاس کرسکتا ہے جو آرٹیکل ۲۷۰۔ اے کے تحت ویلیڈیٹ ہوا اور کانسٹی ٹیوشنلی پروٹیکٹڈ ہے؟ اور اس میں یہ خصوصی ایک proviso ہے ایک قسم کی کہ ماسوائے appropriate Legislature کے وہ کسی طریقے پہ نہ آلٹر ہوگا، ریپیل ہوگا یا امنڈ ہوگا۔ لیکن آرٹیکل ۸۹ کا سہارا لے کر ایک امنڈمنٹ آرڈر اشو کیا گیا ہے۔ ۳ آرڈیننس ون آف ۸۶ء کہلاتا ہے۔ تو آپ اگر اسی امنڈمنٹ بل میں دیکھیں، اس میں کلاز (۲)

"Notwithstanding anything contained in the aforesaid Order or any other law, or any judgment of any court, no person shall be disqualified or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985, from being a member of the Majlis-e-Shoora (Parliament) or a Provincial Assembly on the ground that such person is a member of a political party which has applied for registration under the Political Parties Act, 1962 (III of 1962), whether before or after he became its member, and the application of which is not refused or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal."

آپ ملاحظہ فرمائیں کہ یہ جو بل موجودہ لایا گیا ہے یہ true copy ہے اس آرڈیننس کی۔ بنیادی طور پر appropriate Legislature میں آپ کو میز "پارلیمنٹری پریکٹس" سے کوٹ کرتا ہوں کہ کیا ہوتا ہے۔ تین چیزیں بنیادی طور پر پارلیمنٹ کو constitute کرتی ہیں پریذیڈنٹ وہاں میز میں ساورن کہتے ہیں،

instead of President, there is a sovereign, plus Upper House, Lower House.

ہمارے ہاں بھی آرٹیکل ۵۰ موجود ہے جس کے تحت پارلیمنٹ میں تین components ہیں۔ پریذیڈنٹ، نیشنل اسمبلی اور سینٹ Appropriate Legislature اس لئے لگایا گیا تھا کہ کوئی قانون جو اس وقت مروج تھا۔

(Intrupptions)

Mr. Deputy Speaker: May I request the members to maintain order in the House? Please maintain order in the House.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! پی او ۵ آٹیکل ۲۷۰ اے کے تحت ڈیلیٹیٹ ہوا۔ اب اس کی امنڈمنٹ alteration یا repeal بنیادی طور پر یذیڈنٹ کی جیورسڈکشن میں نہیں تھی اور یہ آرٹیکل ۸۹ کے تحت بالکل نہیں آتا

"Appropriate legislature" is only National Assembly and Senate in this context.

اس لحاظ سے بنیادی طور پر میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ ایسے آرڈیننس کو اس بل کی شکل میں لایا ہی نہیں جا سکتا۔

دوسرا پوائنٹ جو میرا ہے وہ یہ ہے کہ اگر آپ ایم این کول کی "پارلیمنٹری پریکٹس" کو دیکھیں، آپ صفحہ ۴۹۴ پڑھیں تو اس میں بنیادی طور پر ایک چیز دی گئی ہے کہ اگر کوئی بل جو قومی اسمبلی میں یا سینٹ میں لایا جاتا ہے تو اس سیکریٹریٹ کا یہ فرض ہے کہ وہ آئین کی avail پر کسوٹی پر اس کو پرکھے۔ اگر کہیں پر اس کی متصادم شقیں ہیں، اس کی پروویژن کے خلاف ہے یا کسی قانون قاعدہ کے خلاف ہے تو وہ بل پھر لاء منسٹری کو واپس ریفیر کیا جا سکتا ہے۔

تو اس بنیاد پر میں کہہ سکتا ہوں کہ یہ ہمارے آئین کے پہلے ایمبل کے خلاف ہے، آرٹیکل ۴ کے خلاف ہے، آرٹیکل ۸ کے خلاف ہے، آرٹیکل ۲۵ کے خلاف ہے، آرٹیکل ۵۲ کے خلاف ہے، آرٹیکل ۶۳ کے خلاف، آرٹیکل ۲۲۵ کے خلاف ہے یہ کیسا piece of legislation ہے؟ بنیادی طور پر سیکریٹریٹ کی یہ ڈیوٹی تھی کہ اس کی ہیلتھ چیک کرتے اس کے لاء پوائنٹ آف ویو کو دیکھتے before it was brought to this honourable House. تو میں یہ کہتا ہوں کہ اس سے بڑی زیادتی اس قوم کے ساتھ اور کیا ہو سکتی ہے کہ انہوں نے اس کو چیک نہیں کیا کہ یہ جو piece of legislation لا رہے ہیں یہ inconsistent ہے، derogatory ہے، unconstitutional ہے، unlawful ہے، ultra vires ہے، تو یہی میری گذارش

ہے کہ بنیادی طور پر یہ آپ اور ہم پر اخلاقی فرض ہے ۔ اس کی جب بنیاد ہی غلط ہے، ضمیر کے متصادم ہے، ہمارے خیال کے متصادم ہے عوام کے متصادم ہے، لوگوں کی آراء اس کے بارے میں بہت بٹی ہیں اور وہ یہی سمجھتے ہیں کہ موجودہ وزیر اعظم اور عبدالستار لالیکا صاحب دونوں قومی اسمبلی کے رکن نہیں ہیں، صدارتی آرڈیننس کے رکن ہیں۔ اور ان کا اخلاقی فرض ہے کہ یہاں مت بیٹھیں ۔ شکریہ ۔

جناب ڈپٹی سپیکر : شیخ رشید احمد صاحب !

شیخ رشید احمد : جناب سپیکر! جب قانون بنانے اور پاس کرنے کا مقصد اپنی ذات اور اپنے اقتدار کو استحکام پہنچانا ہو تو وہ قانون، قانون نہیں ہوتا بلکہ وہ کسی مولا جٹ کا گنڈاسہ ہوتا ہے۔ اور جناب سپیکر! جب تیز ہوائیں ایسے قانون کے خلاف چلتی ہیں تو بڑے بڑے تناور درخت بھی جڑوں سے اکھڑ جاتے ہیں، اور جب اس کے خلاف عوام کا سیلاب آتا ہے.....

(Interruption)

Mr. Deputy Speaker: May I request this disturbed corner to keep quiet. This disturbed corner and this beautiful corner.

شیخ رشید احمد : جناب سپیکر! اور وہ لوگ جو یہ کہتے ہیں کہ ہم تیز ہواؤں کو طوفانوں میں نہیں بدلنے دیں گے تو جب تیز ہوائیں طوفانوں کا رنگ اختیار کرتی ہیں تو بڑے بڑے حصار کو بھی توڑ کر وہ طوفان تناور درختوں کو جڑوں سے اکھیڑ دیتے ہیں، اور وہ پانی جب سیلاب کی شکل اختیار کرتا ہے تو کنارے بلند کرنے سے کچھ نہیں ہوتا بلکہ جب سیلاب آتا ہے تو لوگ سفینہ ہوتے کے باوجود بھی ڈوب جاتا کرتے ہیں ۔

آج جناب سپیکر! اس قانون کو پاس کرانے کے لئے جو اتنی جلدی کی جا رہی ہے، درحقیقت وہ اپنی کم عقلی، کج فہمی اور ذہنی پستی پر پردہ ڈالنے کے لئے ایک ایسی مثال قائم کرنا چاہتے ہیں کہ وہ آرڈیننس جس نے کہ ایک ایسی سیاسی پارٹی کو، ایک ایسی سیاسی پارٹی کے دو ممبروں کو جن کو اس پارٹی کے نام پر عوام سے ووٹ لینے کی تو جرأت نہیں تھی لیکن اس ایوان میں پارٹی بنانے کا پورا حق اس لئے حاصل تھا کہ یہ انجمن امداد ستائش باہمی کا ایک ایسا ادارہ کھولنا چاہتے تھے ۔ جس سے اور کچھ نہ ہو سکے تو کم از کم ایک دوسرے کے مفادات کی

نگہداشت کی جاسکے۔

جناب سپیکر! مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اگر یہ حضرات عوام سے اس پارٹی کے نام پر ووٹ لے کر آتے تو یقیناً یہ قابل احترام ہوتے۔ اور اگر ان میں اتنی جرأت ہے تو جناب! جب انہوں نے غیر جماعتی ایوان کو جماعتی رنگ دیا ہے تو اس سے پہلے ضروری تھا کہ یہ عوام کے پاس جاتے اور کہتے کہ ہم اس مسلم لیگ کے لئے آپ سے ووٹ مانگنا چاہتے ہیں۔ اور وہ لوگ جو آج اس ملک میں مڈٹرم انتخابات کا مطالبہ کرتے ہیں وہ اس لئے حق بجانب ہیں کہ آج یہ ایوان عوام کے مفادات کی بجائے اپنے مخصوص کے مفادات کی نگہداشت کر رہا ہے۔

جناب سپیکر! جب آپ قانون کو، وہ قانون جو سو سالہ جرم کو بھی جرم ثابت کرتا ہے، اور وہ قانون جس میں وقت کی مصلحت کے تحت پردہ پوشی کا مطلب یہ نہیں ہوسکتا کہ آنے والا وقت بھی ان کا وقت ہوگا، بلکہ وہ قانون جو کہ سچائی کا قانون ہے۔ جس نے ظالم کی بجائے مظلوم کا ساتھ دیا ہے۔ جس نے جھوٹ کی بجائے سچ کا ساتھ دیا ہے۔ جس نے طاقتور کی بجائے کمزور کا ساتھ دیا ہے وہ اکثریت کے بل بوتے پر نہیں بلکہ اصولوں کے بل بوتے پر زندہ ہوتا ہے اور جب اس قانون کو کہ آپ نے ایک غلطی کی اور اس غلطی کی سزا سپیکر کو دے دی اور جب .....

جناب ڈپٹی سپیکر: شیخ صاحب! ذرا مختصر کریں۔

شیخ رشید احمد: شکریہ، جناب سپیکر! شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: مولانا گوہر رحمٰن صاحب۔

مولانا گوہر رحمٰن: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

جناب سپیکر! میں اس آرڈیننس پر جو اب بل کی شکل میں اس ایوان کے سامنے پیش ہوا ہے، پہلی بات تو یہی عرض کروں گا کہ یہ ضرورت کے بغیر جاری کیا گیا تھا اور ضرورت کے بغیر اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے۔ اس کی کوئی ضرورت ہی نہیں۔ قانون بنایا جاتا ہے عوام کے مفاد کے لئے، عوامی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے، عوام کی فلاح و بہبود کے لئے یا عوام کی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے۔ میں نہیں سمجھ سکا اس بات کو کہ اس آرڈیننس کے نافذ کرنے میں اور پھر اس کو یہاں بل کی شکل میں پیش کرنے میں عوام کا مفاد کیا ہے مجھے تو عوامی مفاد یا عوامی ضرورت

یا عوامی مطالبہ اس میں نظر نہیں آتا۔

حقیقت میں یہ ایک شخص یا دو اشخاص کے ذاتی مفاد کو ملحوظ رکھ کر جاری کیا گیا تھا اور ان دو اشخاص کے ذاتی مفاد کے لئے یہاں پیش کیا گیا ہے۔ یہ بات مجھے غلط نظر نہیں آتی۔ جو ریفرنس الیکشن کمشنر کے پاس بھیجا گیا تھا، اگر وہ قواعد کے مطابق تھا یا مطابق نہیں تھا، وہاں جاکر جو سوال اٹھایا گیا تھا وزیر اعظم اور مسلم لیگ کے اس وقت کے عارضی سیکرٹری کے خلاف، وہ اگر قانون کے مطابق نہیں تھا تو ان دونوں حضرات کو خود جاکر الیکشن کمشنر کے پاس پیش ہونا چاہیئے تھا، قانون کا سامنا کرنا چاہیئے تھا۔ وہاں سے ان کے حق میں فیصلہ ہوتا تو ان کے وقار میں بھی اضافہ ہوتا، ان کی عزت میں بھی اضافہ ہوتا اور جمہوری اصول بھی اس ملک میں پروان چڑھتے۔ تو اگر ان کے خلاف فیصلہ ہوتا تو عوام کے پاس جاکر دوبارہ الیکشن لڑتے۔ یہ تھا اصولی طریقہ، جمہوری طریقہ، اخلاقی طریقہ اس طریقے کو چھوڑ کر دوسرا طریقہ اختیار کیا گیا ہے تو یہ ذاتی مفاد کے لئے ہے، عوامی مفاد کے لئے نہیں ہے۔ میں اسی بنیاد پر اس بل کی مخالفت کرتا ہوں۔

تیسری بات میں یہ عرض کروں کہ جو قانون، جو ضابطہ، جو بل حکومت کے ذاتی مفاد میں ہو اس کو تو پیش کرنے میں اور منظور کرانے میں اتنی جلد بازی سے کام لیا جارہا ہے جس کو آپ دیکھ رہے ہیں اور پاکستان کے عوام دیکھ رہے ہیں، لیکن عوام کا جو اصل مطالبہ ہے اس کو موخر کرایا جارہا ہے۔ یہ موضوع کے ساتھ متعلق بات کررہا ہوں۔ یہ میں دلیل دے رہا ہوں کہ اگر عوامی مفاد کو یہ حکومت ملحوظ رکھتی تو اس بل کو پہلے پیش کرتی جو عوام کا مطالبہ تھا۔ نواں ترمیمی بل سینٹ میں منظور ہوا، آج اسے پیش کرتی، تو عین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جو یہاں پروگرام میں رکھا گیا تھا اس کو پہلے کرتی، اس لئے کہ وہ عوام کا مطالبہ بھی ہے، اسلام کا تقاضا بھی ہے، پاکستان کے استحکام کی ضرورت بھی ہے۔ لیکن اس کو ٹالا جارہا ہے اور اس آرڈیننس کو بل کی شکل میں منظور کرانے کے لئے اتنی جلد بازی سے کام لیا جارہا ہے کہ جس کو آپ خود دیکھ رہے ہیں۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ قانون سازی عوامی مفاد کے لئے نہیں ہورہی بلکہ ذاتی مفاد کے لئے ہورہی ہے۔ اس لئے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، مولانا صاحب۔ سید اسعد گیلانی صاحب!

سید اسعد گیلانی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب سپیکر! میں آپ کا بیحد ممنون ہوں اور

اس شکریئے کے لئے اپنا وقت لگا رہا ہوں کیونکہ مجھے قطعاً امید نہیں تھی کہ جو اس وقت ماحول اور فضا بن گئی ہے تو اس جلد بازی کے دوران آپ مجھے موقع دیں گے۔ میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اور پوائنٹس ہی بیان کروں گا کہ سب سے پہلا مسئلہ یہ ہے کہ ہمارا یہ بہت بڑا چالیس سالہ قومی المیہ ہے کہ جب کبھی ہماری زندگی میں اور کبھی کبھار ہی ایسا موقع آتا ہے کہ ہم اصول پرستی کا اصولوں کے تحفظ کا راستہ اختیار کرنا چاہیں تو ہم بڑے قومی پیمانے پر مفاد پرستی کا اور شخصیت پرستی کا راستہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ وہ بہت بڑا المیہ ہے جس نے ہم کو پاکستان بننے کے بعد آج تک ہمیں یہاں پہنچایا ہے۔ یہ پہلی بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ اور وہی راستہ یہاں اس معاملے میں اختیار کیا گیا ہے۔

دوسری بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس آرڈیننس کے ذریعے سے فی الحقیقت حکومت نے اپنی جمہوری ساخت کو اور اپنی اخلاقی ساخت کو زبردست نقصان پہنچایا ہے۔ جمہوری ساخت کو اس طرح نقصان پہنچایا ہے کہ جو لوگ اپنے آپ کو اتنی بڑی میجارٹی میں یہاں سمجھتے ہیں ان کو یہ ہمت نہیں ہے کہ ایک یا دو حلقہ انتخاب میں ضمنی الیکشن کے لئے چلے جائیں۔ چونکہ یہ ہمت نہیں اس بنا پر ان کے اندر جمہوری حوصلہ نہیں ہے۔ ان کا خیال یہ ہے کہ یہاں تو وہ سامنا کر سکتے ہیں کیونکہ کسی نہ کسی شکل میں انہوں نے اکثریت بنالی ہے، لیکن وہاں وہ سامنا نہیں کر سکتے جہاں پبلک ہے اور جہاں مفادات کو اس طرح تقسیم نہیں کیا جاتا۔ اس لحاظ سے ان کا جمہوری نقصان ہوا ہے اور اس آرڈیننس کے بعد ان کی وہ حیثیت باقی نہیں رہی جو پہلے تھی، اخلاقی لحاظ سے، اس لئے کہ قانون نے ایک راستہ اختیار کر لیا اور قانون نے یہ بات بتلائی کہ اس طرح واقع ہونے سے فلاں فلاں حضرات کی رکنیت ساقط ہو گئی۔ یہ قانون کا فیصلہ تھا۔ جب قانون کے فیصلے کو ہم avoid کرنا چاہتے ہیں تو لازماً ہم غیر قانونی ذرائع اختیار کرتے ہیں اور غیر اخلاقی ذرائع اختیار کرتے ہیں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ ایک شخص کے تحفظ کے لئے یا دو شخصوں کے تحفظ کے لئے جو ہم نے قانون کا راستہ چھوڑا اور غیر قانونی راستہ اختیار کیا تو یہ ایک طرح کا غیر اخلاقی طرز عمل ہے۔ میں اس کو malpractice کہتا ہوں۔ یہ آرڈیننس نہیں ہے یہ malpractice جو کی گئی ہے یہ کسی صورت میں بھی اس ہاؤس کو زیب نہیں دیتی۔ یہ دوسری بات ہے جو میں عرض کرنا چاہتا تھا۔

تیسری بات یہ ہے کہ یہ ہم نے پارلیمنٹری سسٹم بنایا۔ پارلیمنٹری سسٹم کے معنی ہی یہ ہوتے ہیں

کہ اس کے اندر پارٹیاں فنکشن کرتی ہیں۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب پارلیمنٹری سسٹم چلانا تھا تو اس کے بعد پارٹی لیس ہاؤس بنانے کی کیا ضرورت تھی۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نیت تو تھی پریذیڈنشل سسٹم کو چلانے کی لیکن چونکہ یہاں اس ملک میں پریذیڈنشل سسٹم کے خلاف بڑے پیمانے پر تحریک چل چکی تھی۔ اس لئے یہ کہنے کی جرأت نہیں تھی تو اس لئے انہوں نے یہ راستہ اختیار کر لیا کہ چلیں گے پریذیڈنشل سسٹم پر اور کہیں گے پارلیمانی سسٹم۔ اسی بناء پر میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ اس ہاؤس میں جیسے ہی یہ وجود میں آیا ہم نے نہیں بلکہ خود گورنمنٹ پارٹی نے اپنے لئے ایک پارٹی بنالی، اوپی جی کے نام پر، جو فی الحقیقت ان کو بنانی نہیں چاہیئے تھی، اس بنیاد پر کہ جو انہوں نے پورے الیکشن کو پارٹی لیس بنوایا تھا۔ لیکن جب انہوں نے یہ کر لیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ انہوں نے پارلیمنٹری سسٹم کے لئے راستہ کھولا۔ یہ ان کا غیر اخلاقی طرز عمل تو ان کو کرنا نہیں چاہیئے تھا۔

اس کے بعد میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ فی الحقیقت قانون کا جو ٹیمپرامنٹ ہے وہ بے لاگ ہے، ہمہ پہلو ہے، سب کے لئے ہے، اور ہمیشہ اس کا ویو نیشنل ہوتا ہے اور وہ سب کے لئے ہوتا ہے، کسی فرد کے لئے نہیں ہوتا۔ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ جب افراد کو سامنے رکھ کر کوئی قانون بنایا جاتا ہے تو malpractice ہوتا ہے، بدنیتی پر مبنی ہوتا ہے، اور اس کو ہم نیت خیر نہیں کہہ سکتے۔ اس بناء پر یہ جو بل پیش کیا جا رہا ہے میں اس کو ایک mala fide بل سمجھتا ہوں اور اس کے لئے کوئی اخلاقی جواز نہیں سمجھتا۔

جناب سپیکر! ایک آدھ بات اور کہنے کا اگر آپ موقع دیں۔ میں صرف یہ عرض کروں گا کہ اس بل کو اگر واپس لے لیا جائے اور اس ہاؤس کے اندر فریش بل انٹروڈیوس کیا جائے اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے تو وہ زیادہ اخلاقی، بہتر اور جمہوری طریقہ ہوگا۔ اس کی بجائے آرڈیننس جس کو "فرمان شاہی" کہا جاتا ہے، آرڈیننس کا اگر ہم اردو ترجمہ کریں تو "فرمان شاہی" بنتا ہے، کیا اس پاکستان کے اندر جو جمہوری ملک ہے اور عوامی ملک ہے، اس کے اندر "فرمان شاہی" مسلسل جاری ہوتے رہیں گے؟ میں اس کو نامناسب سمجھتا ہوں اور میں اس کے خلاف احتجاج کرتا ہوں کہ آئندہ اس ملک کے اندر فرمان شاہی جاری نہیں ہونے چاہئیں اور عوام کے قوانین عوام کی اسمبلی کے اندر پاس ہونے چاہئیں۔

شکریہ، جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب خان محمد عارف صاحب!

خان محمد عارف خان: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ مسٹر سپیکر سر! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے بھی وقت عطا فرمایا۔ میں کوشش کروں گا کہ جیسے آپ نے مہربانی فرمائی ہے کہ میں اسے مختصر کروں۔

جناب والا! مجھے سمجھ نہیں آتا کہ یہ ایوان کے سامنے جو بل پیش ہے، جو آرڈیننس کی شکل میں تھا، اس کے بعد بل آیا، یہ جو آج اس ایوان میں شکل تبدیل کر کے آرڈیننس بل کی شکل میں نازل ہوا اس کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی اس کی غرض و غایت کیا تھی، اس کا مقصد کیا تھا۔ صرف دو آدمیوں کو بچانے کے لئے۔ اور اس کا کوئی مقصد نہیں تھا۔ یہ سب سے پہلے حاجی سیف اللہ صاحب نے اس ریفرنس کو پیش کیا، سپیکر نے اسے پینڈنگ رکھ دیا، اتنا عرصہ لمبا گزرتا رہا یہ پینڈنگ رہا۔ اگر اس بل میں کوئی مضبوطی ہوتی، اگر یہ حقائق ہوتے اور اگر یہ امر واقع ہوتا تو سپیکر کے چیمبر میں لاء منسٹر صاحب جو تجربہ کار شخصیت ہیں اٹارنی جنرل ان کی سیٹیسفیکشن کراتے کہ یہ ریفرنس آپ نہیں بھیج سکتے اور یہ قانون کے مطابق نہیں ہے۔

مگر مصیبت ہمارے ملک میں یہ رہی ہے کہ ہمیشہ حکمران قانون کو اپنے تابع رکھتے رہے ہیں اور وہ قانون کے تابع نہیں رہے، اور اس کا نتیجہ یہ ہوتا رہا کہ وہ حکومتیں تباہ اور برباد ہوتی رہیں۔ سکندر مرزا نے غلام محمد کو ڈسمس کیا، غلام محمد کے بعد جنرل ایوب خان نے سکندر مرزا کو نکالا، اور اس کے بعد ایجی ٹیشن ہوا۔ یحیٰی خان آئے، یحیٰی خان کو بھٹو نے نکالا۔ پھر بھٹو نے بھی یہی کارروائی کی کہ اکثریت تھی بنگال کی اور وہاں کانسٹی چوئنٹ اسمبلی کی تاریخ مقرر ہو چکی تھی تو اس نے اعلان کر دیا کہ جو وہاں جائے گا میں اس کی ٹانگیں توڑ دوں گا۔ جناب والا! اسی لئے ہمارے ملک میں ترقی نہیں ہو سکی اور یہ فلاحی مملکت نہیں بن سکی کہ ہم نے ہمیشہ غیر قانونی کارروائی سے قانون کو اپنے تابع رکھا ہے اور ہم نے اپنے مفاد کو اپنے مدنظر رکھا ہے۔

مسئلہ تو یہاں سے چلا ہے کہ سپیکر نے ریفرنس بھیج دیا۔ اگر اتنی جرأت تھی، اگر حقیقت تھی، اگر یہ ریفرنس غلط کیا تھا تو کیوں نہ چل کر چیف الیکشن کمشنر کے سامنے اٹارنی جنرل صاحب یا لاء منسٹر صاحب نے اپنے علم اور تعلیم کے دریا بہائے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، خان صاحب!

خان محمد عارف خان: جناب! اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ بل جو آج پاس ہو رہا ہے ہم نے عوام کے سامنے یہ حلف اٹھایا تھا کہ ہم خدا کو حاضر ناظر کر کے کہتے ہیں کہ اپنے پیٹ پہ پتھر باندھیں گے اور آپ کا خیال کریں گے اور ہر قانونی معاملے میں ہم پورا ساتھ دیں گے اور آئین اور قانون کے مطابق صحیح چلیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ، خان صاحب!

خان محمد عارف خان: جناب والا! ایک منٹ۔ اسی طرح ہم نے آ کر ایوان میں حلف اٹھایا، ایوان میں آ کر قسم اٹھائی۔ وہ کون سی گنگا الٹی ہو جاتی، وہ کون سا آسمان پھٹ جاتا، وہ کون سے واقعات پیدا ہو جاتے، وہ کون سی چیزیں ظاہر ہو جاتی وہ کون سے سمندر خشک ہو جاتے یا دریا اپنی روانی چھوڑ دیتے اگر یہ پیش ہو جاتے اور وہاں جا کے آرگومنٹس کرتے؟ اگر ان کو ہٹا بھی دیا جاتا تو آج ان کا بول بالا ہوتا کہ انہوں نے قانون کا احترام کیا ہے، قانون کی بالادستی کی ہے قانون کی خاطر یہ لوگ پھر الیکشن لڑ کے آ سکتے تھے۔

جناب والا! یہ بل قوم کے لئے مفید نہیں ہے۔ یہ بل اخلاقاً تہذیباً، کسی طریقے سے بھی مفید نہیں ہے اور اس بل کو پاس نہ کیا جائے۔

رانا نذیر احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! صبح سے اس بل پر جو بحث ہو رہی ہے، جتنے بھی مقرر بحث میں حصہ لے رہے ہیں وہ ایک ہی نکتے کو بار بار دہرا رہے ہیں۔ نکات کو بار بار دہرانا اس طرح ہے کہ جیسے ہر مقرر ایک ہی تقریر کر رہا ہے۔ اس طرح ایوان کا وقت ضائع ہو رہا ہے۔ لہٰذا میں رول ۲۳۵ کے تحت یہ موو کرتا ہوں کہ:

"The question be put to the House."

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ پہلے ہی موو ہو چکی ہے۔

I will put it at the right time.

جی بیگم سلوت شیر علی پٹودی صاحبہ!

Begum Silvat Sher Ali Khan Pathudi: The honourable member seems to be very worried.

Mr. Deputy Speaker: I don't think so. You just have . . .

بیگم سلوت شیر علی خان پٹودی: ہم بار بار کیوں نہیں کہیں گے؟ ہمارا حق ہے، ہم کہیں گے اور یہ سنیں گے شاید ان کے دل و دماغ میں کوئی چیز آجائے۔
جناب ڈپٹی سپیکر! شکریہ۔ تشریف رکھیں۔

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, many moons ago, William Shakaspeare said: "Some men are born great, some achieve greatness, and some have greatness thrust upon them." Since Mr. Muhammad Khan Junejo is the victim of the third category, I would like to say that there are moments . . .

Mr. Deputy Speaker: I hope you just would know the five minutes limit of time.

Syeda Abida Hussain: . . . moments in history, Mr. Speaker, Sir, when there are individulas that have greatness thrust upon them. Such a situation, regrettably, leads those individuals to situations of considerable distress.

Mr. Speaker, Sir, there are political commentrators in our country who have described the National Assembly of Pakistan, the present National Assembly, as a hot house plant, hot house plant in the sense of its being an artifical attempt to generate a democratic process. Mr. Speaker, Sir, perhaps, one of the reasons that we have invited this comment is because the Leader of the House is indeed a hot house plant because he was nominated. You see, Mr. Speaker, we all obtained the mandate but the Leader of the House was nominated and he was nominated possibly for certain reasons. I am sure the nomination had something behind it. It is interesting to note that the Leader of the House has a somewhat modest political history. He has never, in fact, won a general election. You see, he was elected initially during the Ayub era on basis of the B.D. system, which was the indirect franchise. He lost the general elections of 1970 as indeed of 1977.

Mr. Deputy Speaker: Let's not go into personal histories.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, it is very important because this links up with the desire of the honourable Prime Minister to save himself through an artificial device, which is the law, which is what we are discussing.

Rai Mansab Ali Khan: On a point of order.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, I am within the scope of my discussion.

رائے منصب علی خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ میں آپ کی توجہ رول ۲۳۰ کی طرف دلانا چاہتا ہوں جس میں یہ لکھا ہے:

"The Speaker, after having called the attention of the Assembly to the conduct of a member who persists in irrelevance or in tedious repetition either of his own arguments or of the arguments used by other members in debate, may direct him to disccontinue his speech."

جناب ابیں استدعا کرتا ہوں کہ جھنگ سے معزز ممبر عابدہ حسین صاحبہ بالکل غیر متعلقہ بات کر رہی ہیں، موضوع زیر بحث سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے آپ ان کو حکم دیں کہ وہ اپنی تقریر ختم کریں اور اس ایوان کا وقت ضائع نہ کریں۔

(Many members stood up on points of order)

Mr. Deputy Speaker: I don't think we just have to reiterate it on points of order on this account. Thank you very much.

Yes, Begum Sahiba.

The Minister for Food, Agriculture and Cooperatives (Kazi Abdul Majid Abid): I want to correct the honourable member from Jhang. Mr. Muhammad Khan Junejo never contested '70 elections whereas she has alleged that he had lost the election in 1970.

Mr. Deputy Speaker: Nusrat Sahib, are you insisting on your point of order, which is relevant to whom?

Syed Nusrat Ali Shah: It is relevant to the scope or the situation that has developed on the floor of the House. And if I may, by your permission, point out that the honourable Minister gets up and speaks, and here I am on a point of order and you are ignoring me my right to represent. Sir, I think it is a very partial attitude that you have adopted towards the Treasury Benches. After all, we Independents have also the right to be, if not outside, within the scope of this House, Mr. Speaker.

Mr. Speaker, Sir, on a point of order. I wish to know since when the honourable Minister of State has taken it upon himself to adjudicate upon the principles or the procedures to be adopted by the Speaker of the National Assembly? It is for the Speaker, it is for the Chair to adjudicate whether a particular point or speech is within the scope.

Mr. Deputy Speaker: Thank you, Nusrat Sahib, thank you very much. Sethi Sahib, let's not waste the time.

The Minister of State for Industries (Haji Muhammad Unis Elahi): Sir, it is a repetition, nothing more, and personal attacks. So kindly look into it.

Mr. Deputy Speaker: Unis Sahib, I will do it at the most appropriate time; you don't have to tell me.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, as I was saying, Mr. Muhammad Khan Junejo has a modest political history. You see, Mr. Muhammad Khan Junejo has never won a general election. In 1985, he came unopposed and, Mr. Speaker, Sir, unopposed election, in the context of the atmosphere that prevails in Pakistan, always makes people suspicious in any case. But I wish to say, as William Shakespeare said, when greatness is thrust upon individuals, Mr. Speaker, Sir, and they wish to acquire a better height, official height, then the best way for them to operate and proceed, perhaps, is if they lean on and rest upon the source of strength which can be actual and real, which is, in the case of Mr. Junejo, the House itself and the people of Pakistan. But, Mr. Speaker, Sir, this is not what the honourable Prime Minister chose to do. The honourable Prime Minister, regrettably, being the hot House plant that he is, has not gained the kind of confidence that might have motivated him to face the Election Commission. Instead, Mr. Speaker, Sir, he issued an Ordinance, as we know.

Now, Mr. Speaker, Sir, today we are as we stand really before—I was about to say—that great imperial power, the United States, that of course the Government of Pakistan pays a great deal of attention to, and in fact it worries more about the desire and requirements of this great imperial power than about its own people. Whenever, in short life of this House, a critical piece of

legislation appears, somebody has to turn to the U.S. You see, Mr. Speaker, we will all recall that, at the time of the Eighth Amendment, indecent haste was applied because at that time the President of Pakistan was making his tour to U.S. and he had to go to the U.S., you see, to be able to say to our imperial masters that he had come with the Eighth Amendment behind him. Now tomorrow the Prime Minister is going with this thought and he wants to go with this piece of legislation—with indecent haste—behind him.

But, Mr. Speaker, Sir, it is not the imperial power of the U.S. that will sustain Mr. Junejo. After all, let us not forget that the same imperial power could not rescue a coup, it could not rescue Raza Shah Pehlvi, and perhaps it will not be able to rescue a Mr. Muhammad Khan Junejo. So Mr. Muhammad Khan Junejo, the honourable Prime Minister, would be well advised not to pay so much attention to their all global trot; that amounts to very little; but in the main here to face the House, to hear what is being said, to hold himself accountable to the people of Pakistan and to behave as an honourable gentleman, not invite the Shakespearian saying that greatness was thrust upon him or, perhaps, rise to dimensions bigger than those.

Thank you, Mr. Speaker.

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Javed Hashmi Sahib..

جناب جاوید ہاشمی: جناب سپیکر! میں آپ کا شکر گزار ہوں۔

رانا تنویر حسین: جناب سپیکر! میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ کوئسچن پٹ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ میں کوئسچن پٹ کرتا ہوں۔

جناب جاوید ہاشمی: جناب سپیکر! وزیر قانون و انصاف جناب اقبال احمد خان صاحب نے قومی پریس کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا تھا کہ اس آرڈیننس کی، جو آج بل کی صورت میں ہاؤس کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے، قطعاً ضرورت نہیں تھی۔ یہ آرڈیننس قانونی پیچیدگیوں سے بچنے کے لئے اور صرف نفسیاتی فضا پیدا کرنے کے لئے انہوں نے جاری کرایا تھا۔ جناب والا! وہ آرڈیننس بل کی صورت میں

ہاؤس کے سامنے موجود ہے اور اس سے بڑا وقت کا ضیاع کسی اور طریقے سے نہیں ہو سکتا۔ کچھ حضرات یہ فرما رہے ہیں کہ وقت کا ضیاع ہو رہا ہے ۔ وقت کا سب سے بڑا ضیاع وزیر قانون صاحب کے انٹرویو کے مطابق یہ ہے کہ غیر ضروری قانون سازی کے لئے اس اسمبلی کو استعمال کیا جا رہا ہے اگر قانون کی، اس آرڈیننس کی ضرورت نہیں تھی تو اس کو یہاں آج بل کی صورت میں لانے کی ضرورت موجود نہیں رہتی۔

اس کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ صدر محترم نے مجلس شوریٰ سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ وزیر قانون اقبال احمد خان صاحب نے بہت غلطیاں کیں اور ان کی غلطیوں کی وجہ سے ہم یہاں تک پہنچے، لیکن شریعت بل میں انہوں نے بڑی کامیابی کا مظاہرہ کیا ہے شکر ہے کہ انہیں وہاں سے تعریف کے کلمات ملے۔ لیکن قوم کو کیا ملا؟ قوم کو ان کی غلطیوں کی وجہ سے، جن غلطیوں کی توثیق کے لئے آج اس ایوان سے درخواست کی جا رہی ہے کہ وہ ان غلطیوں کی توثیق کرے، ان غلطیوں کی وجہ سے ہمیں اس صورت حال کا سامنا کرنا پڑا۔ اسمبلی میں سپیکر کے خلاف ووٹ آف نو کانفیڈنس پیش کیا گیا، اور پھر اسی کو بنیاد بنا کر لوگوں سے یہ کہا گیا کہ اگر ہم غلطی کر بیٹھے ہیں تو اس کی توثیق کر دیجیے۔ اگر سپیکر کے خلاف ووٹ آف نو کانفیڈنس کامیاب نہ ہوا تو ہو سکتا ہے کہ وزیر اعظم کے خلاف ووٹ آف کانفیڈنس ہو جائے۔ اس طریقے سے ایک فضا پیدا کر کے نفسیاتی طور پر ممبروں کو مجبور کیا جاتا رہا ہے کہ وہ حالات سے مجبور ہو کر غلط قانون کی تائید کریں، تصدیق کریں، اور اس طریقے سے اس مینڈیٹ کو جو پچھلے سال ہم لے کر آئے تھے۔ کہ یہ ہاؤس قانون سازی کا کام کرتے ہوئے ان ممبران کو جو کسی ان رجسٹرڈ پارٹی میں جائیں گے ان کی ممبر شپ کو ختم کر لیا۔ اس کی توثیق ترمیم میں کی اس ہاؤس میں میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ اس کا معیار پوری قوم کے سامنے روز بروز گرتا جا رہا ہے اور یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ یہ ایک قانون خود ایک دن بناتے ہیں اور دوسرے دن جب وہ قانون ان کی ضرورتوں کو پورا نہیں کرتا یا وہ قانون موم کی ناک کی طرح نہیں مڑتا اس قانون کو بدلنے کی کوشش کرتے ہیں۔

میں اس سلسلے میں یہ عرض کروں گا کہ یہ قانون جو آج بنانے کی کوشش کی جا رہی

ہے اس سے تضحیک ان ممبران اسمبلی کی ہو رہی ہے جنہوں نے دسمبر کے آخر میں اسی قانون کو منظور کیا تھا۔ اس سے ایک یا دو افراد کو بچایا جا رہا ہے اور اس سے پورے ہاؤس میں تبدیلی لائی جا رہی ہے۔ اس طریقے سے قانون اور ہاؤس کو بدنام کرنے کی بجائے میں اس مرحلے پر عرض کروں گا بہتر یہ ہے ہاؤس یہ فیصلہ کرے کہ اگر ہم اس قابل نہیں ہیں کہ اپنے قوانین کو تحفظ دے سکیں، ایک سوچ کو آگے لے کر چل سکیں، تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ قوم بھی یہ مطالبہ کریگی اور ممبران کو بھی اس بات کو سوچ لینا چاہیئے کہ اگر ہم اس قابل نہیں ہیں، اس کو اس مینڈیٹ کے مطابق نہیں چلا سکتے تو پھر آیئے یہ فیصلہ کریں کہ ہم واپس اپنے حلقہ انتخابات میں جاتے ہیں۔ اور ان سے دوبارہ فریش مینڈیٹ لیتے ہیں، چاہے وہ مڈ ٹرم کی صورت میں ہو، کسی بھی صورت میں ہو یہ غلط قوانین بنانے کی وجہ سے اپنے اوپر ہم یہ الزام لے کر جائیں کہ ہم قوانین بنانے کی بجائے بگاڑنے گئے تھے یہ اقتدار کی یا پارٹی ڈسپلن کی مجبوریوں کے پیش نظر میں درخواست کروں گا۔ آیئے ہم ضمیر کا فیصلہ کریں، سوچ کا فیصلہ کریں، فکر کا فیصلہ کریں، اور وہ فیصلہ پھر یہی ہو گا۔ اگر ہم نے سب کچھ undo کرنا ہے تو پھر اس اسمبلی کو یہ فیصلہ کرنا ہو گا کہ ہم آج کے بعد آئندہ انتخابات کے لئے تیاری کریں۔ غلط قوانین کی بجائے آیئے مڈ ٹرم کی طرف جائیں۔ وہی راستہ ہو گا۔ اس میں جس کو دوبارہ قوم مینڈیٹ دیتی ہے وہ آ کر اپنے قوانین کا جو راستہ چاہیں اختیار کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جناب غلام الدین مروت صاحب!

جناب غلام الدین خان مروت: جناب والا! میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ رانا تنویر صاحب نے جو کوسچن پٹ کرنے کے لئے عرض کی ہے اس کو پٹ کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کی مہربانی۔ ابھی پٹ کرتا ہوں۔ آپ کا حکم ہے۔

I have covered the maximum speakers and I put it. No, I am very sorry, I have covered 24 members. The closure motion moved by Rana Tanveer Hussain, under rule 235, I put it. The question is:

"That the question be now put."

The motion was adopted.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی پیر محمد صابر شاہ!

پیر محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! سال میں ۳۰ دن روزہ ہوتا ہے، میں نے سو سال روزہ رکھنے کے باوجود یہاں پر ویلج موشن دیا تھا، وہ کونسے گہرے کھڈ میں گہرا ہے؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ابھی تو آپ نے میرا پرویلج violate کر دیا۔ اور ابھی آپ کے خلاف پرویلج کروں گا۔

پیر محمد صابر شاہ: جناب والا! اس کنویں کا پتہ دے دیں تاکہ میں وہاں چلا جاؤں۔

Mr. Deputy Speaker: The question is:

> "That the Bill further to amend the House of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

The motion was adopted.

Mr. Deputy Speaker: We take up the clause by clause reading. We take clause 2 of the Bill.

An Honourable Member: I oppose it.

جناب ڈپٹی سپیکر: سر! آپ غیر حاضر نہیں تھے؟

Now I will give the chance to those members who are left on the main list.

جی ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی صاحب!

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! جن ممبر صاحبان نے موو کیا ہے ان کا حق ہے۔ آپ یا تو رول کوٹ کریں کہ فلاں رول کے تحت ان کو یہ حق نہیں پہنچتا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر صاحب! میں آپ کے ساتھ رول کی لڑائی تو نہیں لڑ سکتا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ بات نہیں ہے۔

It is not a joke; it is Assembly.

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، میں آپ کے ساتھ رولز کی لڑائی نہیں لڑوں گا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں، جناب! آپ رولز کوٹ کریں۔

It is not a theatre; it is an august House.

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ آپ تشریف رکھیں۔ I have given up.

جی حاجی محمد سیف اللہ خان صاحب!

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! آپ دونوں حق بجانب ہیں۔ صرف وہی حصہ لیں گے جو امنڈمنٹ موو کریں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈاکٹر صاحب! ابھی تو ہم نے امنڈمنٹ موو ہی نہیں کی ہیں۔ حاجی صاحب! آپ نے امنڈمنٹ ابھی موو کرنی ہے یا؟

حاجی محمد سیف اللہ خان: اکٹھی ہونگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دونوں؟

حاجی محمد سیف اللہ خان: جی ہاں

جناب ڈپٹی سپیکر: جی حاجی صاحب!

متعدد معزز اراکین: جناب والا! نماز کا وقت ہوگیا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، نماز ڈھائی بجے

Haji Muhammad Saifullah Khan: Sir, I move:

> "That clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

Mr. Deputy Speaker: Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi, Sardar Aseff Ahmed Ali, jointly have moved:

> "That clause 2 of the . . . ."

(Interruptions)

Mr. Deputy Speaker: No, I have only this list with me. Javed Sahib, I have only this list with me; I don't have any other list.

Mr. Javed Hashmi: We have already moved that and that is with the Speaker.

(Interruptions)

Mr. Deputy Speaker: So these members have moved:

> "That clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Opposed.

Syeda Abida Hussain: Sir, alongwith the movers whose names you have read out, those of us who have given our names to the Speaker, and he acknowledged this, are we to take it that you accept that situation and that all of us who have given names in would have a right? We are signatories to these amendments and we would have a right to speak on them.

Mr. Deputy Speaker: In that case I will just give 2½ minutes to each honourable member.

Syeda Abida Hussain: Thank you Mr. Speaker.

Mr. Deputy Speaker: Two minutes and a half to each member.

جناب اقبال احمد خان: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب والا! جب پہلی موشن پر بحث شروع ہوئی تھی اس سلسلے میں جن ممبران نے اپوز کیا تھا اس کے علاوہ ایک لسٹ جناب سپیکر صاحب کو دی گئی، وہ لسٹ جنرل ڈسکشن کے متعلق تھی۔ جہاں تک ترامیم کا تعلق ہے میرے پاس جو سرکولیٹ کی گئی ہیں اور جہاں تک میرا علم ہے جن ممبران کا نام ان امینڈمنٹس میں درج ہے وہی بول سکتے ہیں۔ باقیوں نے کسی امینڈمنٹ کو موو نہیں کیا اور اس کا ہمیں کوئی نوٹس نہیں ہے اور کوئی اس کے متعلق سرکولیٹ نہیں ہوا۔ اور میں یہ عرض کروں گا کہ جنہوں نے ان امینڈمنٹس پر دستخط نہیں کئے وہ امینڈمینٹس پر نہیں بول سکتے۔

Mr. Speaker: Khan Sahib I am told by . . . . .

جناب جاوید ہاشمی، جناب سپیکر!

جناب ڈپٹی سپیکر: جاوید صاحب! میں بول رہا تھا۔ آپ کو کیوں جلدی ہوتی ہے؟ آپ تشریف رکھیں۔

I have been told that Speaker Sahib had agreed to these names; so I just would be going by then.

جی حاجی صاحب! آپ کو پانچ منٹ، باقی کو ڈھائی منٹ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا! اس کا اس طرح سے ہو گا کہ یہ in the last آئے گی۔ یہ جو پہلی ہے موو ہو گئی، ڈسکس سب سے آخر میں ہو گی اس لئے کہ اس کا کوئسچن آخر میں پٹ ہونا ہے۔ جو ڈیلیشن کی کلاز ہوتی ہے وہ دراصل ہوتی ہے اپوز کرنے کی کلاز تو اس کیلئے پہلے ہمیں چوتھی موو کرنی پڑے گی، سر! This is the way.

جناب ڈپٹی سپیکر: چوتھی موو کر لیں۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جی ہاں، کیونکہ اس پر بول کر فیصلہ ہو جائے تو پھر باقی نہیں آ سکتیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ایسا کر لیں۔

Haji Muhammad Saifullah Khan: I move:

"That for clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the following be substituted:—

"2. *Amendment of Article 10, P. (P.P.) O. No. 5 of 1977.*—In the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [P. (P.P.) O. No. 5 of 1977], in Article 10, in clause (2), in paragraph (b), in sub-paragraph (7a), for the word "member" the words "office bearer" shall be substituted."."

Mr. Deputy Speaker: Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi and Sardar Aseff Ahmed Ali have moved:

"That for clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the following be substituted:—

"2. *Amendment of Article 10, P. (P.P.) O. No. 5 of 1977.*—In the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [P. (P.P.) O. No. 5 of 1977], in Article 10, in clause (2), in paragraph (b), in sub-paragraph (7a), for the word "member" the words "office bearer" shall be substituted."."

Mr. Iqbal Ahmed Khan: I beg to oppose it.

جناب ڈپٹی سپیکر: حاجی محمد سیف اللہ خان۔

حاجی محمد سیف اللہ خان: جناب والا موجودہ کلاز جو کہ اس بل کے ذریعے سے دینے کی کوشش کی گئی ہے وہ اس ساری ہی کی نفی کر دیتی ہے جو already اس کلاز میں موجود ہے۔ اوریجنیل کلاز یہ تھی جو اصل پی پی او ۔ ۵ کی تھی کہ اگر کوئی ممبر کسی ایسی جماعت کا رکن بنے جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ ۱۹۶۲ء کے تحت رجسٹرڈ نہ ہو تو وہ رکن اسمبلی کی رکنیت سے نااہل ہو جائے گا۔ اس کے برعکس زیر غور بل میں یہ تجویز کیا گیا ہے کہ وہ رکن جو کسی غیر رجسٹرڈ جماعت کا ممبر بنے اس کی رکنیت ختم نہیں ہوگی اور اس کے ساتھ moreover کے طور پر ایک سب کلاز (۲) کا اضافہ کیا گیا ہے۔ جس کی رُو سے یہ قرار دیا گیا ہے کہ اگر وہ کسی ایسی جماعت کا رکن بنتا ہے جو کہ رجسٹرڈ نہیں تھی مگر وہ ۳۰ دن کے اندر رجسٹریشن کے لئے اپلائی کر دیتی ہے تو اس صورت میں اس کی رکنیت ختم نہیں ہوگی۔ اور اگر اس جماعت کی رجسٹریشن منظور نہیں کی جاتی تو پھر اس رکن کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ ۳۰ دن کے اندر اندر اپنی غیر وابستگی کا اعلان کر سکتا ہے۔

اس کے برعکس ہم نے یہ تجویز کیا ہے کہ قانونی تقاضوں کے پیشِ نظر یا تو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کو ہی سرے سے امنڈ کیا جائے اور اس میں رجسٹریشن کی شرط ہی اڑا دی جائے، بلکہ جس طرح کہ ہمارے آئین کے آرٹیکل ۱۷ میں ہے کہ صرف reasonable restrictions لگ سکتی ہیں، اس قسم کی ناروا restrictions ہی ختم کر دی جائیں تب تو کوئی جواز پیدا ہو سکتا ہے کہ اس قانون میں ترمیم کر کے اس طرح سے جو ترمیم تجویز کی گئی ہے ایوان میں لائی جائے۔ اور اگر ہم پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں ترمیم کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہیں، اگر ہم وہ قسم کی پابندیاں، وہ ناروا پروویژنز جو پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ میں رکھ دی گئی ہیں ان کو بھی برقرار رکھنا چاہتے ہیں تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ اس کی ڈیلیشن کا کوئی جواز باقی نہیں رہتا۔ ایک خاص وقت کے لئے خاص مقصد کے لئے، خاص

فرد کے لیے اس قسم کی پروویژن لانا تو کچھ مفید ہو سکتا ہے مگر قوم و ملک کے وسیع تر مفاد میں اس کی کوئی افادیت نہیں ہے۔

اس کے بدلے میں ہم نے یہ تجویز کیا ہے کہ بجائے اس کے کہ ہر رکن پر اس کا اطلاق ہو، جہاں تک سیاسی جماعتوں کی رکنیت کا سوال ہے، اس کی اگر آپ اجازت دینے کے حق میں ہیں، اس کو ڈیلیٹ کرنے کے حق میں ہیں تو بے شک کیجئے مگر اس کے لئے یہ پابندی لگانی بہت ضروری ہے کہ اگر کوئی شخص کسی غیر رجسٹرڈ جماعت کا رکن بننے کے بعد اس کا آفس بیئرر بنتا ہے تو پھر اس پر اس شق کا اطلاق لازمی طور پر ہونا چاہیئے۔ آپ بے شک رکن کی حد تک اگر یہ رعایت دینا چاہتے ہیں تو دے دیں مگر جہاں تک اس غیر رجسٹرڈ جماعت کا آفس بیئرر بننے کا تعلق ہے، اس کا عہدیدار بننے کا تعلق ہے، اگر اس پر عہدیدار کی حد تک آپ پابندی لگا دیں کہ کوئی رکن کسی غیر رجسٹرڈ جماعت کا عہدیدار نہیں بن سکتا، اور اگر وہ عہدیدار بنے گا تو اسے رکنیت سے استعفاء دینا پڑے گا تو پھر تو اس میں کچھ حد تک morality بھی آتی ہے، کچھ حد تک reasonability بھی آتی ہے اور اس سے یہ تاثر بھی پیدا نہیں ہو گا کہ محض کسی ایک فرد، کسی ایک شخص اور کسی ایک مخصوص مقصد کے لئے اس قسم کا قانون نافذ کیا جا رہا ہے، بلکہ یہ سمجھا جائے گا کہ یہ صرف اور صرف قانونی تقاضے پورے کرنے کے لئے اور قوم و ملک کے لئے بہت حد تک مفادات کے پیشِ نظر اس قسم کی لیجسلیشن کی جا رہی ہے اسی لئے ہم نے یہ تجویز کیا ہے کہ اس کو آفس بیئرر کی حد تک رہنا چاہیئے اور ساری کلاز کو ڈیلیٹ کرنے کی قطعاً ضرورت نہیں ہے، ۷ اے جو ہے اس میں صرف اتنی ترمیم کر دی جائے کہ جہاں لفظ "ممبر" لکھا ہوا ہے۔ وہاں "ممبر" کی بجائے "آفس بیئرر" کر دیا جائے۔

بہت بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Syed Fakhar Imam Sahib, do you want to speak?

Syed Fakhar Imam: Mr. Speaker, the amendment only pertains to the word 'member' being substituted by 'office bearer' in this piece of legislation. I think, it would show, if this particular amendment were to be incorporated, that this whole drama, which has been enacted for this particular piece of legislation, was in fact

meant for a purpose different than it has been intended; and I think, if such an amendment could be incorporated, it would go back to the same thing which earlier I had said that the institution is greater than any one individual, and if we wish to have the people of Pakistan understand this underlying principle, that we have come here for institutionalisation rather than reinforcing individual's personality, this particular amendment should be accepted by the honourable members of this House.

Thank you, Mr. Speaker.

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ جناب ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی صاحب!

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب سپیکر! اس سلسلہ میں میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ جب قائداعظم محمد علی جناح صاحب گورنر جنرل بنے تو ان کو مسلم لیگ کی صدارت بھی آفر کی گئی لیکن آپ نے اس سے انکار کر دیا۔ تو اس ترمیم کے پیش کرنے سے ہمارا مقصد بھی یہی ہے کہ ایک ہی وقت میں ایک شخص دو عہدے نہ رکھ سکے۔ اس شکل میں اس قانون سے یہ بھی فائدہ رہے گا کہ جس طریقہ سے لیاقت علی خان نے مسلم لیگ کی صدارت بھی رکھی اور پھر وہ وزیر اعظم بھی رہے اور اسی وجہ سے پارٹی انحطاط کا شکار ہوئی، یہ وہی شق ہے اور اس میں اگر بدستور رکھی جائے گی تو اس سے اسی طرح سے نقصان ہوگا۔

میری یہ استدعا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کی اس سوچ کو ہمیں پالنا چاہیئے اور ہمیں اس کے متصادم کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے۔ لہٰذا اگر ہم اس میں یہ چیز رکھ دیں کہ وہ عہدیدار جو ہوگا وہ disqualification سے کسی طریقہ سے بھی مستثنیٰ نہیں ہوگا، ہم اس طرح democratic spirit اور رجحان کو اس میں بڑھا سکتے ہیں۔ اور اس سے صرف رکنیت مستثنیٰ ہوگی۔ لیکن وہ کام بھی غلط ہے۔ لیکن مجبور ہیں چونکہ ہاؤس نے اور قائد ایوان نے اپنی مجبوری کے تحت یہ بل پیش کروایا ہے اور یہ پاس ہونا ہے چونکہ ہماری اقلیت ہے۔ اس بنیاد پر میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ اگر اس چھوٹے سے پہلو پر بھی ہمارے ساتھی غور فرمائیں تو بھی سود مند ہو سکتا ہے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر! شکریہ۔ جناب ڈاکٹر شفیق چوہدری صاحب!

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری: جناب سپیکر! اس ترمیم کے ذریعہ سے نہ تو ہم نے بل کی مخالفت کسی بدنیتی سے کی ہے بلکہ ہمارا یہ اقدام خلوصِ نیت کے ساتھ ہے۔ کیونکہ اس

ترمیم کے ذریعہ سے ایسا قانون بنایا گیا ہے جو کہ ۳۰ دسمبر ۸۵ء سے لاگو کیا گیا ہے اور اس کا واضح مقصد حال کے اقدامات کو ماضی کی روشنی میں جائیز قرار دینا ہے یہ کسی قسم کے خلوصِ نیت کی عکاسی نہیں ہے اور اس کے ذریعہ سے صرف اور صرف ایک شخصیت کو یا اس کے چند رفقائے کار کو تحفظ دینے کے علاوہ کچھ نظر نہیں آتا۔

جنابِ والا! یہ روایتی پارٹی کی صدارت اور حکومت کی سربراہی کا شرف اسی مسلم لیگ کو حاصل ہے جو کہ پاکستان کی ماں کہلاتی ہے جو پاکستان کو بنانے کی دعویدار ہے۔ حضور والا! مرحوم لیاقت علی خان کے زمانے سے یہ ریت چلی آ رہی ہے۔ میرے خیال میں اگر حکومت کی سربراہی کو الگ الگ رکھ لیا جاتا اور تھوڑا سا دانشمندی کا ثبوت دیا جاتا تو شائد اس ترمیم کو لانے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی۔ لیکن حضور والا! اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کے لئے ساری قوم کو سزا دینا، اس کا کسی طرح بھی کوئی جواز نہیں بنتا۔ اس لئے ہم نے مل کر یہ گزارش کی ہے کہ آیئے ہم مل جل کر خلوصِ نیت کے ساتھ قوم و ملک کی بہتری کے لئے کام کریں تاکہ ساری قوم کو یہ پتہ چل جائے کہ ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ افراد کے لئے نہیں کر رہے، کسی فرد واحد کے لئے نہیں کر رہے بلکہ پوری قوم اور ملک کے مفاد کو سامنے رکھ کر کر رہے ہیں۔ اور اگر یہ شخصیت پرستی کا رجحان ایسے ہی چلتا رہا تو اس سے ہمارے وطن عزیز کی جڑیں مضبوط نہیں ہو پائیں گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔ سردار آصف احمد علی صاحب!

Sardar Aseff Ahmed Ali: Mr. Speaker, Sir, how much time do I have?

Mr. Deputy Speaker: Just two and a half minutes.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, some of the honourable members who have just spoken did not take in fact two and a half minutes. So, there is surplus time which really, in all fairness, should be given to Sardar Aseff Ahmed Ali.

Mr. Deputy Speaker: I think I do not have any mathematical machine working here. Yes, Sardar Aseff Ahmed Ali.

Sardar Aseff Ahmed Ali: Mr. Speaker, Sir, in support of the amendment moved by my colleagues, I would like to say that what

we are trying here to do, what this August House is trying here to do, is to cover up a bad law which was passed six or seven months ago, and the end result of that bad law is that the Government of Prime Minister Muhammad Khan Junejo and this Parliament has been time and again put into very untenable legal and constitutional situation which has finally resulted in the vote of no-confidence against an elected Speaker of the National Assembly and thereby has lowered the prestige and the sovereignty of the National Assembly of Pakistan.

Sir, had you given me more time or had you given me time in the general discussion, I would have then liked to demonstrate to you that there was a statement here in joint sitting yesterday which went as follows that the dangers which are posed to this House will be met not by this House but by someone else, someone outside this House. Sir, this situation would have never arisen if we had refused to legislate bad laws. But, unfortunately, Sir, we do not learn from history because, if we learn from history or if we learn from democratic practices of major democracies in the world, we would have then known that these Heads of Government never hold the position of the head of the party. President Ronald Regean is not the head of the Republican Party in USA. Mrs. Thatcher is not the head of the Conservative Party in the United Kingdom. So, in support of my amendment, I would merely add that if this amendment were to be accepted, then we would have corrected some of the mistakes and some of the, I would say, grievous blunders which we have made in legislating bad laws in the past.

I thank you, Sir.

[*At this stage Mr. Deputy Speaker vacated the chair which was occupied by Mr. Speaker.*]

Mr. Speaker: Thank you. Mrs. Rafia Tariq Sahiba.

Mrs. Rafia Tariq: Thank you, Sir. But here I would like to object and put it on record that I was not allowed to speak on the main Bill. After agreeing with the amendment, which should be accepted, my appeal would have been that the passage of this Bill

should have been telecast live because it would show the constituencies of all our members here how their elected representatives vote for and against a Bill which is derogatory to the spirit of democracy.

Sir, I would, at this point, like to appeal to my colleagues here: would they like to lay down a line or a *hadd* by which we could convince ourselves that till how long we can be used, how much we can have oruselves tarnished and we can continue to lose our self-respect? Quoting here a magazine which said "I bailed him out", this was quoted as having been said by the President of Pakistan about the Prime Minister .

Let us think about it in another manner. If this magazine had siad, "I bailed out democracy" quoting Mr. Muhammad Khan Junejo, won't we have felt proud in this House? Won't the nation have felt proud of him? And he who came unopposed from his area, he who, if he had faced the Election Commission, if the worst have befallen him, he could have got re-elected.

Here I would like to remind my fellow members and this nation that a Supreme Court ruling which hanged our former Prime Minister, the law was not changed for him. How is it that, comparatively on such a small issue, a law has been changed for another.

Sir, I can only say that my fellow colleagues would decide if they want to be used for being rubber-stamps in making Ordinances into Bills; and if they would like to condemn themselves, they would make the nation feel that we are not fit for democracy.

Thank you, Sir.

Mr. Speaker: Thank you, Begum Sahiba. Raja Shahid Zafar Sahib, two and a half minutes.

راجہ شاہد ظفر: جناب سپیکر! یہ جو بل ہاؤس آف پارلیمنٹ اینڈ پراونشل اسمبلیز الیکشن آرڈر ۱۹۷۷ء کی ترمیم زیر بحث ہے ہم کو اس پہ بات کرتے ہوئے بھی شرم آ رہی ہے اس لئے کہ اس بل سے ہم اپنے اس حلف کی نفی کی طرف بڑھ رہے ہیں جس میں ہم نے یہ عہد کیا تھا کہ ہم ذاتی حفاظت کو مدنظر نہیں رکھیں گے، اور یہ حلف لیڈر آف دی ہاؤس نے دو دفعہ اٹھایا جبکہ ہم نے تو ایک

دفعہ اٹھایا، بحیثیت ایک ممبر کے اور بحیثیت ایک لیڈر آف دی ہاؤس کے۔ جب لیڈر آف دی ہاؤس نامینیٹ ہوئے تو ہم نے جمہوری روایات کو قائم کرتے ہوئے بہتر مثال دیتے ہوئے انہیں ایک نہیں، دو نہیں، تین بار اعتماد کا ووٹ دیا تاکہ اس ایوان کا وقار بلند ہو سکے۔ لیکن اس وقار کو بلند کرنے میں جو دعوے وزیر اعظم اور جو دعوے اس ہاؤس کے ممبران نے کئے، جو عملی اقدامات اٹھائے وہ یہ کہہ کر ایک جھٹکے میں ختم کر دیئے کہ ایک سربراہ مملکت جو ایک ریفرنڈم کے ذریعے اس قوم کے صدر بنے، جس میں تقریباً چار پانچ فیصد ان کو ووٹ ملے، وہ یہ کہتے ہیں اس الیکٹڈ لیڈر آف دی ہاؤس کے بارے میں ایک انٹرنیشنل پریس میں کہ میں نے اس کو بیل آؤٹ کیا ہے۔ کتنی شرم کا مقام ہے ہمارے لئے۔ بہتر ہوتا کہ ہم اس چیلنج کو بطور ایک چیلنج لیتے اور بجائے ان آرڈیننسوں کا سہارا لینے کے، کسی کے تابع ہونے کے کسی کے آگے بلیک میل ہونے کے، ہم میں اتنا اعتماد ہوتا کہ ہم اپنی کانسٹی چوئینسی میں جاتے اور عوام کو فیس کر کے دوبارہ اس ایوان میں آتے، یہ نہ بھی آتے لیکن ایک ہسٹری اور ایک مقام کر جاتے۔

یہ جو اوریجنیل کلاز۔ پی پی او ۔ ۵ کے تحت تھا جس کے تحت کوئی آدمی، کوئی شخص کسی ان رجسٹرڈ پارٹی کا ممبر نہیں بن سکتا تھا اس میں ترمیم کی جا رہی ہے، اور میں تو یہ کہوں گا کہ آرٹیکل ۷ اکی موجودگی میں ہم یہ کالے قوانین۔ ہم اس وقت بھی اس کو کالا قانون کہتے تھے۔ ہم یہ اپنے لئے پھندا خود کیوں بنا رہے ہیں؟ آئین ایک تحفظ دیتا ہے کہ کوئی اس قسم کا قانون نہیں بنے گا جو ملک اور قوم کے مفادات کے خلاف ہو۔ پھر ہم کیوں اس قسم کے پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ بنا کر اپنے آپ کو یا چند ایسی جماعتوں کو باہر رکھنے کے لئے ہم ایسے قوانین بناتے ہیں جس میں آخر ہم خود اس میں آکر ٹریپ ہو جاتے ہیں؟ اور آج اگر ہم یہ قانون پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ جس کی ہم نے اس وقت مخالفت بھی کی تھی؛ ہم نے اس کا بائیکاٹ بھی کیا تھا، آج اگر یہ نافذ نہ ہوتا تو ہمارے لیڈر آف دی ہاؤس کو یہ دن دیکھنا نصیب نہ ہوتا۔ جیسے ہماری آنریبل ممبر فرام جھنگ نے فرمایا کہ ہم کس منہ سے کیا لے کر امریکہ کے پاس جا رہے ہیں؟ کہ ہم وہ قانون بڑی بہادری سے پاس کروا کر لائے ہیں جس کے تحت ہم نے اپنے آپ کو بیل آؤٹ ہونے کے بعد لیگلائز کر لیا ہے۔ یہ بات میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے لئے باعث شرم ہو گی۔ ہمارے لئے یہ مشکل ہو گا کہ جب ہم نے انٹرنیشنل پریس کو فیس کرنا ہو گا تو ہم کسی فخر سے ان سے بات نہیں کر سکیں

گے۔ ہمیں شرمندگی سے اور ندامت سے سر جھکانا پڑے گا۔

بہت بہت شکریہ۔

Mr. Speaker: Malik Nur Khan Sahib. Not present. Abdul Hamid Jatoi Sahib. Not present. Ch. Mumtaz Ahmad Tarar Sahib. Not present. Mir Ahmad Nawaz Khan Bugti Sahib.

Mir Ahmad Nawaz Khan : Thank you, Mr. Speaker. Sir, all I have to say is that what has been done in the last year and a half in this Assembly, the way rules and regulations are being made, the way Ordinances are being passed and as all our honourable colleagues have pointed out, it is a matter of shame for us that we have to resort to this sort of thing to keep ourselfes in power, and I agree with some of our honourable colleagues that the honourable Prime Minister is going to America and we all are worried that with what face is he going to America. I think the Americans know the way the laws are being made here and, according to some Americans, they think the Prime Minister or any other person who comes to the States is treated more or less like a servant by the Americans; and I think it is not in the interest of Pakistan that the Prime Minister of Pakistan goes to America without a mandate and without public assent. That is all I have to say, Sir.

Mr. Speaker: Thank you. Saalem Khan Khalil Sahib. Not present. Sahibzada Noor Hassan Sahib. Not present. Mr. Illahi Bakhsh Soomro. Not present. Haji Yaqoob Khan Sahib. Not present. Mr. Rahim Bakhsh Soomro. Not present. I think, we have run out of the list. Begum Silwat sher Ali Sahiba.

Begum Silwat Sher Ali Khan Pataudi: Thank you, Sir. First of all, I would like to object that we were not allowed to speak on the main Bill and on other cut-outs, and now I will take my right to speak on the amendment.

Mr. Speaker, Sir, the spirit behind this amendment is, I think, what matters, and the spirit behind this Bill is what matters. I think, we have unfortunately put ourselves in a position where, instead of taking a democratic path, we are now on the path again of Ordinances and Orders. It is very unfortunate that this Assembly, who came in as independently elected members in their own right,

now have put themselves in chains and are quite happy to be in chains. I feel that this is a very sad reflection on all of us.

I would plead with all the members sitting here not to close their minds and ears but listen with open mind to the facts and make up their minds in the light of their consciences. This Bill to validate the Presidential Order, by members who came in as independents, is a very sad thing and they should now be able to exercise their right to vote according to their conscience and not validate the Presidential order when they sit in a sovereign House, which should have been the forum from where this legislation should have come rather than in the form of Ordinance from the President.

The Ordinance was promulgated to Bail out the Prime Minister of this country. Surely, it would have been a matter of greater pride for all of us if the two honourable members had gone through due democratic process and, instead of sitting here now under the shadow of a Presidential Order, would have been sitting here having come through another election and then sat here without being under any obligation to any person.

Sir, this is perhaps another link in the chain which was taken by a non-party House turning itself into a party-based House; and a party with a maximum of only 30 members and commanding only 30 seats in this House has taken over the Government of this country. This taking over of power by a process other than the electoral process on a party basis is the cause of this Bill being discussed in this House today.

The background of this Bill is known to all of us. The Prime Minister was advised to take office of an un-registered party and, as a result, a reference was made on Mr. Muhammad Khan Junejo and Mr. Laleka. Instead of taking the honourable step of accepting this mistake made by them on an incompetent advice, they further compounded the mistake and, instead of facing the music and going before the Election Commission, they rushed for the promulgation of an Ordinance, inspite of the fact that for eight long years we have had countless Ordinances and Orders thrust upon us. Perhaps they had not sufficient of these Ordinances and still wanted another one.

Not only was it unfortunate that this Ordinance was requested for by the Prime Minister but also that this Ordinance is to protect the person of the Prime Minister and, therefore, is in direct contravention of his oath. Why should the honourable members be so keen to tie themselves up in chains? We all have the option of either establishing democratic institutions and going through a democratic process or of falling back again on Ordinances and Orders. Which path are we going to follow? The choice is with you and you will be judged; whenever history of this brief period of democratic rule in this country is written, it will then be seen that even when we had been able to cut our chains, some of us rushed to put them on again.

Thank you.

Mr. Speaker: Thank you. Begum Syeda Abida Hussain.

Syeda Abida Hussain: Mr. Speaker, Sir, all of us are aware that we are discussing the amendment which suggests that 'member' be susbtituted by 'office bearer' in the amendment to the legislation at hand. Mr. Speaker, Sir, as has been pointed out by my colleagues, to confuse political offices and to vest more than one political office in one individual is an undemocratic practice. And once upon a time, not so long ago, Mr. Speaker, you will recall, at that time you were one of the honourable members of the House, that in the former National Assembly precincts, a meeting was convened in the Cafeteria of that Assembly Building and it was in that meeting that the President of Pakistan—who, in fact, by virtue of the fact that he holds the office of profit, really has no right to political activity and, as the Head of the State, it does not behave his position to lend himself to political activity either—he thought it fit to be present in the cafeteria of the National Assembly of Pakistan and it was on this occasion that the Pir of Pagaro, who, many of the honourable members of this House claim, is not only their political leader but also their spiritual leader, and we are given to understand that the honourable Prime Minister, in fact, does not like to sit on a chair in the same room where the Pir of Pagaro sits because he is his 'Hur', he is his 'Murid'. Now that Mr. Muhammad Khan Junejo was made, through a Presidential edict, President of the Muslim League and the Pir of Pagaro was removed from that position, and this was done without consultation, without reference

to the general body of the Muslim League, without reference to its members, and then it is claimed that this is same Muslim League that created Pakistan.

Now, Mr. Speaker, Sir, let us use logic of our mind. The Muslim League that cteated Pakistan, the Muslim League of Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah was the Muslim League that had a working committee, it had a general body, it had a set of principles. Otherwise, how would it have been able to make a successful struggle for obtaining Pakistan? Here we have a situation where in the cafeteria of the Assembly Building a military ruler, recently turned civilian, presides a political meeting, a political party, and it was decided that a leader of that Party, who is also the Pir or *Peshwa,* should be set aside and the honourable Leader of the House, the Prime Minister, should be made President of that Party. Mr. Speaker, it is done with such incompetence and, you see, this is the will of Almighty Allah, perhaps, because the good Allah does show us the light if we choose to see it and, as said in the Holy Quran, the good Allah, by all the faculties that He has bestowed on us, of hearing, gives us the privilege of being able to understand for ourselves if we rely on our judgement.

Mr. Speaker, the honourable Law Minister, as he was reprimanded yesterday, rather like a school boy, by the President, that he was legally incompetent in the past. You see, for the poor honourable Law Minister being a good man, he knew that a wrong was being perpetrated; he knew, he was an old Muslim Leaguer and he could distinguish the genuine from the perhaps not so genuine, the real opportunist.

Mr. Speaker: Time is running out, Begum Sahiba.

Syeda Abida Hussain: He wanted to make, perhaps psychologically :—it was a Freudian state of mind—he wanted to make a distinction between the old and the new, the real and not so real. You see, it was a mistake which was well intended.

Now let us uphold the good intention of the honourable Law Minister as a sound and veteran Muslim Leaguer and let us not cover that mistake because the mistake, in fact, indicated a situation which was incorrect.

Mr. Speaker: Begum Sahiba, you have run out of your time. Please wind up.

Syeda Abida Hussain: The situation was wrong. Mr. Speaker, I would appeal to my colleagues to vote upon this amendment and to uphold it with a view to rejecting this Bill because, as my colleague from Kasur has said, it is a bad law.

Thank you, Mr. Speaker.

Mr. Speaker: Thank you.

Mr. Fakhar Imam: Point of order. The honourable Deputy Speaker gave us the time of 2.30.

Mr. Speaker: Well, I was not aware that any time had been given.

Mr. Fakhar Imam: We were given the time by the honourable Deputy Speaker. I just wanted to know! The time was given as 2.30.

Mr. Speaker: I think there are one of two speakers; after that we will adjourn for the afternoon.

شیخ رشید احمد: جناب سپیکر! اگر آپ نے شام کا وقت رکھا ہے تو مجھے شام کو وقت دے دیں۔ ویسے بھی نماز کا وقت ہے۔ انسان کے قانون کو خدا کے قانون پر فوقیت نہیں دینی چاہیئے۔

جناب سپیکر: آپ اپنے اڑھائی منٹ ابھی لے لیں۔

Syeda Abida Hussain: On point of order. I would like to seek an order from you: is this legislation and this particular amendment of clause which is being discussed more important than the call to prayers?

Mr. Speaker: Certainly not, Begum Sahiba, but we still have a couple of minutes to go.

شیخ رشید احمد: جناب سپیکر! میں دیانتداری سے سمجھتا ہوں کہ اگر اڑھائی منٹ میں

مجھے اپنی تقریر ختم کرنی ہے تو ایسا میں نہیں کر سکتا۔ اس سے بہتر ہے کہ میں اگلے مقرر کو یہ ٹائم بھی دے دوں تاکہ اس کے پانچ منٹ پورے ہو جائیں۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ ہم وہ دو منٹ جاوید ہاشمی صاحب کو دے دیتے ہیں۔

جناب جاوید ہاشمی: شکریہ، جناب سپیکر! مجھے نماز کے راستے میں رکاوٹ بننے والے سپیکر کے طور پر آپ نے وقت دیا ہے۔

جناب سپیکر! ہم جو ترمیم پیش کر رہے ہیں کہ "ممبر" کی بجائے لفظ "آفس ہیئرر" اس میں شامل کیا جائے، اس کا ایک پس منظر ہے اور وہ پس منظر یہ ہے کہ عجلت میں قوانین اس اسمبلی میں پہلے بھی بنائے گئے ہیں اور پھر ان قوانین سے فوری طور پر انحراف کرنے کی ضرورت پیش آتی رہی ہے۔ مجھے توقع ہے کہ ہمارے پیارے وزیر قانون جن سے ہمیں بہت تعلق خاطر ہے، محبت ہے، وہ ہمارے بزرگ ہیں اور یقیناً ان کے ساتھ کل جو ہو رہا تھا میرا دل اس پر خون کے آنسو رو رہا تھا، مجھے بڑا دکھ ہو رہا تھا کہ ایسے بزرگ مسلم لیگر کو جو قانون کے اندر درک ہی نہیں رکھتے بلکہ قانون کے اوپر وہ اتھارٹی سمجھے جاتے ہیں، ان کو بتایا جا رہا تھا، ایک ایسے فرد کی طرف سے جنہوں نے نہ قانون پڑھا ہے نہ قانون پر بہت زیادہ عمل کیا ہے، بلکہ ان کے نزدیک تو "مارشل لاء از دی سپریم لاء"، وہ بتا رہے تھے کہ ہمارے موجودہ وزیر قانون کی غلطیوں کی وجہ سے قوم کو یہ دن دیکھنا پڑا ہے۔

تو میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ پہلے ہم نے ۲۹ رکنی کمیٹی کے ذریعے پارٹی ایکٹ بنایا، اس کے اندر کچھ قوانین پیش کئے، آٹھویں ترمیم کے ذریعے ہم نے concede کیا بہت ساری چیزوں پر، سمجھوتے کے رویّے کے ساتھ، اور جو کچھ اس وقت اوپر سے ہم پر طاری کیا گیا، نازل کیا گیا، اس کو ہم نے قبول کیا۔ اب اس سے اگلا مرحلہ یہ آیا۔ ہم سمجھ رہے تھے کہ یہ ریفرنس جو پیش ہوا تھا اس مرحلے پر بھی شاید یہ ہاؤس مناسب سمجھتا تھا کہ یہ قانون اور غیر قانونی کا فیصلہ کرے۔ لیکن بدقسمتی سے اس میں بھی آخر کار صدر صاحب نے کہا کہ میں نے محمد خان جونیجو کو بیل آؤٹ کیا ہے اور ان کو میں آگے لایا ہوں۔

آج پھر قانون بناتے ہوئے اگرچہ آئیڈیل سچوایشن یہی ہوتی کہ جو قانون آج ہم

بنا سکے ہیں اس کو آرڈیننس کے ذریعے لانے کی بجائے بل کی صورت میں لاتے ، پارلیمنٹ کے ذریعے ہم اس کو مسودہ قانون کی صورت میں لاتے اور اس پر عمل درآمد کراتے ۔ لیکن پھر اب چونکہ ہمیں عادت پڑ چکی ہے کہ اوپر سے آرڈیننس آئے ، اوپر سے بیل آؤٹ کرنے کے لئے احکامات آئیں ، اوپر سے آٹھویں ترمیم نازل کی جائے ، اسی طریقے سے آج کا یہ آرڈیننس جس میں یہ پیش کیا گیا ہے کہ غیر رجسٹرڈ پارٹی کا ممبر ہونے کے باوجود ان کی ممبرشپ نہ ختم کی جائے ، ہم اس میں اور زیادہ لمبی ترامیم پیش کرنے کی بجائے یہ چاہتے ہیں کہ آج کا قانون بناتے ہوئے بھی خدا کے لئے اپنے اس ماضی کا جائزہ ذہن میں ضرور رکھئے ۔ آپ نے ، ہم نے جو کچھ کیا یا وہ جو کچھ ہم کرتے رہے ہیں ، اگر کل کو وہ غلط تھا ، کل کا کیا ہوا آج غلط ہے ، تو آج کی غلطی کو اگر کل جا کر ہم نے تسلیم کرنا ہے تو اس وقت پانی پل سے بہت بہہ چکا ہوگا ۔ پھر کسی طریقے سے بند نہیں باندھے جا سکیں گے ، پھر کسی طریقے سے راستے نہیں روکے جا سکیں گے اور پھر کسی طریقے سے پہاڑ بن کر بھی کسی کے حوصلے کو پاش پاش بھی نہیں کیا جا سکے گا ۔ وہ مرحلہ جب آئے گا تو آپ اس مرحلے پر پھر اندھیرے میں ٹامک ٹوئیاں مار رہے ہوں گے اور اندھیرے میں چراغوں کی تلاش میں ہوں گے ، لیکن رات طاری کرنے سے پہلے ، وہ اندھیرا طاری کرنے سے پہلے ، وہ ظلم کے قوانین بنانے سے پہلے ، جنہیں کل کو خود آپ نے بھگتنا ہے ، آج سوچ لیجئے کہ اس تاریخ کے اندر پہلے بھی دو عہدے سنبھالنے والوں کے ساتھ کیا حشر ہوا اور انہوں نے ملک کی تاریخ کا کیا حشر کیا ۔ پھر آج محمد خان جونیجو صاحب مسلم لیگ کے صدر بھی ہیں ، لیڈر آف دی ہاؤس بھی ہیں ، ان سے بھی یہ کہتے ہیں کہ کسی دوسری جماعت میں جاتے ہوئے بھی اس قانون کا اطلاق ، جو آپ بنانا چاہتے ہیں ، اس ممبر پر نہ کیجئے ، اس کے آفس بیئرر پر کیجئے تاکہ آپ اس طریقے سے ایک اچھے قانون کی طرف کچھ تو پیش قدمی کر سکیں ۔ اگر آپ اس طریقے سے پیش قدمی نہیں کریں گے تو پھر ماضی بھی سامنے ہے ، ماضی سے حال بنتا ہے اور حال سے مستقبل بنتا ہے ۔ جو آدمی ماضی سے حال کو سمجھ سکتا ہے اسے حال سے اپنے مستقبل کو بھی دیکھ لینا چاہیئے ۔ اور مستقبل انہی لوگوں کا ہوتا ہے جو اصول کی سیاست کرتے ہیں ، ضرورت کی سیاست نہیں کرتے ۔

شکریہ ۔

جناب سپیکر : ایوان کو شام ساڑھے پانچ بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے ۔

The House adjourned for lunch break to meet at 5.30 p.m.

The House re-assembled after the break, Mr. Speaker in the chair.

Mr. Speaker: We were discussing the amendments. Khan Muhammad Arif Khan was the last speaker for this particular amendment. We will put this to the vote.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, point of order. There is no quorum.

Mr. Speaker: I had the quorum counted one minute before I came in.

(Interruption)

Mr. Speaker: Please make the counting.

(Counting was made)

Mr. Speaker: Quorum is now complete. We will now put it to the vote. The question is:

> "That for clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the following be substituted:—
>
> "2. *Amendment of Article 10, P. (P.P.) O. No. 5 of 1977.*—In the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [P.(.P.P.) O. No. 5 of 1977], in Article 10, in clause (2), in paragraph (b), in sub-paragraph (7a), for the word "member" the words "office bearer" shall be substituted.".".

The motion was negatived.

Mr. Speaker: We now take up the next amendment to be moved by Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhary, Dr. Sher Afgan Khan Niazi, Sardar Aseff Ahmed Ali. Who will be moving this amendment? Yes, Dr. Sher Afgan Sahib.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I beg to move:

> "That for clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the following be substituted; namely:—
>
> "2. *Amendment of Article 10, P. (P.P.) O. No. 5 of 1977.*—In the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977, [P. (P.P.) O. No. 5 of 1977], in Article 10, in clause (2) in paragraph (b), . . .

Mr. Speaker: Dr. Sahib, you are reading wrong amdnement.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: No. 4.

Mr. Speaker: No. 5. No. 4 has just been rejected by this honourable House.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I beg to move:

> "That in clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee,—
>
> (i) in sub-clause (1) the words, comma and figure "and shall be deemed to have been omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end be deleted, and
>
> (ii) sub-clause (2) be deleted."

Mr. Speaker: It has been moved by Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi, Sardar Aseff Ahmed Ali:

"That in clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee,–

(i) in sub-clause (1) the words, comma and figure "and shall be deemed to have been omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end be deleted, and
(ii) sub-clause (2) be deleted."

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, I oppose it.

Mr. Speaker: We are clubbing . . . .

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Point of order. Sir, 5 and 6 can be clubbed together.

Mr. Speaker: Who would like to move No. 6 on behalf of Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi and Sardar Aseff Ahmed Ali?

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I move:

"That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, comma and figure "and shall be deemed to have been omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end, be deleted."

Now No. 7.

Mr. Speaker: Let me read No. 6. Let it be moved and then we will go to No. 7.

It has been moved by Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi and Sardar Aseff Ahmed Ali:

"That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, comma and figure "and shall be deemed to have been

omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end, be deleted."

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I oppose this amendment.

Mr. Speaker: No. 7.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, I move:

"That sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

Mr. Speaker: It has been moved by Haji Muhammad Saifullah Khan, Syed Fakhar Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi and Sardar Aseff Ahmed Ali:

"That sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Sir, I oppose it.

Mr. Speaker: Who would like to commence the debate? Please remember about two minutes per speaker.

POINT OF ORDER

جناب حمزہ: پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب سپیکر! میں آپ کے نوٹس میں بہت اہم بات لانا چاہتا ہوں، ویسے میں آپ سے معذرت چاہتا ہوں کیونکہ یہ آپ کی ایک صبح کی رولنگ سے متعلق ہے۔ جو کہ میری پیش کردہ تحریکِ استحقاق کے بارے میں آپ نے دی ہے۔

جناب سپیکر: حمزہ صاحب! اس کے بارے میں اگر آپ اجلاس کے بعد میرے چیمبر میں تشریف لے آئیں تو آرام سے بیٹھ کر بات کر لیں گے۔

جناب حمزہ: ویسے میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کر دوں کہ جس کتاب کا آپ نے حوالہ دیا ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اگر تو کسی ایوان میں کسی ایک ممبر نے کسی دوسرے ایوان کے بارے میں کوئی توہین آمیز الفاظ استعمال کئے ہیں اس صورت میں تو اس

ایوان کو یا اس ایوان کے سپیکر کو یہ معاملہ پیش کیا جائے گا لیکن آخر میں میں کول سے آپ کے سامنے پڑھ رہا ہوں ، صفحہ ۲۴۴ :

"However, notice of the breach of privilege or contempt of the House can be taken if the member of the other House or any other State Legislature has committed it outside the House to which he belongs."

کیونکہ جو چیز میں نے آپ کے روبرو پیش کی ہے ، انہوں نے یہ ایوان میں کوئی بیان نہیں دیا ، ایک اخباری بیان ہے جس پر وہ insist کرتے ہیں ، اور میرے پاس اس وقت ایسا مواد بھی موجود ہے کہ انہوں نے اس پر پھر اصرار کیا ہے کہ میں یہ ثابت کر سکتا ہوں کہ قومی اسمبلی کے اراکین اس میں ملوث ہیں ، اور یہ جو کچھ بھی بات ہے یہ ایوان کے اندر نہیں بلکہ ایوان سے باہر ہو رہی ہے ، تو میں آپ سے استدعا کروں گا کہ آپ اس پر دوبارہ غور فرمائیں کیونکہ یہ مسئلہ ایوان عزت و احترام کا ہے - ان ایوانوں کے اراکین کے بارے میں جس قسم کی باتیں ہماری عام پبلک میں آتی ہیں اس سے ایوان کا وقار بہت متاثر ہوتا ہے - ساتھ ہی ساتھ میں حکومت سے بھی یہ کہوں گا کہ اگر ان کا معاملہ پاک ہے اور کوئی نقص نہیں ہے ، ان کو یہ چیز پبلک میں لانی چاہیئے ، اور تحریک استحقاق ایڈمٹ کریں تاکہ وہ استحقاق کمیٹی کے پاس جائے تاکہ جس شخص نے جو الزام لگایا ہے وہ اپنا ثبوت مہیا کرے ، ورنہ وہ سزا جو آپ یا استحقاق کمیٹی تجویز کرے گی یا ایوان تجویز کرے گا اس کا وہ مستوجب ہوگا -

Mr. Speaker: Ruling of the Speaker is normally not discussed in the House, but you will be most welcome to come and discuss it with me in the chamber.

THE HOUSES OF PARLIAMENT AND PROVINCIAL ASSEMBLIES (ELECTIONS) (AMENDMENT) BILL, 1986

Mr. Speaker: Who would like to open the debate on 5, 6 and 7? We have clubbed them. They have all been moved and we have fixed about 2 minutes per speaker.

حاجی محمد سیف اللہ خان : نہیں سر ! موو نہیں ہوئیں -

جناب سپیکر : موو ہو چکی ہیں ، ڈاکٹر شیر افگن صاحب نے موو کی ہیں ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : اچھا ، جناب !

جناب سپیکر : اور ہم نے دو منٹ فی سپیکر کا ٹائم فکس کیا ہے ، لیکن آپ کو ہم ۳ منٹ دے دیں گے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : تین منٹ ایک ترمیم کے لئے ، کیونکہ یہ کلبنگ کی گئی ہے ۔

جناب سپیکر : ہر سپیکر کو ۳ منٹ دے دیں گے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : دیکھے ، جناب ! چند دوستوں کی طرف سے تجویز ہے کہ اگر آپ فرمائیں تو length میں اس پر عرض کر دوں ؟ ہو سکتا ہے کہ اس پر اور دوست تقریر نہ کریں ۔

جناب سپیکر : "ہو سکتا ہے" والی بات نہیں ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : ممکن ہے ، جناب !

جناب سپیکر : تو پھر آپ کو دس منٹ چاہیئں ؟

حاجی محمد سیف اللہ خان : میں بھی مختصراً ہی عرض کروں گا ۔ جتنی امنڈمنٹ پر ضرورت ہوتی ہے اتنا ہی عرض کروں گا تاکہ ہاؤس کو پتہ چل جائے کہ اصل کیا ہے اور امنڈمنٹ کیا ہے اور ہونا کیا ہے ۔ And it should be on record, Sir.

جناب سپیکر : ارشاد کیجئے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! پہلی بات تو وہی ہے جس کا فیصلہ ہاؤس کر چکا ہے کہ وہ اصل باقی رہ جانی چاہیئے تھی شق (۷ - اے) اور اس میں اگر ترمیم کرنا مقصود تھی تو وہ اس حد تک ترمیم ہو جاتی کہ بجائے "ممبر" کے "آفس ہولڈر" ہو جاتا ۔ لیجسلیشن کا ایک طریقہ کار ہوتا ہے جس کے مطابق اگر پہلی تجویز نہیں مانی گئی تو پھر لازمی بات ہے کہ اس کو جتنا زیادہ سے زیادہ بہتر بنایا جا سکتا ہے اس کے لئے کوشش کی جاتی ہے ۔ تو اس کے substitute کے طور پر alternative کے طور پر اب ہم نے یہ تجویز کیا ہے کہ اگر واقعی گورنمنٹ اور اکثریتی ارکان اس چیز پر مصر ہیں کہ انہوں نے لازمی طور پر شق (۷ - اے) کو خارج کرنا ہے اور اس

کو اس قانون کا حصّہ نہیں رکھنا تو پھر ہماری تجویز یہ ہے کہ کم از کم اس کے لئے بھی ایک جائز طریقہ کار ہونا چاہیئے۔

قانون وہی ہوتا ہے جس دن بنے اُس دن اُس کو نافذ کیا جائے۔ یہ قطعی طور پر قانونی طریقہ کار احسن نہیں تصور کیا جاتا رہا اور سچ پوچھئے تو ایک سپریم کورٹ کے فیصلے سے ہی اس کا جواز پیدا ہوا کہ کسی قانون کو retrospective effect بھی دیا جا سکتا ہے۔ ورنہ یہ قانون سازی کا کبھی بھی احسن طریقہ نہیں رہا کہ قانون بنا یا تو بعد میں جائے مگر اس کو لاگو پہلے سے کیا جائے۔ اور یہی خاصیت اس قانون میں رکھی گئی ہے کہ اس کا نفاذ ۳۰۔ دسمبر ۱۹۸۵ء سے کیا گیا ہے جب کہ یہ قانون بنتے بنتے ہو سکتا ہے کہ یہ جولائی میں بنے، اگست ۱۹۸۶ء میں بنے۔ اس کو چھ مہینے پہلے سے لاگو کر دینا یا سات مہینے پہلے سے لاگو کر دینا، میں سمجھتا ہوں کہ اس کا کوئی اخلاقی جواز پیدا نہیں ہوتا۔

اس سلسلے میں ہم نے تجویز کیا ہے کہ اگر باقی وہی کچھ ہی رکھنا ہے تو اس سلسلے میں ہماری پہلی تجویز یہ ہے کہ ایک تو قانون کو مؤثر بہ ماضی نہ کیا جائے بلکہ جس طرح ہے کہ " "It shall come into force at once." جب یہ منظور ہو جائے اور جب پارلیمنٹ سے اس کی منظوری ہو جائے اس کے بعد اس کو لاگو ہونا چاہیئے۔ اسے ماقبل لاگو نہیں کرنا چاہیئے

اس کے ساتھ ساتھ جو سب کلاز (۲) اس کی بطور " "moreover" " کے لگا دی گئی ہے کہ اگر کوئی پارٹی رجسٹر نہیں ہوتی، اس میں کوئی رکن شامل ہو جاتا ہے اور وہ ۳۰ دن کے اندر اپنے آپ کو رجسٹرڈ کرانے کے لئے چیف الیکشن کمشنر کو درخواست دے دیتی ہے تو پھر اس کے لئے یہ پروویژن رکھی گئی ہے کہ اس کے بعد اگر اس کے رجسٹریشن منسوخ ہو جاتی ہے تو جو ممبران رجسٹرڈ پارٹی میں شریک ہوئے ہیں وہ چاہیں تو ۳۰ دن کے اندر اپنے آپ کو اس پارٹی سے dissociate کر لیں۔

اس سلسلہ میں ہم نے تجویز کیا ہے کہ اس کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اگر قانون کو صاف ستھرا رکھنا ہے تو پھر صاف انداز میں ہی رکھئے۔

اگر آپ کہتے ہیں کہ غیر رجسٹرڈ پارٹی میں اگر کوئی شخص شامل ہو جاتا ہے اور

شامل ہوجانے کے باوجود اس کی رکنیت برقرار رہتی ہے تو پھر اسے برقرار ہی رکھئے، پھر یہ " "moreover" " لگانے کا کوئی فائدہ نہیں ہے ۔ اور یہ جو سب کلاز (۲) آپ نے رکھی ہے اس کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی ۔ اس کو حذف کر دینا چاہیئے۔

اس کے ساتھ ساتھ اگر یہ بھی ناگوار خاطر ہو، اگر اس کو بھی آپ نہیں مانتے تو ہم نے اس کے لئے پھر دوسری اس سے light کر کے ہم تو اس پر بار بار کوشش کر رہے ہیں کہ کسی نہ کسی طریقے سے قانون کو اس انداز میں بنایا جائے کہ کم از کم بد ترین نہیں تو بد تر بد تر نہیں تو صرف بد تک کی حد تک رہ جائے ۔ اور اس کے لئے بھی اگر وہ تیار نہیں ہیں تو ہم نے یہ تجویز کی ہے کہ اگر وہ سب کلاز (۲) کو بھی باقی رکھنا چاہتے ہیں تو پھر کم از کم اسے موثر بہ ماضی نہیں رہنا چاہیئے ۔ اس کو پھر جس دن پاس ہو رہا ہے اسی دن رہ جائے ، اور وہ (بی) بھی آپ رکھنا چاہتے ہیں جس کو ہم کسی بھی صورت میں پسند نہیں کرتے مگر مجبوری کی صورت میں اگر اس کو آپ رکھتے بھی ہیں تو پھر اس کو موثر بہ ماضی نہ رکھیں اور اس کو اسی کے مطابق ہی رہنے دیں ۔ جس دن پاس ہو اسی دن اس کا عمل ہونا چاہیئے ، اس سے پہلے نہیں ہونا چاہیئے ۔

اس کے ساتھ ساتھ اگر یہ بھی منظور نہیں ، اس کو آپ موثر بہ ماضی رکھنے پر بھی بضد ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ موثر بہ ماضی رہ جائے تو پھر ہم نے تیسری تجویز یہ دی ہے کہ اس کی کلاز (۲) جو کہ اس کلاز کا کلیئر کٹ ، سردار جی کے قول کے مطابق " moveover " کے مترادف ہے ، اس کو پھر حذف کر دیا جائے ، اور صرف اسی حد تک جو پہلے آپ نے رکھا ہے اس کے ساتھ ہی (اے) کو حذف کر دیا جائے اور اسے موثر بہ ماضی رہنے دیا جائے ۔ پھر اسی شکل میں اس کو رہنا چاہیئے ۔

ہم اس پر بار بار اصرار کرتے ہیں کہ ہمارا پہلا مطالبہ وہی ہے جو ہم نے عرض کیا تھا کہ اس کو قطعی طور پر امینڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے ، اور جس حیثیت سے ہم نے اسے قبول کر کے انتخابات میں حصہ لیا تھا اس کی وہی حیثیت باقی رہ جانی چاہیئے ۔ چاہے اس سے کوئی بھی بڑے سے بڑا اور چھوٹے سے چھوٹا متاثر ہو ، ہم اس چیز کیلئے قطعی طور پر تیار ہیں اور یہی ایک مہذب معاشرے کا طریقۂ کار ہوتا ہے اور یہ باقی

ریلیکسیشن جتنی بھی ہم نے تجویز کی ہے یہ انتہائی طور پر حالت اضطرار سمجھتے ہوئے، اضطراری کیفیت کے پیش نظر ہم نے پھر مجبوری میں یہ پانچ چھ سات میں تین تجاویز پیش کی ہیں - اگر ہو سکتا ہے اور اگر میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس چیز کو روا سمجھتے ہیں کہ قانون سازی ایسی ہونی چاہیئے جو ریزن ایبل کہلا سکے، جو آرٹیکل ۱۷ کی ریزن ایبلٹی کی حد تک بھی پارٹیوں پر جس کا اطلاق ہو سکے تو پھر اس میں سے جو بھی آپ کو پسند آئے، پانچ آپ کو پسند آئے تو پانچ کے مطابق کر لیں، چھ آپ کو پسند آئے تو چھ کو پسند کر لیں، سات آپ کو پسند آئے تو سات کے مطابق کر لیں - اور اگر ان تینوں میں سے کوئی بھی پسند نہیں ہے یا جو کچھ میں نے عرض کیا ہے اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا تو پھر مجھے کہنا پڑے گا -

؎ پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر
مردِ ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر

جناب سپیکر : جی شکریہ جی - آنریبل منسٹر فار جسٹس !

حاجی محمد سیف اللہ خان : جی انہیں میری ترامیم منظور ہیں -

جناب سپیکر : اس کا فیصلہ تو ایوان ہی کر سکتا ہے - ڈاکٹر شیر افگن صاحب ! آپ پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہیں ؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : نہیں، سر ! آپ مجھے چانس دیں جیسے حاجی صاحب کو دیا -

جناب سپیکر : جی آپ نے فرمایا تھا کہ انہیں زیادہ ٹائم دے دیں -

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : انہوں نے پروویژو لگایا تھا " ممکنہ "

جناب سپیکر : یہ تو بات نہیں ہے - میں آپ کو ایک منٹ دیتا ہوں -

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جی دو منٹ، میں نے ایک چھوٹا سا قطعہ پڑھنا ہے -

جناب سپیکر : کیا یہ ریلیونٹ ہے -

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جی ریلیونٹ ہے -

جناب سپیکر : جی فرمایئے -

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب والا ! یہ ۲۰ جون کا شمارہ میرے ہاتھ میں ہے، جناب وزیر قانون کا اپنا انٹرویو مجیب الرحمٰن شامی کے ساتھ ۔

جناب سپیکر : ڈاکٹر صاحب ! میرا خیال ہے ہم سب نے یہ پڑھا ہوا ہے۔ آپ دوبارہ پڑھنا چاہتے ہیں ؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : سر ! یہ بہت ضروری ہے ، یہ ریکارڈ میں ہونا ضروری ہے :۔

" قومی اسمبلی کی تر و تازہ عمارت کی دوسری منزل پر اچانک وزیر انصاف اقبال احمد خان صاحب سے سامنا ہوا ۔ انہوں نے اپنے سفید بالوں کی طرح سفید دانتوں سے تبسم فرماتے ہوئے راستہ روک لیا ۔ چھوٹتے ہی پوچھا کہ آپ نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ پڑھ لیا ہے ؟ انجان ہوتے ہوئے جواب دیا کون سا ؟ اس پر مزید مسکراتے ہوئے بولے یہ بھی میں بتاؤں کہ کون سا ؟ وہی سردار آصف احمد علی اور طارق رحیم والا ۔ اس کے بعد جو اظہار خیال کرنا شروع کیا ہے تو کرتے ہی چلے گئے ۔ میری رائے اول روز سے یہی تھی ۔ حاجی سیف اللہ کا نکتہ سوا سیر تو کجا ایک تولے کا بھی نہیں تھا ۔ سپیکر صاحب نے بھی بے جا تکلف کیا ۔ صدارتی آرڈیننس جاری کرنے کا مرحلہ آیا تو میں نے یہی مشورہ دیا تھا کہ اس کی قانونی طور پر قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے ۔ قانون ہمارے ساتھ ہے ۔ قانون کی عدالت سے ہمارے حق میں فیصلہ صادر ہو گا ۔ لیکن فخر امام صاحب نے سیاسی الجھنیں پیدا کر دی تھیں ، حکومت کی بے ثباتی کا احساس پھیلا دیا تھا ۔ بے یقینی کے سائے گہرے ہو رہے تھے ۔ اس لئے حکومت نے آرڈیننس کے ذریعے پیش بندی کا فیصلہ کر لیا ۔ یہ ایک سیاسی فیصلہ تھا ، قانونی نہیں ۔ لیکن میرے دوستوں اور کرم فرماؤں نے میرے ساتھ وہ کیا ، ایسے ایسے طعن توڑے کہ خدا کی پناہ ! ایک عزیز ایم این اے نے رعایت برتی تو یہ کہا کہ کام کی زیادتی کی وجہ سے خان صاحب کو نکتہ کے معاملے پر غور کرنے کا موقع نہیں ملا ۔ مجھے نالائق وکیل کہنے والے تو بہر حال کم نہیں تھے ۔ اخبار نویسوں کے قلم گز گز ہو گئے تھے ۔ یہاں پہنچ کر خان صاحب

گواچانک خیال آیا کہ وہ مرکزی مجلس اقبال کے جلسے میں تقریر کرنے کے لئے کھڑے نہیں ہوئے، قومی اسمبلی میں موجود ہیں"۔

مہربانی۔

جناب سپیکر: شکریہ۔ آنریبل منسٹر فار جسٹس!

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! آپ ان ترامیم پر فیصلہ کریں۔ جب میں بل کے لئے پیش کروں گا تو اپنا اظہار خیال کروں گا۔ passage

Sardar Aseff Ahmed Ali: Point of order. I am also the mover of this amendment.

Mr. Speaker: But I assured that honourable member from Rahimyar Khan be allowed to talk at length, the other movers will not be making speeches.

Sardar Aseff Ahmed Ali: In spite of good mood with which you came into the hall, why has your mood suddenly gone down?

Mr. Speaker: My mood never goes up or down.

Sardar Aseff Ahmed Ali: I would kindly request you not to lose your sense of humour.

Mr. Speaker: I am not losing my sense of humour; but I certainly hope that you are not losing your sense of proportion. Please take your seat.

Sardar Aseff Ahmed Ali: I never gave you any such assurance.

Mr. Speaker: I was assured by the Deputy Leader of your Group and I think you should all adhere to that. Please take your seat. I think enough is enough. The honourable Minister for Justice, you were saying something.

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! میں نے گذارش کی تھی کہ جب اگلی موشن آئے گی تو میں اپنا اظہار خیال ضرور کروں گا۔ اس مرحلے پر ان ترامیم کا فیصلہ کرالیا جائے۔

Mr. Speaker: In other words, we should put it straightaway.

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Yes, Sir.

Mr. Speaker: The question is:

"That in clause 2 of the Bill as reported by the Standing Committee,–

(i) in sub-clause (1) the words, comma and figure "and shall be deemed to have been omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end be deleted, and

(ii) sub-clause (2) be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That in sub-clause (1) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, comma and figure "and shall be deemed to have been omitted on the thirtieth day of December, 1985" occurring at the end, be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: Now we are clubbing amendments 8, 9 and 10. Haji Sahib, if you would like to move on behalf of yourself, Syed Fakhr Imam, Dr. Muhammad Shafique Chaudhry, Dr. Sher Afgan Khan Niazi and Sardar Aseff Ahmed Ali.

Haji Muhammad Saifullah Khan: Sir, I move:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

Mr. Speaker: It has been moved by the abovesaid members:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

Mr. Iqbal Ahmad Khan: I oppose it, Sir.

Haji Muhammad Saifullah Khan: Sir, I move:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, commas and figure "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985," occurring in the third and fourth lines, and the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

Mr. Speaker: It has been moved by the abovesaid members:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, commas and figure "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985," occurring in the third and fourth lines, and the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person disociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

Mr. Iqbal Ahmad Khan: I oppose it, Sir.

Haji Muhammad Saifullah Khan: Sir, I move:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Commisstt, the words and comma "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985" occurring in the third and fourth lines, be deleted."

Mr. Speaker: It has been moved by the abovesaid members:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words and comma "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985" occurring in the third and fourth lines, be deleted."

Haji Sahib, what would be the arrangement this time? I suggest, before comming to any decision, . . .

Haji Muhammad Saifullah Khan: All is well that ends well.

Mr. Speaker: What about the beginning?

حاجی محمد سیف اللہ خان : یہ آخری ہے جناب ۔

Mr. Speaker: Would you like to continue with the two minutes limit?

حاجی محمد سیف اللہ خان : ہوسکتا ہے اس سے تھوڑا کم یا زیادہ ہو جائے ۔

Mr. Speaker: No. I think 2 to 3 minutes for yourself and 2 minutes for all the others.

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! مجھے انتہائی دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ دنیا کا ہمیشہ سے یہ دستور رہا ہے اور بزرگوں کا بھی یہ قول رہا ہے کہ اچھی بات کہیں سے بھی ہو ، کسی جانب سے بھی ہو اُسے ماننا ہی چاہیئے ۔ مگر یہ طریق کار ہم نے موجودہ حکمران جماعت کا ہی دیکھا ہے کہ اچھی بات کہیں سے آئے ، کسی جانب سے بھی آئے ، محض اس لئے نہیں مانتی کہ اس سے ان کے مفادات متاثر ہوتے ہیں ۔

جناب والا ! باوجود اس امر کے کہ ہم نے پہلی جتنی بھی تجاویز پیش کی ہیں ان کی جانب اپنی اکثریت کے بل بوتے پر کوئی توجہ نہیں دی گئی ۔ مگر ہمیں اپنا فرض ادا کرنا ہے ، انہیں اپنی روش پر قائم رہنا ہے ۔ تو میں اب مزید تجاویز پیش کر رہا ہوں کہ اگر آپ مُصر

ہیں کہ ان کلازوں کو باقی ہی رکھنا ہے ، اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس میں ترمیم لازمی طور پر کرنا ہے ، اور آپ یہ بھی تہیہ کر چکے ہیں کہ اس کی جزو (اے) اور (بی) دونوں کو منظور کرنا ہے تو پھر ہم نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اس میں کم از کم اتنا ضرور کر دیا جائے کہ جو شخص کسی ایسی جماعت میں داخل ہوتا ہے جو رجسٹرڈ نہیں ہے اور پھر اس کی رجسٹریشن نہیں کی جاتی ، اس کی رجسٹریشن کی درخواست چیف الیکشن کمشنر یا الیکشن کمشنر مسترد کر دیتے ہیں تو پھر اس رکن کا یہ حق قطعی طور پر باقی نہیں رہتا کہ وہ اس کے نتائج نہ بھگتے۔ یہ کہیں کا بھی دستور نہیں ہے کہ اس طرح سے قانون سازی کی جائے کہ جب چاہیں ، جس طرح چاہیں ، جس پارٹی میں چاہیں ، جس وقت چاہیں ، چاہے وہ رجسٹرڈ ہو سکے ، چاہے نہ ہو سکے ، چاہے اس پارٹی کا قیام ملکی مفاد میں ہو یا نہ ہو ، اور اس کو Prima facie الیکشن کمشنر رد کر دے مگر اس کے باوجود بھی رکنیت بدستور قائم رہے گی ، اور اس رکن کو جو سوچ سمجھ کر ایسی پارٹی میں جا رہا ہے جس کے متعلق اسے پتہ ہے کہ الیکشن کمشنر قطعی طور پر منظوری نہیں دیں گے کیونکہ وہ شرائط بالکل واضح اور صاف ہیں کہ کون سی ایسی جماعت ہے ، کن صورتوں میں اسے رد کیا جا سکتا ہے ، اس کے باوجود ایک رکن اس کو opt کرتا ہے ، پھر بھی اسے اس کے نتائج سے بچایا جا رہا ہے اور اس کی رکنیت کو محفوظ کیا جا رہا ہے ۔ ہماری درخواست یہ ہے کہ کم از کم پھر جس وقت اس کی درخواست رد ہو جائے ، وہ پارٹی الیکشن کمشن سے مسترد ہو جائے تو پھر اس میں شامل ہونے والا رکن اس کے نتائج کو ضرور برداشت کرے اور وہ اس کے consequences کو own کرے ، opt کرے ، adopt کرے ، اور اس کے پھر جو بھی نتائج ہوں وہ اس کو بھگتنے چاہئیں ۔ یہ کہیں کا بھی دستور نہیں ہے کہ ایک آدمی ایک ایسی جماعت میں الیکٹ ہونے کے بعد الیکٹوریٹ کی خواہشات کے بغیر وہ شامل ہوتا ہے اور الیکشن کمشن اس کی درخواست کو مسترد کر دیتا ہے ، اس کے باوجود اس کو مزید تیس دن کی مدت دی جاتی ہے کہ وہ پھر اپنے آپ کو اس پارٹی سے dissociate کرے ، جسے الیکشن کمشن نے مسترد کیا ہے اور dissociate کرنے کے بعد اس کی رکنیت پر کوئی زد نہیں پڑے گی ، اس پر کسی قسم کے کوئی اثرات مرتب نہیں ہوں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی صورت میں نہ اسے جائز تصور کیا جا سکتا ہے ، نہ اسے

اخلاقیات کے دائرے میں لایا جا سکتا ہے ۔

اس کے بعد ہم نے اس حد تک اس میں relaxation دی ہے کہ اگر یہ بھی آپ کو منظور نہیں ہے ، اگر اس کے باوجود آپ کا اصرار ہے کہ dissociate کرنے کے باوجود بھی ، reject ہو جانے کے باوجود بھی dissociate کر سکتا ہے تو پھر اُسے مؤثر بہ ماضی نہ کیا جائے ، اس کا اطلاق اس دن سے ہو جس دن یہ قانون پاس ہو ۔ اور یہ لکھ دینا کہ اسے ۳۰ ر دسمبر ۱۹۸۵ء سے لاگو ، منظور شدہ اور جاری تصور کیا جائے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر : حاجی صاحب ! ٹائم ختم ہونے کو ہے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ میں سمجھتا ہوں کہ قطعی طور پر درست نہیں ہے ۔ ایسی صورت میں یہ قانون سازی جو ہم کریں گے ، وہ قانون سازی نہ تو قوم و ملک کے مفاد میں ہو گی ، نہ وہ آئینی تقاضے پورے کرے گی ، نہ وہ اخلاقی تقاضے پورے کرے گی اور نہ ہی وہ قوم اور عوام کے نزدیک قابلِ قبول ہو گی ۔

بہت بہت شکریہ ۔

جناب سپیکر : سید فخر امام صاحب ! All right ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری صاحب !

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری : جناب سپیکر ! یہ امر انتہائی افسوس ناک ہے کہ اس وقت اکثریتی پارٹی اپنے کانوں میں روئی ٹھونسے بیٹھی ہے اور کوئی بھی معقول بات وہ ماننے کو تیار نہیں ۔ ہمارا ماضی کا تجربہ اس بات پر گواہ ہے کہ خواہ اپوزیشن کی طرف سے ترمیت بل کی صورت میں ہی کوئی چیز کیوں نہ آئے ، اس کے اوپر بھی ہمارے وزیر قانون نے یا ہماری حکومت نے مخالفت ضرور کرنی ہے ۔ خواہ وفاقی محتسب کی فہم میں ہی بھنڈارا صاحب کوئی تجویز کیوں نہ لے کے آئیں اس کی مخالفت ضرور ہو گی ۔ تو حضور والا ! میں اس شعر کے ساتھ اپنے رنج و الم کا اظہار کرتا ہوں کہ

؎ اے بلبل ناداں غوغا مکن تو ایں جا
نازک مزاج شاہاں تاب سخن ندارد

شکریہ ۔

جناب سپیکر: شکریہ، ڈاکٹر صاحب - ڈاکٹر شیر افگن نیازی صاحب!

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب سپیکر! میں بھی ایک شعر پر اکتفا کرتا ہوں اور وہ یہ ہے -

؎ وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا

جناب سپیکر: سردار آصف احمد علی!

Sardar Aseff Ahmed Ali: Well, I am fully aware that no amount of reasoning by my colleagues is going to be effective to make even any marginal change in the attitudes of the majority party, so, therefore, I will not dwell upon it for a long time. But I will just merely bring one historical fact to the notice of the Treasury Benches because that historical fact might open their eyes to the shape of things to come. Sir, that historical fact is that, if they were to study the rise of Adolf Hilter, then they would know that there was a Wiemer Republic which was formed in the late '20s and the early '30s and the destruction of that parliamentary and a democratic Republic was done through the use of instruments like presidential Ordinances. Unfortunately, we are treading that path of Ordinances and Orders and I fear, Sir, that we are heading towards times in which the President of this country will be bailing out Prime Minister, will be bailing out and will become protector of the National Assembly, which is an elected National Assembly of the people of Pakistan. Only people can defend this National Assembly. But we have been told, no, it is the President who is going to defend us.

With these few words, Mr. Speaker, I hope that the message I am trying to convey will fall on receptive ears. I thank you.

Mr. Speaker: Thank you. The honourable Minister for Justice.

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! میں نے یہ گذارش کی تھی کہ جب تیسری خواندگی شروع ہو گی تو میں اس پر اظہار خیال کروں گا۔

And before putting my motion to vote, I may be permitted to say a few words.

Mr. Speaker: Yes. Now we will put the amendments.

The question is:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words, commas and figure "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985," occurring in the third and fourth lines, and the words and commas "or, if the application of the political party is refused, such person dissociates himself from the party within thirty days of such refusal" occurring at the end be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That in sub-clause (2) of clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, the words and comma "or be deemed to have been disqualified on or after the thirtieth day of December, 1985" occurring in the third and fourth lines, be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: Now we come back to clause 2 which had been left till the end at the request of the honourable member from Rahimyar Khan.

حاجی صاحب ! مو و فرمائیں گے ؟ یہ آئیٹم ۳ ہے یہ سب کلاز ۲ میں ہے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : یہ مود ہو چکی ہے - اب اس میں باقی کچھ رہ گیا ہے ؟ اور جو کچھ حشر آپ نے دس کا دیکھا ہے انہوں نے ایک موو کر کے کیا کرنا ہے ؟ میں اجتاجاً کچھ نہیں بولنا چاہتا -

جناب سپیکر : تشریف رکھئے -

Anybody else among the movers who would like to speak on this issue? None. I am going to put the motion now. The question is:

"That clause 2 of the Bill, as reported by the Standing Committee, be deleted."

The motion was negatived.

Mr. Speaker: The question is:

"That clause 2 do form part of the Bill."

(Voice vote was taken.)

Mr. Speaker: I think it needs to be repeated. I will put the question again. I am not clear in my mind. They were about equal.

حاجی صاحب کا مائیک نہیں چل رہا ، مجھے سمجھ نہیں آ رہی - ان کا مائیک آن کیجئے -

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! قواعد کی رو سے سپیکر صاحب کو جس طرح کی آوازیں ملیں - اس کے مطابق انہوں نے اپنی صوابدید پر فیصلہ دینا ہے - اس پر کسی کو بھی اعتراض ہو گا تو وہ قواعد کے مطابق چیلنج کر سکتا ہے - آپ اپنی صوابدید پر ریپیٹ نہیں کرا سکتے - قاعدے میں کوئی ایسی پروویژن نہیں ہے -

Mr. Speaker: Supposing I think that voting is equal, what should I decide?

آپ ہماری رہنمائی فرمائیں -

حاجی محمد سیف اللہ خان : آپ اپنا کاسٹنگ ووٹ دے دیں - قاعدہ یہی ہے کہ جب برابر محسوس کریں تو آپ فیصلہ اپنے کاسٹنگ ووٹ پر کریں -

جناب سپیکر : کاسٹنگ ووٹ گنتی میں ہوتا ہے ، ویسے نہیں ہوتا -

حاجی محمد سیف اللہ خان : آپ ترازو تو نہیں کہ برابر سمجھ بیٹھے ہیں - آخر کسی ایک طرف ہو گا -

Mr. Speaker: I think I will put the question again.

حاجی محمد سیف اللہ خان : آپ سوئے ہوؤں کو جگا رہے ہیں -

جناب سپیکر : میں کسی کو نہیں جگا رہا نہ یہ میرا کام ہے -

خان محمد عارف خان : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم - بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ راز کوئی اب راز نہیں سب اہل گلستان جان گئے
ہر شاخ پہ الو بیٹھا ہے انجام گلستان کیا ہو گا

جناب سپیکر : شکریہ - جناب میر ظفر اللہ خاں جمالی ! آپ پوائنٹ آف آرڈر پر کچھ کہنا چاہتے ہیں ؟ میر ظفر اللہ خان جمالی کا مائیکروفون آن کیجئے -

میر ظفر اللہ خان جمالی : جناب والا ! میرا نہیں میری سیٹ کا مائیکروفون - سر میری گذارش یہ ہے کہ آج آپ کا موڈ

was, throughout, that "the 'Noes' had it." In the end, the original 'Noes' had it. But when it came to voting, then our 'Noes' had it. I think, with due respect, if you just keep your own hand on your own heart and say who was the actual winner, I think that should be good enough. *(Interruption)* The Treasury Benches keep on signing applications. This would be my humble request in the interest of the House.

(Interruption)

Mr. Speaker: Decision can be challenged. So it hardly is a lost cause.

Mir Zafarullah Khan Jamali: Sir, with due respect, you are not a party to it.

Mr. Speaker: Certainly I am not a party.

میر ظفر اللہ خان جمالی : میں تو آپ کے توسط سے ان کو کہہ رہا ہوں جو کہ ہار چکے ہیں۔

Please don't defend them anymore.

Mr. Speaker: I am not defending anybody.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : جناب والا! بنیادی چیز یہ ہے کہ جو رولز ہیں جن کے تحت آپ یہ ووٹنگ کرا رہے ہیں اور یہ لاء ہے اور ignorance of law کے لئے you can't make any excuse کیوں کہ قانونی طور پر ایک چیز واقع ہو چکی ہے، آپ کو اس کو uphold کرنا پڑے گا۔

جناب سپیکر : ڈاکٹر صاحب! کیا چیز ہو چکی ہے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی : 'yes' اور 'no' کے سلسلے میں۔

That was quite clear.

Mr. Speaker: I have certainly not given any ruling on that account. Please take your seat. Sardar Aseff Ahmed Ali.

جناب عبدالحمید جتوئی : پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر : جی میں نے آپ کو دیکھا ہے، ان کے بعد آپ کو انشاءاللہ ایک منٹ ضرور دوں گا۔

Sardar Aseff Ahmed Ali: Sir, could it be the affair of a motion or vote of no-confidence?

Mr. Speaker: Certainly not, Sardar Sahib.

جی عبدالحمید جتوئی صاحب!

جناب عبدالحمید جتوئی : جناب والا! میں تو وزراء صاحبان سے یہ عرض کروں گا کہ خود بھی تھوڑی ٹریننگ لیں اور اپنے ممبروں کو بھی ٹریننگ دیں۔ میں تو عرض کروں گا کہ آپ کوئی سکول کھول لیں۔ اور ان کو سمجھائیں۔ اور آخر میں ایک شعر عرض کروں گا کہ

؎ روئے گا کون اے ناخدا ان کو غرق ہوتے ہے
کہ جن کو ڈوبنا ہے ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

جناب سپیکر : شکریہ!

I think we will not cut jokes and start the business.

نواب محمد یامین خان : جناب والا!

جناب سپیکر : نواب صاحب! تشریف رکھئے - مہربانی -

I will put the question. The question is :

"That clause 2 do form form part of the Bill."

(Voice vote is taken.)

Mr. Speaker: I think the Ayes have it . . .

Haji Muhammad Saifullah Khan: I challange it.

جناب سپیکر : جی ٹھیک ہے -

After two minutes I will put it again.

جی عبدالحمید جتوئی صاحب !

جناب عبدالحمید جتوئی : جناب والا ! میں وزراء صاحبان سے کہتا ہوں کہ یہ اپنے ممبر صاحبان کو سمجھاتے کیوں نہیں کہ کس وقت ان کو آواز نکالنی چاہیئے اور کس وقت نہیں نکالنی چاہیئے - یا مجھے اجازت دیں کہ کوئی سکول کھولوں اور ان کو پڑھاؤں -

جناب سپیکر : ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے - تشریف رکھئے - میرا خیال ہے کہ دو منٹ تو ہو گئے ہیں - جی خان محمد عارف خان صاحب !

خان محمد عارف خان : میں عرض کر رہا ہوں کہ یہ کام وہپ کا ہے کہ وہ صحیح وہپنگ کرے ، وہ ان کو صحیح طور سے سمجھائے ، وہ ان کو پوری ٹریننگ دے - اس کا مطلب ہے کہ وہ بڑے نااہل ہیں ، چیف وہپ کا فریضہ وہ جانتے ہی نہیں ہیں -

جناب سپیکر : جی شکریہ -

I will not put the question again. The question is :

"That clause 2 do now form part of the Bill."

(Voice vote is taken.)

Mr. Speaker: I think the Ayes have it . . . .

Haji Muhammad Saifullah Khan: I again challenge it. It is in the rules.

آپ کے اختیار میں یہ تو ہے کہ ڈویژن کرائیں rising in the seats سے کرائیں آپ روک نہیں سکتے -

جناب سپیکر : آپ بتائیں کہ آپ کس رول کو کوٹ کر رہے ہیں ؟ مجھے ذرا ایجوکیٹ کیجئے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جی میں ابھی دیتا ہوں ۔

It is not in your discretion, Sir.

جناب سپیکر : آپ مجھے دکھایئے ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : جی ہاں ! میں ضرور پیش کرتا ہوں ۔

جناب سپیکر : میں بھی آپ کو بتا دوں کہ ابھی اس معاملہ میں خاصا جاہل ہوں ۔

حاجی محمد سیف اللہ خان : نہیں سر ! ابھی پیش کر دیتا ہوں ۔ یہ سر! ہے رول ۲۳۸-

جناب سپیکر : حاجی صاحب ! میں نے پڑھ لیا ہے ، آپ کو پڑھنے کی ضرورت نہیں ۔ You are right.

Haji Muhammad Saifullah Khan: Thank you very much.

Mr. Speaker: The question is:

"That clause 2 do now form part of the Bill."

(Vote is taken by members rising in their seats)

Mr. Speaker: The count is 92 for and 23 against. As such the motion is carried and clause 2 now forms part of the Bill.

جناب غلام الدین خان مروت : جناب والا ! میں یہ کہنے والا تھا کہ انہوں نے کہاں سے ٹریننگ لی ہے کہ ایک آدمی چار کی جگہ آواز نکالتا ہے ؟ بیس کی بجائے انہوں نے ۹۰ کی بنا دی ۔

جناب سپیکر : نہیں ، ۹۰ تو ہمارے تھے ۔ آپ تشریف رکھئے ۔

I don't think there should be any discussion on it.

جی جناب لیاقت بلوچ صاحب پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہوئے ہیں ۔

جناب لیاقت بلوچ : پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر ! جناب غلام الدین مروت صاحب نے جو بات کی ہے حق والے ہمیشہ تھوڑے ہوتے ہیں ، ان کا ہمیشہ بڑا رعب ہوتا ہے ۔

جناب سپیکر : تشریف رکھئے ، یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے ۔

I will put the question now. The question is:

"That clause 3 do now form part of the Bill."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Now we come back to clause 1, short title and preamble. The question is:

"That clause 1, short title and preamble do form part of the Bill."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Minister for Justice and Parliamentary Affairs.

Mr. Iqbal Ahmed Khan: Sir, I beg to move:

"That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be passed."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977 [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be passed."

Haji Muhammad Saifullah Khan: I oppose it, Sir.

Mr. Speaker: Haji Saifullah Sahib, if you will kindly start the debate.

حاجی محمد سیف اللہ خان : جناب والا ! یہ انتہائی طور پر افسوس کا مقام ہے کہ ہم اس عوامی منتخب شدہ ایوان میں ایک ایسی روایت کو جنم دے رہے ہیں جس کی

وجہ سے آنے والی نسلیں ہمیں سمجھتا ہوں کہ ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی - اس میں کوئی شک نہیں کہ ان ایوانوں میں کالے قوانین بھی بنتے رہے ، اس میں کوئی شک نہیں کہ ان ایوانوں میں اس سے بھی بدتر بلکہ بدترین قانون سازی بھی ہوتی رہی ، مگر ایسی مثالیں بہت کم ملتی ہیں اور یہ مثالیں بھی آپ کو ملیں گی کہ حکومت کو بچانے کے لئے، اقتدار کو بچانے کے لئے ، ایوان کو بچانے کے لئے ، ملک کو بچانے کے لئے ، قوم کو بچانے کے لئے تو لازمی طور پر ان ایوانوں میں قانون سازی ہوتی رہی مگر آپ کو یہ مثالیں بہت کم ملیں گی کہ اپنے آپ کو بچانے کے لئے اس قسم کی قانون سازی کی جائے -

جناب والا ! مجھے انتہائی دکھ اور افسوس ہوا ہے کہ باوجود اس امر کے کہ ہم نے انتہائی کوشش کی کہ اگر یہ قانون سازی کرنی بھی ہے تو کم از کم آنے والی نسلوں کے لئے یا قوم کے لئے یا ملک کے لئے ہونی چاہیئے - یہ تاثر ختم کر دینا چاہیئے کہ یہ قانون سازی کسی ایک فرد کے لئے کی جا رہی ہے اس کے باوجود کہ ہم نے اس کو اپنی دانست کیمطابق اپنی سوچ کیمطابق جتنا بھی ممکن ہو سکتا تھا اس کو بہتر کرنے کی کوشش کی مگر حکومت وقت پر اور اکثریتی پارٹی پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا - یہی وجہ ہے کہ قانون سازی میں احتیاط کے بہت سے تقاضے پورے کئے جاتے ہیں - فرسٹ ریڈنگ ، سیکنڈ ریڈنگ اور پھر ایک موقع پر تھرڈ ریڈنگ میں بھی دیا جاتا ہے کہ اگر اس وقت بھی انسان میں یہ سوچ پیدا ہو جائے ، اس وقت بھی یہ محسوس کیا جائے کہ ہم کسی قسم کے غلط کام کا ارتکاب کر رہے ہیں تو اس وقت بھی سوچا جا سکتا ہے ، اور یہ موجودہ مرحلہ اسی سے متعلق ہے - یہ تھرڈ ریڈنگ اسی لئے ہو رہی ہے کہ اب بھی وقت ہے اور اب بھی موقع ہے کہ ہم چاہیں تو اس قانون سازی میں اس سلسلہ میں اس ایوان پر جو دھبہ لگایا جا رہا ہے اس کو اب بھی ہم دھو سکتے ہیں - اور اسی بل کو اس سطح پر ہم نامنظور کر کے میں سمجھتا ہوں کہ اپنے ضمیر سے ، اپنی قوم سے ، اپنے ملک سے اور اپنے حلف سے جو کہ اس ایوان کا رکن بنتے وقت ہم نے اٹھایا تھا ، اس سے سرخرو ہو سکتے ہیں - اور اگر اس موقع سے بھی ہم فائدہ نہ اٹھائیں تو پھر اس کا جواب ہمارا ضمیر ہم سے مانگے گا اور پھر آنے والی نسلیں اور آنے والا مؤرخ اس چیز کی تصدیق کرے گا کہ آیا یہ ایوان

صرف اپنی ذات کے لئے قانون سازی کرنے بیٹھا ہے یا ان وعدوں کی تکمیل کے لئے جو انہوں نے انتخاب کے وقت کئے تھے، اس کے لئے معرضِ وجود میں آیا ہے، اس کا فیصلہ پھر آنے والا مؤرخ ہی کرے گا۔

میں اب بھی استدعا کروں گا کہ اسے انا کا مسئلہ بنانے کی بجائے، اگر آپ مطمئن ہیں کہ آپ کا دامن صاف ہے، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ سے کوئی غلط کاری نہیں ہوئی، اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کے فیصلے درست تھے تو پھر اس کا سہارا لینے کی ضرورت نہیں، وہ آرڈیننس جو ایک بدنما داغ اور ایک بدنما دھبہ اس پورے ملک کے لئے بن چکا ہے پھر اس کو باقی رکھنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ بجائے اس کے کہ اس کی قانون سازی کی جائے اور اس آرڈیننس کو ایکٹ کی شکل دی جائے، اس کے لئے مناسب طریقہ یہ ہے کہ بجائے اس کے کہ ۱۲۰ دن بعد یہ آرڈیننس اپنی موت آپ مرے، ہمیں قانون اور آئین میں دیئے گئے طریقۂ کار کے مطابق اسی آرڈیننس کا Resolution of disapproval پاس کر دینا چاہیئے اور اس آرڈیننس کو بجائے ایکٹ بنانے کے اسے آج ہی اپنی موت مار دینا چاہیئے۔ یہ ہے آزاد اور زندہ قوموں کا طریقۂ کار اور اس طرح سے ایک غلط قسم کا جاری کردہ آرڈیننس۔ جو صریحاً اختیارات کے ناجائز استعمال کے مترادف ہے۔ اس کو یہ پارلیمنٹ نہ صرف صادر کرے بلکہ ایک مستقل قانون بنا دے۔ اس قسم کے منتخب ایوان کے لئے یہ چیز شایانِ شان نہیں ہے۔

میں اب بھی آخری بار استدعا کروں گا کہ خدارا اس قوم اور ملک کے نزدیک اگر ہم نے سرخروئی حاصل کرنی ہے، اگر ہم نے اپنے ضمیر کو زندہ رکھنا ہے اگر ہم نے اپنے حلف کی پاسداری کرنی ہے جو اس ایوان کا رکن بنتے وقت ہم نے اٹھایا تھا تو پھر اب بھی موقع ہے کہ ہمیں اس بل کو reject کر دینا چاہیئے اور اس آرڈیننس کے خلاف Resolution of disapproval پاس کر کے ہمیں یہ ثابت کر دینا چاہیئے کہ ہمیں کسی آرڈیننس کے سہارے کی ضرورت نہیں ہے، ہمیں اپنے آپ کو بچانے کے لئے کسی غلط طریقۂ کار کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ ہم قانون، آئین اور ضمیر کے مطابق اپنے آپ کو ہر وقت پیش کرنے کے لئے تیار ہیں اور قانون جو بھی ہمارے مقدر کا فیصلہ کرے ہم اس پر صاد کرنے کے لئے تیار ہیں۔ مجھے یقین ہے کہ اب بھی ارباب اختیار اپنے مؤقف پر

نظر ثانی کرتے ہوئے اس بل کو نامنظور کریں گے ، اور میں بالخصوص اپنے محترم فاضل وزیر عدل سے یقینی طور پر توقع رکھوں گا کہ وہ عدل کا ترازو ہاتھ میں لیتے ہوئے اپنی اس تحریک کو جو انہوں نے ابھی موو کی ہے اسے قوم اور ملک کے وسیع تر مفاد میں واپس لیں گے ۔

بہت بہت شکریہ ۔

جناب سپیکر : شکریہ جی ۔ ڈاکٹر شفیق چوہدری صاحب ! دو تین منٹ ہیں۔ ڈاکٹر صاحب ! آپ کے پاس دو منٹ ہیں ۔

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری : جناب سپیکر ! یہ آرڈیننس جس کو ہم آج ایکٹ بنا رہے ہیں ، یہ ہماری آئینی ، پارلیمانی اور قانونی تاریخ کے اندر اسی طرح نمایاں اور بدنما رہے گا جس طرح سے کہ جسٹس منیر کا وہ فیصلہ ہے جس کے اندر انہوں نے مارشل لاء کو حلال قرار دیا تھا ۔ اس کا تسلسل ابھی تک جاری ہے اور ہم اس کا مزہ ابھی تک چکھ رہے ہیں ۔

حضور والا ! اس وقت صورتِ حال یہ ہے کہ اس آرڈیننس کے بارے میں ہر بچے کو معلوم ہے کہ یہ کس کے لئے عمل میں آیا تھا ، اور اگر کسی کو نہیں پتہ تو صدر مملکت نے اس بارے میں خود ہی بیان دے کر تمام قوم کو اور ساری دنیا کو یہ بتا دیا ہے کہ اس کے ذریعے سے میں نے موجودہ وزیر اعظم کو بیل آؤٹ کیا ہے تو حضور والا ! ان کی عبوری ضمانت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر : ڈاکٹر صاحب ! تکرار کا کوئی فائدہ نہیں ۔

This has been said about twenty times since morning.

کوئی نئی بات کریں ۔

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری : حضور والا ! ایک مقرر اور مبلغ میں فرق ہوتا ہے۔ ایک بات کو اس حد تک کہنا چاہیئے جب تک کہ اس پر عمل نہ ہو جائے ۔ مقرر کی یہ شان ہوتی ہے کہ اس کی تقریر میں تکرار نہیں ہوتا ۔ اور ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر : نہیں ، جناب ! رولز کے مطابق تکرار نہیں ہو سکتی ۔

ڈاکٹر محمد شفیق چوہدری : تو حضور والا ! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ عبوری ضمانت

کو تو آپ کنفرم کر رہے ہیں لیکن آپ اس کو بری نہیں کر سکتے کیونکہ بری تو عوام کی عدالت ہی کرے گی ۔ عوام ایک ایک حقیقت کو جانتے ہیں اور تمام چیزوں کو بغور دیکھ رہے ہیں ۔ حضور والا ! اس کے ذریعہ سے نہ صرف عوام کا ہم پر سے اعتماد اٹھے گا بلکہ آئندہ آنے والی نسلیں بھی جب ہماری پارلیمانی تاریخ کو اٹھا کر پڑھیں گی ، ہمارے ریکارڈ کو اٹھا کر پڑھیں گی تو اس کے اندر کوئی ایسی قابلِ تعریف بات نہیں ہوگی ۔ جس سے یہ واضح طور پر معلوم ہوگا کہ ذاتیات کی خاطر ، اپنی شخصیت کی خاطر ، اپنے اقتدار کی خاطر اور اپنے مفاد کی خاطر ہمیشہ قوم اور ملک کے مفاد کو تہ و بالا کیا گیا ، اور یہ ایک ایسی روشن مثال نہیں ہوگی کہ ہماری آنے والی نسلیں اس پر فخر کر سکیں ۔ اس وقت ہمارا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم کوئی ایسی غلطی نہ کریں جس کا بعد میں خمیازہ بھگتنا پڑے ، جس کی قیمت آئندہ آنے والی نسلوں کو ادا کرنی پڑے ۔

یہ بل حضور والا ! اتنا ہی خطرناک ہے جتنا کہ کوئی زہر ہو سکتا ہے ۔ اس لئے میری یہ گذارش ہے کہ وزیر عدل و انصاف اس بل کو واپس لیں اور اس کے بعد ہم قوم کو یہ مژدہ سنا سکیں کہ یہ اسمبلی کوئی ربڑ سٹیمپ نہیں ہے بلکہ یہ ایک با اختیار اسمبلی ہے اور یہ صحیح فیصلے کر سکتی ہے اور کسی کے اشارہ ، ابرو پر نہیں ناچتی بلکہ اپنے ضمیر کے مطابق فیصلہ کرتی ہے ۔

شکریہ ۔

<u>جناب سپیکر</u> : جی شکریہ ۔ جناب لیاقت بلوچ صاحب !

<u>جناب لیاقت بلوچ</u> : جناب سپیکر ! یہ آرڈیننس جس کو ایکٹ کی صورت دی جا رہی ہے ، پولیٹیکل پارٹیز ایکٹ کی مزید ترمیم کے سلسلے میں ، اگرچہ اس ایوان کو آئین کے تحت یہ مکمل اختیار ہے کہ یہ قانون سازی کر سکتا ہے لیکن اگر یہ ایوان ایسا قانون بنائے جس کی وجہ سے اس کی عزت اور قدر و منزلت میں اضافہ ہو تو یقیناً ایسا قانون بنایا جانا چاہیئے ، لیکن یہ آرڈیننس جو کہ اپنی جگہ پر شکوک و شبہات کی بنیاد پر ہے اور مجھے ایک تقریب اچھی طرح یاد ہے کہ جس دن لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ آیا تھا اسی دن یہاں ہمارے وزیر اطلاعات کے اعزاز میں ایک ہفت روزہ کے ایڈیٹر نے ایک دعوت دی تھی اور اس دن ہمارے محترم وزیر قانون نے تمام لوگوں کی موجودگی میں اس بات کا اظہار کیا

تھا کہ ان کا مؤقف درست ثابت ہوا ہے کہ یہ ریفرنس صحیح نہیں بھیجا گیا تھا اور جس کی بنیاد پر آگے چل کر معاملات غلط ثابت ہوئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ وہ فرق جو کہ ایک آرڈیننس کو اس بل کی صورت میں پیش کر رہے ہیں ، جب ان کا ضمیر اس بات کو کہتا ہے کہ ریفرنس غلط تھا اور اس کی بنیاد پر آرڈیننس غیر ضروری ہے تو پھر ایسی چیز کو ایوان میں کیوں پیش کیا جا رہا ہے -

اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اب بھی صورت ایسی موجود ہے کہ حکومت کو چاہیئے ، اکثریتی پارٹی کو چاہیئے کہ ایک ایسا آرڈیننس جس کی بنیاد پر یہ بل تیار کیا گیا ہے ، جس کی بنیاد پر یہ قانون سازی کی جا رہی ہے ، جس کی وجہ سے عوام کے اندر شکوک وشبہات پیدا ہوئے ہیں ، جس کی وجہ سے اس ایوان کے اندر کے ذمہ داران اور اس حکومت کے ذمہ داران کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا ہوئے ہیں تو پھر اس کو اس انداز میں اختیار نہ کیا جائے کہ پھر یہ قانون تو بن جائے لیکن اس قانون کے ساتھ اس ایوان کی ساکھ بھی ڈوب جائے - اس لئے جناب سپیکر ! میری استدعا ہے کہ محترم وزیر قانون جن کا اپنا استدلال ہے ، جن کا اپنا مؤقف ہے ، جو اپنے پاس دلائل رکھتے ہیں ، اخبارات کے اندر مختلف انٹرویوز کے اندر انہوں نے اپنے اس مؤقف کو اختیار کیا ہے ، تو میں سمجھتا ہوں کہ انہیں اپنے ضمیر کا ساتھ دینا چاہیئے ، اس آرڈیننس کو ، اس بل کو واپس لے کر قانون کا سامنا کرنا چاہیئے تاکہ یہ ایوان سرخرو ہو سکے اور ہم قوم کے سامنے اس بات کو ثابت کر سکیں کہ یہ ایوان حق کی بات کہہ سکتا ہے اور حق کے ذریعے اپنے وجود کو اپنے وقت پر تسلیم کروا سکتا ہے -

اس لئے محترم سپیکر ! میں اسی بات کی استدعا کروں گا کہ محترم وزیر قانون اب بھی اس مرحلے پر اس چیز کو سوچیں ، اس کو ڈس اپرو ڈ کریں ، اس آرڈیننس کو واپس کریں اور اس کی بنیاد پر ان عدالتوں کا سامنا کریں ، اس الیکشن کمشن کا سامنا کریں کہ جس کی بنیاد پر یہ مسئلہ پیدا کیا گیا تھا -

بہت بہت شکریہ -

جناب سپیکر : آنریبل منسٹر فار جسٹس ! آپ مغرب کی نماز کے بعد کچھ فرمانا چاہیں گے یا پہلے -

جناب اقبال احمد خان : جناب ! مجھے تقریباً دس منٹ درکار ہوں گے ۔ اگر آپ اجازت دیں ۔

جناب سپیکر : اب تو زیادہ سے زیادہ دو منٹ ہیں ، اس لئے ہاؤس کو پندرہ منٹ کے لئے ملتوی کیا جاتا ہے ، مغرب کی نماز کے لئے ، اور ہم دوبارہ یہاں ۷ - ۴۵ پر ملیں گے ۔

The House adjourned for Maghrib Prayers to meet at 7.45 p.m.

The House re-assembled after Maghrib Prayers, Mr. Speaker in the Chair.

جناب سپیکر : آنریبل منسٹر فار جسٹس !

جناب اقبال احمد خان : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ جناب سپیکر ! جب سے یہ بل زیر غور آیا اس وقت سے آج تک بہت سے معزز اراکین نے اپنا اظہار خیال فرمایا ۔ میں سب معزز اراکین کے خیالات کو غور سے سنتا رہا ۔ میرا ارادہ اس پر کوئی زیادہ وقت لینے کا نہ تھا لیکن چند باتیں ایسی ہوئیں جنہوں نے مجھے مجبور کیا کہ میں کچھ اعتراضات کی وضاحت کرنے کی کوشش کروں ۔

جناب سپیکر ! جتنے اراکین نے اس بحث میں حصّہ لیا بہت کم نے اس بل پر رولز اور قواعد کے مطابق اظہار خیال فرمایا ، زیادہ تر تقاریر سیاسی نوعیت کی تھیں اور اکثر میں ذاتی انتقام کی بو نظر آتی تھی ۔ بل پر اظہار خیال فرماتے ہوئے جناب وزیر اعظم کی ذات کو بھی ہدف تنقید بنایا گیا ، یہ بھی کہا گیا کہ اس بل کے ذریعے سے جناب وزیر اعظم صاحب کو موقع دیا گیا کہ وہ ، ان کے کہنے کے مطابق ، قانونی طور پر ممبر نہیں رہے ، یہ بھی کہا گیا کہ جناب ! یہ آرڈیننس ضابطے کے مطابق یہاں پیش نہیں ہو سکتا ، یہ بھی کہا گیا کہ صدر مملکت کو بہت اختیارات حاصل ہیں ، یہ بھی ارشاد فرمایا گیا کہ ابھی تک مارشل لاء اٹھنے سے پہلے کا دور جاری ہے ، آئین کی تشریح کرنے کی بھی

کوشش کی گئی ۔

جناب والا ! میں اس پر بھی اظہار خیال کروں گا کہ جناب وزیر اعظم صاحب کے امریکہ کے دورے کو بھی ہدف تنقید بنایا گیا ۔ جناب والا ! تمام مروجہ جمہوری ملکوں میں یہ اصول ہے کہ جب وزیر اعظم کسی غیر ملکی دورے پر جائیں تو انہیں حدف تنقید بنانے کی بجائے عزت و آبرو کے ساتھ ، ساری قوم کے اعتماد کے ساتھ رخصت کیا جاتا ہے ، تاکہ وہ اپنی قوم کی نمائندگی پورے اعتماد کے ساتھ کر سکیں ۔ لیکن آج اس ایوان کے اندر جن خیالات کا اظہار فرمایا گیا ہے اس سے میں نہیں سمجھ سکا کہ کون سے جمہوری اصولوں کی پاسداری کی گئی اور کون سی روایات کو قائم رکھا گیا ہے ۔ بلکہ اس سے یہ مترشح ہوتا تھا کہ جیسے ہمیں کسی سے انتقام لینا ہے ، شاید کسی اور وجہ سے کسی کے دل کے اندر انتقامی آگ جل رہی ہو ۔

جناب والا ! بعض معزز اراکین نے کچھ ایسی سیاسی قوتوں کی یا سیاسی جماعتوں کی یا سیاسی شخصیتوں کی impliedly سپورٹ کی جو اسمبلی سے باہر اس اسمبلی کے دپے ہیں ۔ یہ وہ عوامل تھے جن کی وجہ سے مجھے اس بات کی ضرورت لاحق ہوئی کہ میں کچھ گذارشات آپ کی خدمت میں پیش کروں ۔

جناب والا ! سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس بات کا ذکر کیا گیا کہ جناب وزیر اعظم امریکہ کے دورے پر جا رہے ہیں شاید کہ وہ امریکہ کی خوشنودی حاصل کرنا چاہتے ہیں ۔ اپنی حکومت کو دوام دینے کے لئے ۔ جناب والا ! میں خود جانتا ہوں کہ بہت سے ایسے لوگ موجود ہیں جو کسی امریکن وائس کونسل کی قربت حاصل کرنے کے لئے بھی اپنے ضمیر کا ، اپنی انا کا سودا کر دیتے ہیں ۔ ہر وقت وہ اس کوشش میں ہوتے ہیں کہ کسی طریقے سے امریکہ کے سفیر کو خوش رکھا جائے ۔ پھر جناب والا ! اس بات کا بھی بڑے فخر سے اعلان کیا جاتا ہے کہ جناب ! امریکن سفیر سے ہماری بہت دوستی ہے ۔ لیکن اگر ہمارے ملک کا سربراہ امریکہ کے ساتھ ایک آزاد قوم کے نمائندے کی حیثیت سے ایک دوسری آزاد قوم کے نمائندے کے ساتھ عزت و وقار کے ساتھ بات چیت کرنے جا رہا ہے تو ان کو ہدف تنقید بنایا جاتا ہے اور یہ کہا جاتا ہے کہ وہ قانونی طور پر اس اسمبلی کے ممبر نہیں ہے ۔

جناب والا! میں بجائے اس کے کہ زیادہ وقت آپ کا لوں، میں اس مرحلے پر آپ کی خدمت میں ہائی کورٹ کے اس ڈویژن بنچ کے فیصلے کے چند اقتباسات پیش کرنا چاہتا ہوں جس سے کم از کم اس قوم کو بھی پتہ چلے کہ آئین اور قانون کی جو تشریح کی جا رہی ہے وہ کس حد تک آئین اور قانون کے مطابق ہے یا اُس سے کچھ اور مقاصد مطلوب ہیں۔

جناب والا! ہائی کورٹ کے ڈویژن بنچ نے رٹ پٹیشن نمبر ۲۲۸۶ آف ۱۹۸۶ء کے فیصلے میں لکھتے ہوئے یہ فرمایا، and I quote:

"We have thus reached the irresistable conclusion that, in the facts of the present case, Respondents No. 1 and 2 at no point of time stood disqualified from being elected or choosen as and from being members of Majlis-e-Shoora (Parliament) by virtue of the fact that Respondent No. 1 became the President of Pakistan Muslim League on 18th of January, 1986, and Respondent No. 2 was nominated as Acting Secretary General of the same political party on the following day. In view of our findings, Respondents No. 1 and 2 did not stand disqualified at any point of time from being members of the National Assembly of Pakistan on their becoming the members or the office bearers of Muslim League."

جناب والا! ہائی کورٹ کی اس ججمنٹ کے بعد اگر کوئی یہ کہے کہ جناب! آرڈیننس کے ذریعے سے کسی کو بیل آؤٹ کیا گیا ہے تو میں اس کے سوا کچھ اور عرض نہیں کر سکتا کہ جناب! سوائے اس کے کہ کسی اور نظریئے کے تحت وہ باتیں کرتے ہیں، اس کا قانون سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔ آج تک ہم اس بات کا دعویٰ کرتے آئے ہیں کہ عدلیہ کا احترام بھی ہونا چاہیئے اور ان پر تنقید بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ ان کے فیصلوں کو یہاں اس طریقے سے پیش کیا جاتا ہے۔ میں افسوس کے سوا کچھ نہیں کہہ سکتا۔ عدالت کے اس فیصلے میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ جناب وزیر اعظم صاحب اور مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل صاحب جو اس وقت تھے وہ کسی وقت بھی کسی مرحلے پر ڈس کوالیفائی نہیں تھے۔ اس لئے یہ کہنا درست نہیں ہے کہ اس آرڈیننس کے ذریعے ان کو بیل آؤٹ کیا گیا ہے اور یہ کہ انہوں نے کورٹ کو face کرنے کی بجائے ایک شارٹ

راستہ ڈھونڈا، ایک قانون کا راستہ ڈھونڈا اور ایک آرڈیننس کے ذریعے حکومت کر رہے ہیں۔ میں اس کی واشگاف الفاظ میں تردید کرتا ہوں کہ قانون کے اندر کسی قسم کا کوئی سقم نہیں تھا اور کسی قسم کا کوئی سہارا نہیں ڈھونڈا گیا بلکہ ہمارے وزیراعظم صاحب قانون اور آئین کے مطابق ممبر قومی اسمبلی ہیں اور اس ایوان کی غالب اکثریت کے قائد ہیں اور اس ملک کے عوام کے محبوب قائد ہیں اور بجا طور پر انہیں قائد جمہوریت کہا جاتا ہے۔

جناب والا! اسی مرحلے پر مجھے بھی ذاتی طور پر ہدف تنقید بنایا گیا اور مجھے یہ کہا گیا، بعض دوستوں نے براہ راست، بعض دوستوں نے بالواسطہ۔ میں نہیں چاہتا کہ میں اپنی صفائی یہاں پیش کروں۔ قوم بھی جانتی ہے، آپ سب جانتے ہیں کہ کتنی غلطیاں مجھ سے ہوئی ہیں۔ میں اس کے جواب میں صرف ایک شعر پیش کروں گا۔ جو جناب عراقی نے حضرت بہاؤالدین ذکریا رحمتہ اللہ علیہ کے دربار میں کہا تھا۔ انہوں نے ارشاد فرمایا اور میری طرف سے ہی ایک ہمبل گذارش ہے اپنی صفائی میں کہ

چو خود دیدند کار خویش فاش
عراقی را فقط بدنام کردند

اب جناب والا! میں آرڈیننس پر آتا ہوں کہ آرڈی ننس کیوں جاری کیا گیا۔ اب ساری قوم کو پتہ چل چکا ہے کہ جمہوریت کی باتیں ہوتی ہیں اور یہ کہا جاتا ہے کہ جناب! اس ایوان میں جمہوریت ہونی چاہیئے۔ آئین اور ضوابط کے مطابق چلنا چاہیئے۔ میں آج پھر یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ اس اسمبلی کی مخالف قوتیں جو اس اسمبلی سے باہر ہیں اس ملک سے جمہوریت کے خاتمے کے لئے سازشیں کر رہی ہیں جو اس بات کی سازشیں کر رہی ہیں کہ ملک میں پھر مارشل لاء لگایا جائے، جناب! اس ملک کے خلاف، جمہوریت کے خلاف ایک زبردست سازش کی گئی اور ایسے حالات پیدا کرنے کی کوشش کی گئی تاکہ قوم کا اعتماد اس اسمبلی پر سے اٹھ جائے اور عوام یہ سمجھیں کہ یہ اسمبلی شاید چند دنوں کی مہمان ہے کیونکہ جس طریقے سے ریفرنس پیش کیا گیا، اس کے بعد اگر ان تمام حالات کا بغور جائزہ لیا جائے تو پھر اس اسمبلی اور تمام صوبائی اسمبلیوں میں سے شاید ہی کوئی ممبر باہر رہ جاتا۔ ہر ایک کا کہیں ریفر ہو سکتا تھا۔ اس لئے یہ ازبس ضروری تھا کہ

اس ملک کی غیر یقینی فضا کو یقینی فضا میں تبدیل کیا جائے اور ایسے حالات سے اس ملک کو بچایا جائے جب کہ وہ قوتیں باہر اس قسم کی فضا پیدا کر رہی ہیں اور جن میں بیرونی طاقتوں کے گماشتے کام کر رہے ہیں ۔ اس لئے ایسی صورت پیدا نہیں ہونی چاہیئے ۔ ہم نے یہ محسوس کیا کہ اس قوم کو یقینی فضا میں رکھنا چاہیئے تاکہ ان اسمبلیوں پر اور جمہوریت پر کسی کا اعتماد متزلزل نہ ہو ۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ اسمبلیاں کام کریں، اس ملک کی خدمت کریں ، جمہوریت مستحکم ہو اور ان اداروں کی عزت ہو، اس لئے ہم نے یہ سوچا کہ اس مسئلے کو ختم کرنے کا دوسرا طریقہ اختیار کرنا چاہیئے اور اس طریقے کے مطابق جناب والا ! یہ فیصلہ کیا گیا کہ آرڈی ننس جاری کیا جائے تاکہ ملک میں قانون اور ضابطوں کی جو غلط توضیحات پیش کی جا رہی ہیں اس سے قوم کو بچایا جائے اور حالات میں استحکام پیدا کیا جائے اس بنا پر ہم نے آرڈی ننس جاری کیا اور آرڈی ننس جاری کرنے کے لئے کوئی رکاوٹ نہیں تھی ۔

آج اس ایوان کے اندر یہ کہا گیا کہ آرڈیننس کے ذریعے حکومت چلائی جا رہی ہے، جناب والا ! شاہی فرمان جاری ہو رہے ہیں ، اور پھر جن ممدوحوں کی بات کی جا رہی ہے ، جن کی تعریفیں کی جا رہی ہیں سے کچھ ایسی قوتیں باہر ہیں اور ان کو کہا جاتا ہے کہ جمہوری قوتوں کے دوست ، میں ان کی خدمت میں آپ کی وساطت سے عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ اس ملک کی اور اپنے پڑوسی ملک کی تاریخ نکال لیں ، آج آپ کی خدمت میں چند سالوں کا جائزہ پیش کرنا چاہتا ہوں ۔

حضور والا ! ۱۹۷۳ء میں اگست کے مہینے سے لے کر دسمبر تک ۱۷ آرڈیننس جاری کئے گئے ، ۱۹۷۴ء میں ۲۴ آرڈیننس جاری کئے گئے ، ۱۹۷۵ء میں ۳۱ آرڈیننس جاری کئے گئے ، ۱۹۷۶ء میں ۴۴ جاری کئے گئے ۔ یہ وہ آرڈیننسز ہیں جن کی منظوری اس وقت کی اسمبلی سے لی گئی ۔ لیکن اگر آپ سارے ریکارڈ کی جانچ پڑتال کریں تو میں یہ عرض کروں گا کہ ایک سال کے اندر کئی کئی سو آرڈیننس جاری کئے گئے جن کو بعد میں اسمبلی کے سامنے کبھی پیش نہیں کیا گیا ۔ یہاں ان جمہوری روایات کا ذکر کیا جاتا ہے جس کے در پردہ اس دور کی تعریف کی جاتی ہے ۔ یہ اس زمانے کی باتیں ہیں ۔

حضور والا ! اس آرڈیننس میں کون سی خرابی ہے ؟ کون سی غیر آئینی اور غیر جمہوری

بات کی گئی ہے ؟ جب کہ آئین کے اندر آرٹیکل ۸۹ میں دیا ہوا ہے کہ اگر اسمبلی سیشن میں نہ ہو اور صدر مملکت اس بات کا فیصلہ کریں کہ قانون کے جاری کرنے کی ضرورت ہے تو وہ آرڈیننس جاری کر سکتے ہیں - اور پھر اس پر قدغن ہے کیونکہ یہ ساوانٹی آف پارلیمنٹ ہے کہ اس آرڈیننس کو چار ماہ میں پارلیمنٹ میں پیش کرنا ضروری ہے - اس لئے اگر آئین کے مطابق عمل کیا جائے تو اس کو کسی طور بھی غیر جمہوری فعل نہیں کہا جا سکتا - آئین کے اندر یہ دفعہ اس لئے رکھی گئی کہ جب اسمبلی سیشن میں نہ ہو تو نظام کار میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو اور نظام کار صحیح طور پر قومی ضروریات کے مطابق چلتا رہے -

پھر جناب والا ! یہ کہا گیا کہ وزیر اعظم صاحب نے اپنی ضرورت کے لئے اس آرڈیننس کو جاری کرایا ہے - میں ان سے عرض کرنا چاہتا ہوں ، جیسا کہ ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد یہ بات واضح ہے کہ کسی کو کسی کی ضرورت نہیں تھی - قانون ان کے ساتھ تھا ، قانون آج بھی ان کے ساتھ ہے ، لیکن قوم کو مطمئن کرنے کے لئے ، ان اداروں کو مستحکم کرنے کے لئے اگر وزیر اعظم نے اقدام اٹھایا ہے تو بجائے اس کے کہ تعریف کی جاتی ان کو ہدف تنقید بنایا گیا -

پھر یہ کہا گیا کہ ایڈوائس دی گئی - اگر نہیں دی گئی تو آرڈیننس غلط ہو گیا - میں اس معزز رکن کی خدمت میں آرٹیکل ۴۸ کی کلاز (۴) پیش کرنا چاہتا ہوں - وہ اس بات کا مطالبہ کر ہی نہیں سکتے کہ آرڈیننس کیسے ہوا ، ایڈوائس کس نے دی ، کیوں دی ، اس بات کا مطالبہ نہیں کر سکتے - کلاز (۴) آرٹیکل ۴۸ میں درج ہے :

> "The question whether any, and if so what, advice was tendered to the President by the Cabinet, the Prime Minister, a Minister or Minister of State shall not be enquired into, or by, any court, tribunal or other authority."

جناب والا ! اس کا تو مطالبہ نہیں کر سکتے ، اس پر انکوائری نہیں ہو سکتی کہ آرڈیننس جاری کرنے کے لئے کس نے کس کو کیا ایڈوائس دی ہے اس لئے میں عرض کروں گا کہ قوانین کی تشریح سیاسی الفاظ کی بجائے قانون کے الفاظ میں کرنی چاہیئے -

پھر یہ بھی کہا گیا کہ اس آرڈیننس کو یہاں پیش نہیں کیا جا سکتا تھا - جناب والا !

میں اس بات پر اکتفا کروں گا کہ جب ہم نے یہ آرڈیننس انٹروڈیوس کیا اس وقت آپ نے رولنگ دی تھی کہ اس کے انٹروڈکشن میں کسی قسم کے قواعد کی خلاف ورزی نہیں ہوئی نہ کسی آئینی شق کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی رولنگ کے بعد کوئی حق نہیں پہنچتا کہ اس کو ہدفِ تنقید بنایا جائے۔

جناب والا! جہاں تک اس آرڈیننس کا تعلق ہے، جس وقت اس آرڈیننس کو اس اسمبلی میں پیش کر دیا گیا اس کے بعد اس کی حیثیت مسودہ قانون کی ہوگئی، یہ آرڈیننس نہیں رہا۔ اب یہ آرڈیننس توثیق کے لئے آیا ہے یا یہ کہ آرڈیننس کو approve کرانا چاہتے ہیں، یہ صورتِ حال یکلخت قواعد کے مطابق اور آئین کے مطابق تبدیل ہو چکی ہے، جناب والا! ہمارے اسمبلی کے قواعد کے قاعدہ ۸۹ کلاز (۶) میں درج ہے:

> "For the purposes of this rule, an Ordinance laid before the Assembly under sub-rule (1) of rule 137 shall be deemed to be a Bill introduced in the Assembly on the day it is so laid and shall be accompanied by a Statement of Objects and Reasons . . ."

تو حضور والا! جب یہ آرڈیننس اس ایوان میں lay کر دیا گیا، اس کے بعد اب اس کی حیثیت ایک مسودۂ قانون کی ہے اور وہ بحث قطعاً غیر متعلق ہے جو یہاں آرڈیننس کے متعلق اظہار خیال فرمایا گیا۔ اب یہ ایک مسودہ قانون ایوان کے سامنے ہے اور یہ جو فیصلہ کرے گا وہ اس ایوان کا فیصلہ ہوگا اور اس ایوان کے ایڈاپٹ کرنے کے بعد اور سینٹ کی منظوری کے بعد یہ ایکٹ آف دی پارلیمنٹ بن جائے گا، آرڈیننس کی کوئی حیثیت نہیں رہے گی۔ اس لئے جو یہ اظہار کیا گیا کہ آرڈیننس کی اپروول انڈائریکٹلی لینا چاہتے ہیں، اب یہ نہ آئینی بات ہے اور نہ یہ قواعد کے مطابق ہے۔

جناب والا! اب یہ مسئلہ پیدا ہوا ہے کہ جب ہائیکورٹ کا فیصلہ ہو گیا ہے تو پھر اس قانون کی کیا ضرورت رہی؟ اس کے متعلق بھی اظہار خیال فرمایا گیا۔ میں یہاں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ سارا ملک اس بات کو جانتا ہے، یہ معزز ایوان اس بات کا شاہد ہے اور ساری دنیا جانتی ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ جناب محمد خان جونیجو صاحب کی قیادت میں قائم ہونے والی حکومت نے ملک میں مکمل سیاسی آزادیاں

دی ہیں ۔ وہ فنڈامینٹل رائٹ ، جو آئین ۱۹۷۳ء بنانے والوں نے جس چیپٹر کو رکھا تھا ۔ ۳۰ دسمبر ۱۹۸۵ء تک کبھی اس کو revive نہیں کیا گیا ۔ جناب والا ! اس ملک پر ایمرجنسی ۲۰ ، ۲۵ ، سال سے نافذ تھی اور حد یہ ہے کہ ۱۹۷۳ء کے آئین کے اندر ایمرجنسی کو تحفظ دیا گیا ۔ جناب محمد خان جونیجو صاحب کی قیادت میں اس قوم نے یہ فیصلہ کیا کہ ملک سے ایمرجنسی ختم کی جائے ۔

جناب والا ! عدلیہ کی باتیں ہوتی ہیں ۔ ۱۹۷۳ء کا آئین جو ۵ ، جولائی کو اس ملک پر نافذ تھا ، عدلیہ کے اختیارات بالکل مسدود کر دیئے گئے تھے ، ان تمام اختیارات کو بحال کر دیا گیا ، اور اس ملک کے اندر کسی سیاسی جماعت پر کسی قسم کی کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی خواہ وہ سڑکوں پر کھڑے ہو کر " بے جمالو " کے نعرے لگائیں یا سڑکوں پر کھڑے ہو کر ڈانس کریں ۔ سب کو اس بات کی اجازت دی گئی کہ آیئے اپنی قوم کے سامنے اپنا نامۂ اعمال پیش کیجئے ، اپنا پروگرام پیش کیجئے اور قوم اس بات کا فیصلہ کریگی کہ کون حق پر ہے اور کون ناحق ہے ، کون اس قوم کی خدمت کرنا چاہتا ہے اور کون انتشار پھیلانا چاہتا ہے ، کون جمہوریت کو مستحکم کرنا چاہتا ہے اور کون جمہوریت کے درپے ہے ، کون یہ چاہتا ہے کہ ملک کے عوام کے مسائل حل ہوں اور کون اس ملک میں انتشار پیدا کر کے ایسی فضا پیدا کرنا چاہتا ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے ملک افراتفری کا شکار ہو جائے ۔ ہم نے اس بات کا فیصلہ کیا اور اس فیصلے کی روشنی میں جناب والا ! یہ کلاز جس کو اس آرڈیننس کے ذریعہ امینڈ کرنا مقصود ہے ، اس میں یہ پابندی عائد تھی کہ کوئی آدمی کسی سیاسی جماعت کا ممبر نہیں بن سکتا جو انتخابات میں حصہ لینے کی اہل نہ ہو ۔ ہم نے اس پر غور کیا ۔ ہم نے یہ فیصلہ کیا کہ جب ہم ہر قسم کی پابندیاں ختم کر رہے ہیں تو اس قسم کی پابندی بھی نہیں رہنے دی جانی چاہیئے ۔ تاکہ منتخب اراکین اگر کسی جماعت میں شریک ہونا چاہیں اپنی خوشی سے ، تو ان پر کسی قسم کی پابندی نہ رہے اور وہ خوش دلی سے اپنی پسند کی جماعت میں شامل ہو سکیں ۔ اگر جناب والا ! اس کلاز کو ہم رہنے دیتے تو پھر یہ کہا جا سکتا تھا کہ جناب اپنی تو سیاسی جماعت بنا لی گئی لیکن دوسروں کو اس بات کا موقع نہیں دیا گیا کہ وہ اپنی پسند کی سیاسی جماعت میں جا سکیں ۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جمہوری عمل کے لئے یہ ضروری تھا کہ اس پابندی کو ختم کیا جائے ۔

جناب والا ! اس کا اظہار کیا گیا کہ جناب ! غیر جماعتی بنیاد پر اسمبلی آئی تھی اور اس کو کس طریقے سے جماعتی بنا دیا گیا۔ حضور والا ! اس بات کا کئی دفعہ اظہار ہو چکا ہے اور سارے معزز ایوان کے اراکین جانتے ہیں کہ پارلیمانی نظام حکومت سیاسی جماعتوں کے بغیر نہیں چل سکتا۔ جب انتخابات ہوئے تو ان میں اس لئے حصہ لیا گیا کہ ہم ملک سے مارشل لاء ختم کرنے کی راہ ہموار کریں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہوا اور اس ایوان اور دوسرے ایوان کے اور صوبائی اسمبلیوں کے تمام اراکین کو میں ہدیۂ تبریک و تحسین پیش کرتا ہوں کہ ان کی کوششوں کے ذریعے سے صحیح طور پر اس ملک میں امن و امان کے ساتھ ordinary manner میں مارشل ختم ہوا اور ملک ایک جمہوری دور میں داخل ہوا۔

اب ہم نے اس جمہوریت کو مستحکم کرنا ہے جس کے لئے سیاسی جماعتوں کا وجود از بس ضروری ہے اور اس کے مطابق ہم نے فیصلہ کیا اور اس معزز ایوان کے اراکین نے اپنے ضمیر کے مطابق، اپنی سوچ کے مطابق یہ فیصلہ کیا اور انہوں نے پاکستان مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی اور اس کی آرگنائزیشن میں ہمہ تن مشغول ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس جماعت کو آرگنائز کیا جائے۔ اب کسی کو اس بات پر کیا اعتراض ہے ؟ اور جنہوں نے مسلم لیگ میں شمولیت اختیار نہیں کی ہم نے کبھی ان پر اعتراض نہیں کیا کہ وہ اپنے آپ کو جس طریقے سے چاہیں سیاسی طور پر آرگنائز کریں، ہم اس کے رستے میں کوئی رکاوٹ پیدا نہیں کرنا چاہتے، نہیں کریں گے، اور کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ اس لئے یہ بار بار کہنا کہ جی ضمیر کے مطابق، میں سمجھتا ہوں کہ جو آدمی کسی کو ضمیر کا طعنہ دیتا ہے وہ کم از کم justify نہیں کرتا۔ میں زیادہ سخت الفاظ استعمال نہیں کرنا چاہتا۔ ہر شخص اپنے ضمیر کا حامل ہے۔ اس ایوان کے اندر جس رکن نے جس مسئلے پر اظہار خیال فرمایا یا جس کے حق میں ووٹ دیا انہوں نے اپنے ضمیر کے مطابق ووٹ دیا ہے۔ اس لئے بار بار یہ بات کہنا میں سمجھتا ہوں کہ ان اراکین کی توہین ہے۔ جنہوں نے فیصلے کے ساتھ ایک اکثریتی پارٹی کا قیام کیا ہے۔ اس لئے میں ان کی خدمت میں استدعا کروں گا کہ ان کو اجتناب کرنا چاہیئے کہ کسی کے ضمیر کو چیلنج کیا جائے۔ ہر آدمی باضمیر ہے۔

حضور والا ! میں آپ کا شکر گذار ہوں کہ مجھے آپ نے یہ چند الفاظ عرض کرنے کا موقع عطا فرمایا - میں نے اس لئے گذارشات کی تھیں کہ کہیں یہ تصور نہ کر لیا جائے کہ شاید معزز اراکین نے جو تنقید فرمائی ہے وہ قانون اور ضابطوں کے مطابق ہے - بہر حال ہمارا نامۂ اعمال قوم کے سامنے ہے - اس ملک کے دس کروڑ عوام دیکھ رہے ہیں - انہوں نے گذشتہ چالیس سال کے اندر سابقہ حکومتوں کے حساب کو بھی دیکھا ہے ، انہوں نے ہمارا سوا سال کا دور جس میں صحیح طور پر چھ مہینے کا دور ہے مارشل لاء اٹھنے کے بعد، اس کا حساب کتاب بھی ان کے سامنے ہے ، اور انشاء اللہ تعالیٰ ہم اپنا حساب قوم کے سامنے پیش کریں گے اور اس بات کا فیصلہ - ۱۹۹۰ء میں ہوگا کہ کیا اس حکومت نے قوم سے کئے گئے وعدوں کو پورا کیا ہے یا نہیں کیا - اس عدالت میں ہم اپنے آپ کو پیش کریں گے اور دوسری سیاسی جماعتیں اور رہنما بھی اپنے آپ کو پیش کریں اور جو ۱۹۹۰ء میں قوم فیصلہ کرے گی ، ہمیں وہ قبول ہوگا -

آپ کی بہت بہت مہربانی اور بہت بہت شکریہ -

جناب سپیکر : شکریہ ! جی محمد نواز کھوکھر صاحب کچھ فرمائیں گے ؟

جناب محمد نواز کھوکھر : جناب سپیکر ! اس سے پیشتر کہ آپ اجلاس ملتوی کرنے کا اعلان فرمائیں ، میری یہ گذارش ہوگی کہ ملازمین اسمبلی نے جس سپرٹ سے عوام کی خدمت کی ہے ان کے لئے honorarium کا اعلان فرمایا جائے -

Mr. Speaker : Insha-Allah, We will take care of it.

آپ ہمیں اس کو ذرا دیکھنے دیں - جی لیاقت بلوچ صاحب !

جناب لیاقت بلوچ : جناب سپیکر ! محترم محمد نواز کھوکھر صاحب نے پوائنٹ آف آرڈر ریز کیا ہے اور ابھی اس بل کو مکمل طور پر منظوری کے لئے بھی آپ نے پیش کرنا ہے - اگر آپ نے اس کے لئے بعد میں وقت دینا ہے تو اس کے لئے پھر گفتگو کی جا سکتی ہے - اگر کسی مرحلے پر عرض کرنا ہے تو پچھلے سال بھی یہ روایت رہی تھی کہ بجٹ سیشن میں لوگوں نے دن رات کام کیا اور اس مرحلے پر جناب سپیکر صاحب نے یہ واضح طور پر اعلان کیا تھا اور محترم وزیر خزانہ صاحب نے بھی اس چیز کو accept کیا تھا کہ سارا عملہ جو کہ اس پوری پارلیمنٹ بلڈنگ کے اندر کام کرتا رہا

ہے، ہر طریقے سے، ہر صورت میں وہ اس چیز کا مستحق ہے کہ انہیں اس کے عوض کم از کم ایک مہینہ کا honorarium دیا جائے۔ تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ محترم وزیر خزانہ بھی موجود ہیں اور آپ کو بھی یہ اختیارات حاصل ہیں تو اس موقع پر honorarium کا اعلان کریں۔

جناب سپیکر: جی لیاقت بلوچ صاحب! آپ کوئی وہم نہ کریں۔ جو روایت پچھلے سال قائم کی گئی تھی انشاء اللہ تعالیٰ اس پر اس سال بھی عمل کیا جائے گا۔

Now I will put the question. The question is:

> "That the Bill further to amend the Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) Order, 1977, [The Houses of Parliament and Provincial Assemblies (Elections) (Amendment) Bill, 1986], as reported by the Standing Committee, be passed."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Mr. Mir Nawaz Khan Marwat.

THE CRIMINAL LAW (AMENDMENT) BILL, 1986

The Minister of State for Justice and Parliamentary Affairs (Mr. Mir Nawaz Khan Marwat): Sir, I beg to introduce a Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898, [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986].

Mr. Speaker: The Bill has been introduced.

Mir Nawaz Khan Marwat.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: Sir, before I move the second motion, I would like to see the mood of the House whether the House will continue, because this will be pertaining to the dispensation of the requirements of rule 91 and thereafter the subsequent one.

Mr. Speaker: You put the motion first then the House will decide itself.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: All right, Sir. I beg to move:

"That the requirements of rule 91 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, in regard to the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Cirminal Law (Amendment) Bill, 1986], be dispensed with."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the requirements of rule 91 of the rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, in regard to the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be dispensed with."

Anybody to oppose?

مولانا گوہر رحمان: اس کی ہم تائید کرتے ہیں لیکن اس کی کاپی ہمیں نہیں ملی۔

جناب سپیکر: کاپیاں ہمارے پاس اور لائبریری میں موجود ہیں، ہم کوشش کر رہے ہیں کہ آپ کے لئے لائیں۔

سید اسعد گیلانی: میں یہ عرض کروں گا کہ اس کے بارے میں کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔ اس میں پورے ہاؤس کی consensus موجود ہے۔ اس کو formally گذار دینا چاہیئے اور ہمیں اس کو پاس کر کے جانا چاہیئے۔

جناب سپیکر: ہماری کوشش تو یہی ہے لیکن

We have to go through the formalities and the procedure.

تو دس منٹ کی بات ہے۔ اگر سارا ایوان تعاون کرے تو اس میں کوئی دیر نہیں لگے گی۔ جی لیاقت بلوچ صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب لیاقت بلوچ: جناب سپیکر! اگرچہ یہ پہلے serve کر دی گئی تھیں اور ابھی تک کاپیاں نہیں آئیں، یہ ایک ایسی بات ہے جس پر کسی کو بھی اختلاف نہیں ہو سکتا اور اس کا فیصلہ ابھی ہونا چاہیئے۔ لیکن اگر اس کا تھوڑا سا انٹروڈکٹری بتا دیا جائے کیونکہ جب ا سے پہلے serve کیا گیا تھا اس۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر : جناب ! اس وقت وہ سیٹج تو نہیں ہے ، وہ تو last میں آئے گی ۔

جناب لیاقت بلوچ : جناب والا ! last میں تو آئے گی لیکن ابھی جو رولز کو suspend کرایا جا رہا ہے اور ساری چیزیں ہو رہی ہیں تو یہ ایک ایسا مرحلہ ہے کہ اگر اس وقت تھوڑا سا بتا دیا جائے ، کیونکہ اس پر ایک میٹنگ ہوئی تھی اور میٹنگ کے بعد یہ فیصلہ ہونا تھا اور اسی پر محترم وزیر صاحب نے یہاں پر بتانا تھا تاکہ اس کے مطابق فیصلہ کیا جا سکے ۔

جناب سپیکر : جی یہ بالکل قواعد و ضوابط کے خلاف ہے ۔ مجھے اس کی کوئی گنجائش نظر نہیں آتی ۔ اب اگر اجازت ہو تو میں کوسچن پٹ کروں ؟

The question is:

> "That the requirements of rule 91 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, in regard to the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be dispensed with."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Honourable Minister of State for Justice.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: Sir, I beg to move:

> "That the requirements of sub-rule (2) of rule 92 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1973, in regard to the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be dispensed with."

Mr. Speaker: The question is:

> "That the requirements of sub-rule (2) of rule 92 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the

National Assembly, 1973, in regard to the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be dispensed with."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Honourable Minister of State for Justice.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: Sir, I beg to move:

"That the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be taken into consideration at once."

Mr. Speaker: Motion moved:

"That the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be taken into consideration at once."

Honourable Minister of State for Justice.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: As correctly pointed out by the honourable members of this august House, Mr. Liaqat Baluch and Maulana Gohar Rehman, it is correct that we had a meeting and wanted that this Bill pertaining to the Holy Prophet of Islam (peace be upon him) should be in a way that it should be acceptable to every Muslim and it should meet the ends of justice; as the person who passes any derogatory remarks pertaining to the Holy Prophet, defiles the holy name of the Holy Prophet, he should be dealt with in a way, in a manner that he is calpable of, because no person can be tolerated in Pakistan the base of which is Islam and which the Quaid-e-Azam, the Father of the Nation, had correctly stated that there will be an era of Islam and the future law of the country would be based on Quran and Sunnah.

Sir, the Holy Prophet is not only the Prophet of Pakistan but he is the Holy Prophet of Islam and the last of all the Prophets

of God. No Prophet after the Holy Prophet Muhammad (peace be upon him) has to come. So, in the law, it was pointed out that there was no such appropriate section to meet the ends of justice pertaining to this offence. Thus this Bill was introduced and subsequently a meeting was held in which the Ulema from different schools of thought in this august House and myself participated. In the Bill, we have proposed that the sentence would be imprisonment for life and fine, I mean, both. It is not 'or'. It was mutually agreed upon in the light of religion, the Quran, the Sunnah and the Shariah, and it was the mutual agreement of all of us that there will be an amendment in the Bill and and I introduce it, with your permission, Sir, here, which will satisfy every Muslim of this country, because we cannot tolerate anyone who passes any remarks against the Holy Prophet and he is not strongly dealt with.

Sir, the amendment would be to clause 2, the new section . . .

Mr. Speaker: Minister of State, before you proceed any further, we have not received a copy of the amendment.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: The amendment can be proposed orally also.

Mr. Speaker: It cannot be proposed orally. I have to repeat it and, unless I have it, I cannot repeat it. All right, you read it and then I will read.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: Only a word is to be substituted, a word or two in one place and a word or two in another place. The Deputy Secretary can write that down. In cluase 2, where section 295-C concludes, the words are "punished with imprisonment for life, and shall also be liable to fine." Here, after "punished with", I would add the word "death", then comma, then "or imprisonment for life, and shall also be liable to fine."

Here, Sir, as in the murder case under 302 PPC, the punishment provided for the offence . . .

Mr. Speaker: If you permit me, I will have to move this amendment. I need a copy of the amendment.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: I will write it down in the Bill myself.

Mr. Speaker: Please continue. We can move it when we discuss this clause by clause.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: So, the amendment is that he "shall be punished with death, or imprisonment for life, and shall also be liable to fine."

Then again, Sir, there is an amendment in clause 3. In section 295-C, in column 7, for "imprisonment for life" there will be "death, or imprisonment for life, and fine." Similarly, Sir, in column 8, where the "Court of Session" is written and below is given "Ditto", it will be "Court of Session which will be presided over by a Muslim."

This is the entire amendment, Sir.

جناب والا! حضور سرور کائناتؐ سے اس کا تعلق ہے اور ہم تمام مسلمانوں کی یہ خواہش ہے، دلوں کی خواہش ہے، اس لئے یہ امنڈمنٹ مختصر نوٹس پر اس میں شامل کی گئی ہے اور میرے خیال میں اس سے گستاخانِ رسولؐ کے لئے مناسب سزا کا بندوبست کیا گیا ہے اور آئندہ کوئی بھی گستاخ رسولؐ حضور سرور کائنات کی شان میں گستاخی کی جسارت نہیں کر سکے گا۔

جناب سپیکر = جی شکریہ۔ جی مولانا گوہر رحمان! پوائنٹ آف آرڈر۔

مولانا گوہر رحمان = جناب! یہ بل جو پیش ہوا ہے اس کے پیش کرنے کی تو ہم تعریف کرتے ہیں اور بڑا اہم بل ہے، لیکن اس سلسلے میں میں یہ وضاحت کی اجازت چاہتا ہوں کہ اہل سنت والجماعت اور شیعہ حضرات دونوں کا، ساری امت مسلمہ کا اجماع ہے۔ مجھے ایک شاذ قول بھی نہیں مل سکا۔ اس بات پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کی سزا موت ہے۔ اس میں ذرہ بھر بھی اختلاف نہیں ہے۔ دلائل کیا ہیں؟ دلائل میرے پاس اب بھی موجود ہیں، اگر ضروری سمجھتے ہیں تو میں پیش کرنے کے لئے تیار ہوں۔ لیکن صرف ایک حدیث پر اکتفا کرتا ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ (عربی) جو اللہ کے انبیاء میں سے کسی نبی کو گالی دیتا ہے گستاخی کرتا ہے تو یہی کرتا ہے، اسے قتل کر دو، اور جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی صحابہ کی

توہین کرتا ہے اسے کوڑے مارو - اس کے لئے قتل کا حکم نہیں ہے ، سنگین سزا کا حکم ہے صحابہ کی توہین کرنے والے کے بارے میں - اس سلسلے میں مشہور عالم محدث شیخ الاسلام تقی الدین ابن تیمیہ رحمتہ اللہ علیہ کی ایک کتاب ہے ، اس میں احادیث رسولؐ جمع کی گئی ہیں ، تقریباً بیس سے زائد احادیث اور آیات قرآنیہ جمع کی گئی ہیں ، اور میرے پاس وہ موجود ہے - کتابیں میرے کمرے میں پڑی ہیں - ان سے ثابت کیا ہے ، قرآن کی آیات و احادیث سے - اسی طرح مشہور عالم ابن عابدین شامی جو فقہ حنفی کے محدث ہیں ، اس نے کتاب لکھی ہے ، وہاں بھی قرآن و حدیث کے دلائل سے ثابت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کی سزا سزائے موت ہے - اسی طرح تقی الدین سبکی رحمتہ اللہ ، امام سبکی بہت بڑے محدث ہیں ، اسلامی قانون کے ماہر ہیں ، جس طرح کہ ہمارے جناب اقبال صاحب مروجہ قانون کے ماہر ہیں تو امام سبکی اسلامی قانون کے ماہر ہیں - اس نے کتاب لکھی ہے - ان کتابوں میں قرآن و احادیث کی روشنی میں ثابت کیا گیا ہے کہ گستاخی کرنے والے کی سزا اور کچھ نہیں ہے سوائے موت کے - اور اس پر شاذ قول بھی مخالف نہیں ہے - ساری امت متفق ہے اس بات پر - یہاں تک کہ شیعہ حضرات ہمارے بھائی جو ہیں ان کی بھی یہی رائے ہے اس لئے ہم نے وزیر مملکت کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ اس کو منظور کیا جائے ، لیکن جو سزا مقرر ہے وہ سزا ہونی چاہیئے اور کہا تھا ہم نے کہ یہ لکھنا چاہیئے کہ گستاخ رسولؐ کی سزا سزائے موت ہے -

ساتھ یہ کہا تھا کہ شق نمبر (۲) آپ بڑھا دیں ، شق نمبر (۲) میں لکھ دیں کہ اگر پورے لوازمات کے ساتھ توہین ثابت نہ ہوئی اور جج کو کوئی شبہ پڑ گیا کہ توہین ہوئی ہے یا نہیں ہوئی تو شبہ کی بنیاد پر وہاں سزائے موت کی بجائے عمر قید یا عمر قید سے کچھ کم سزا بھی جج دے سکتا ہے ، شبہ کی بنیاد پر - لیکن یہ شق نمبر (۲) میں بڑھانا چاہیئے - یہاں پھر انہوں نے وہ " یا " لکھ دیا ہے - تو اب میں قانون کا ماہر تو نہیں ہوں ، اور ایک لحاظ سے اگر کہوں تو جس قانون کو یہاں پیش کیا جا رہا ہے اس قانون کا ماہر تو میں نہیں ہوں لیکن اس شریعت کے قانون کا ایک طالب علم میں ہوں - اور شاید ہمارے وزیر مملکت کو تو اور بڑی مہارت حاصل ہے - لیکن امید ہے کہ شریعت کے قانون میں

مجھے جو تھوڑا بہت اللہ نے علم دیا ہے وہ کچھ کم نہیں ہوگا - لیکن پھر بھی میں کہتا ہوں کہ ان کے مروجہ قانون کا میں ماہر نہیں ہوں - لیکن "یا" کے معنی تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ سزا سزائے موت بھی ہو سکتی ہے اور سزا عمر قید بھی ہو سکتی ہے - حالانکہ سزا تو سزائے موت ہے - اس پر تو اتفاق ہے - تو "یا" کا مفہوم میں تو یہ سمجھا ہوں - اگر کوئی اور مفہوم ہے تو ہمیں مطمئن کیا جائے - سزا تو سزائے موت ہے، البتہ شبہ کی بنیاد پر ہج سزائے موت کی جگہ دوسری سزا دے سکتا ہے - لیکن سزا موت ہے -

پھر ہم نے یہ تیسری شق (ب) بڑھائی جس میں یہ لکھنا پڑے گا کہ اس مقدمے کی سماعت، توہین رسولؐ کے مقدمے کی سماعت مسلمان جج کرے گا - (مداخلت) یہ ہے اس میں؟ اچھا - شکریہ! تو اس "یا" کے مفہوم کو میں نہیں سمجھا - سزا تو سزائے موت ہے - البتہ اگر لوازمات کے ساتھ یہ جرم ثابت نہ ہو تو شبہ کی بنیاد پر دوسری سزا دی جا سکتی ہے اسلام میں - لیکن اصل سزا سزائے موت ہے - تو اگر اس کا مفہوم یہی ہے جو میں نے تقریر میں بیان کیا تو پھر تو اس میں بحث کرنے کی ضرورت ہی نہیں ہے اور ہم اتفاق رائے سے منظور کر لیں گے -

جناب سپیکر: جی شاہ تراب الحق صاحب!

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری: یہ بالکل درست ہے، جناب سپیکر! کہ جو شخص بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کا ارتکاب کرے اس کی سزا فقہ اسلامی میں سوائے سزائے موت کے اور کچھ نہیں ہے - علامہ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کا رسالہ دلائل اور براہین سے مزین و مرقع ہے - اس میں بھی اسی قسم کے دلائل ہیں - حنفی فقہا کے بہت بڑے امام علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ، فتاوی عالمگیری و دیگر فتاویٰ کی کتب میں بھی یہی بات موجود ہے کہ جو شخص بھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کا ارتکاب کرے سزائے موت کے علاوہ اس کی کوئی سزا نہیں، اور اس میں کسی قسم کا امت میں کوئی اختلاف نہیں -

اس کے ساتھ ہی ساتھ، جیسا کہ مولانا گوہر رحمان صاحب نے فرمایا، محترم وزیر قانون صاحب سے ہماری اس سلسلے میں نشست ہوئی تھی اور اس میں بھی یہی کہا گیا تھا کہ اس میں شق نمبر (۲) کا اضافہ کر کے وہ جرم جب اپنے تمام لوازمات کے ساتھ ثابت نہ ہو تو اس سلسلے میں عمر قید یا جرمانے کی سزا دی جا سکتی ہے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ

ترمیم اس میں بھی ہونی چاہیئے - اور ہم نے جس ضرورت کو محسوس کیا، اگر یہ قانون جو آپ نے پڑھ کر سنایا یہ اگر اس ضرورت کو پورا کرتا ہو، اس سے کوئی راہ فرار نہ نکلتی ہو کہ ہم نے کسی منصف کو یہ اجازت دے دی کہ جو شخص بھی گستاخیٔ رسولؐ کا ارتکاب کرے تو چاہے اس سے جرمانہ لے لیا یا عمر قید کر دی جائے، اگر وہ چاہے تو اسے سزائے موت دے، اگر اس کی تعبیر یہ ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ غلط ہوگا اور بحث کا ایک طویل سلسلہ جاری ہو جائے گا - جس پر ہم نے اتفاق کیا وہ یہی ہے کہ گستاخ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سزا صرف اور صرف سزائے موت ہے -

میں محترم سپیکر! آپ کے توسط سے یہ گذارش کروں گا کہ اس میں دفعہ ۲۹۵ ج کا جو اضافہ کیا گیا، پیغمبر اسلام اور انبیاء کرام علیہ السلام، اگر یہ ہو، اتنا اضافہ بھی اس میں اور ہو جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بہت مناسب ہو گا - میں سمجھتا ہوں کہ میرا مافی الضمیر وزیر قانون یقیناً سمجھ گئے ہوں گے -

<u>جناب سپیکر</u> : لیاقت بلوچ صاحب!

<u>جناب لیاقت بلوچ</u> : جناب سپیکر! میں نے پرائیویٹ ممبر کی حیثیت سے تعزیرات پاکستان میں ترمیم کے لئے یہ بل دیا تھا اور اس میں جو میری تجویز تھی اور جو میں نے اپنی ناقص رائے کے مطابق دیا تھا اس میں سزائے موت اور عمر قید کا ذکر تھا - لیکن جب میں نے مزید اس پر کچھ مطالعہ کیا، محترم علمائے کرام سے اس سلسلے میں رابطہ کیا تو اس میں بالکل یہ بات واضح ثابت ہوتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے کے لئے سزائے موت کے سوا کوئی سزا نہیں ہو سکتی - اس میں قرآن کی واضح ہدایات موجود ہیں - اس طریقے سے ابھی محترم وزیر مملکت برائے قانون کی طرف سے جو ترمیم پیش کی گئی ہے، ایک تو میں سمجھتا ہوں کہ جس انداز میں یہ ترمیم پیش کی گئی ہے شاید یہ ہماری پارلیمانی روایات کا کوئی اچھا حصہ نہیں بنے گا ہم قرآن و سنت کے مطابق اس میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں تو اس میں پوری ذمہ داری کے ساتھ یہ مظاہرہ ہونا چاہیئے تھا - اسی طریقہ سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو سزائے موت اور عمر قید اور جرمانے کا ذکر کیا جا رہا ہے وہ بالکل ایک روائتی انداز میں ہے کہ جیسے پہلے تعزیرات کے اندر اس کا ذکر کیا گیا ہے - جب آپ اس نئی ترمیم کو قرآن و سنت کی روشنی میں کرنا چاہتے ہیں، دین کی تعلیمات کی روشنی میں کرنا چاہتے ہیں، اس لئے بالکل اس کی

الگ سے وضاحت ہونی چاہیئے - اور اس میٹنگ میں جس کا مولانا تراب الحق صاحب نے ذکر کیا ہے یہ طے ہو گیا تھا کہ سزائے موت کا واضح طور پر الگ سے اس کے اندر حصّہ ہونا چاہیئے اور دوسری شق کا اضافہ کرتے ہوئے اس کے اندر اس کی وضاحت کی جانی چاہیئے - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جس طرح خوش اسلوبی سے یہ معاملہ طے کیا گیا تھا۔ محترم وزیر مملکت اس کا اسی کے مطابق یہاں اعلان کریں تاکہ پورا ہاؤس پورے اعتماد کے ساتھ اور پوری یکسوئی کے ساتھ اس فیصلے کے اندر حصہ لے سکے -

بہت شکریہ -

جناب سپیکر : جناب حمزہ !

جناب حمزہ : جناب سپیکر ! علمائے کرام اور حکومت کے درمیان اس بارے میں جو مذاکرات ہوئے ہیں مجھے تو ذاتی طور پر اس کا علم نہیں ، لیکن جس انداز میں ایوان میں گفتگو کی جا رہی ہے ، ایک طرف تو ہمیں بتایا جاتا ہے کہ یہ مسئلہ بہت ہی بڑی اہمیت کا حامل ہے لیکن ساتھ ہی ساتھ جس تیزی سے اسے پاس کیا جاتا ہے ، یعنی جو حضرات اس پر معترض ہیں وہ تمام کی تمام ذمہ داری ، سوچ و فکر اور عقل کی یا قانون دانی کی ، وہ ہمارے وزیر قانون یا وزیر مملکت برائے قانون پر ڈالتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ جو بات وہ فرما رہے ہیں ، جب وہ کہتے ہیں کہ یہ بہت ہی بڑی اہمیت کا حامل ہے تو مناسب یہ ہے کہ اس بل کو جس تیزی سے پاس کیا جاتا ہے یہ اس سے مطابقت نہیں رکھتا اور اسے رائے عامہ معلوم کرنے کے لئے مشتہر کر دیا جائے - تو میں سمجھتا ہوں کہ جب آپ دیکھتے ہیں کہ اتنی اہمیت کا حامل ہے تو کیوں نہ جو لوگ باہر بیٹھے ہیں یا اس ایوان کے جو حضرات اس کے بارے میں شکوک و شبہات رکھتے ہیں یا اس کو بہترین بنا سکتے ہوں ہر نقطۂ نظر سے ، تو میں سمجھتا ہوں کہ اس قسم کی آراء اس ایوان کے سامنے پیش ہونی چاہیئں - ایک طرف فرماتے ہیں کہ یہ کام بہت ہی اہم ہے ، اور پھر انتہائی جلد بازی سے کیا جا رہا ہے ، میں ان دونوں کو آپس میں ملا نہیں سکتا اور سمجھتا ہوں کہ اس انداز سے نہیں کیا جانا چاہیئے - تو میں ان معروضات کے پیش نظر جناب وزیر مملکت سے ، جناب وزیر قانون سے اور علمائے کرام سے بھی یہ کہوں گا کہ اسے رائے عامہ کے لئے مشتہر کیا جائے -

جناب سپیکر : حمزہ صاحب ! میں معذرت سے عرض کروں گا کہ وہ سٹیج گذر چکی

ہے ۔ اب یہ رائے عامہ کے لئے نہیں بھیجا جاسکتا ۔

جناب حمزہ : اگر رائے عامہ کے لئے نہیں بھیجتے تو میں یہ کہتا ہوں کہ میں اس حالت میں مناسب نہیں سمجھتا کہ اسے پاس کیا جائے ۔ جب تک ہم اس قانون کو اچھی طرح سے دیکھتے نہیں اور پورے طور پر سکروٹنی نہیں کرتے اس کا موازنہ نہیں کرتے اس کے نتائج و عواقب سے پورے طور پر واقف نہیں ہیں ، اس انداز سے اس کو پاس کرنا میں اس کو پسند نہیں کرتا ، اس کے حق میں نہیں ہوں ۔

جناب سپیکر : شاہ تراب الحق قادری صاحب !

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری : محترم سپیکر ! تشہیر کے لئے اس وقت بھیجا جائے جب اس معاملے میں دو رائے ہوں ۔ اس معاملے میں قطعی دو رائے نہیں ہیں ۔ کوئی بھی اگر اس کا تشنہ پہلو ہے ، اللہ کا بڑا فضل و کرم ہے کہ اس وقت تقریباً ہر مکتب فکر کے علماء یہاں موجود ہیں ، ہم نے آپس میں بھی اس کو طے کیا ۔ اور یہ نہیں کہ یہاں ہم نے یہ بات یوں ہی کہہ دی آپ سے کہ وہ واجب القتل ہے ۔ ہم نے اپنے مدارس میں پوری جانچ پڑتال کر کے ، جتنے علمائے کرام ہیں ان سے مزید مشورہ کر کے یہ ساری چیز ہم نے یہاں پیش کی ہے ۔ ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ جب حکومت کسی بل کو تشہیر کرنے کا پروگرام بناتی ہے تو یہی ساڑھے چھ فٹ کے حمزہ صاحب ہیں جو اس کی مخالفت کرتے ہیں کہ صاحب ! اس کو تشہیر کے لئے نہ بھیجا جائے اور فوراً پاس کیا جائے ۔ یہ مسئلہ تو بڑا سیدھا سادھا ہے ۔ اور اگر کوئی پہلو اس میں تشنہ نظر آتا ہے تو ہم پورے دلائل اور براہین کے ساتھ اب بھی لیس ہیں ، اس کے کسی نکتہ پر بحث کی جائے تو ہم اس کے لئے بالکل تیار ہیں ۔ محترم سپیکر ! اس لئے اس کی تشہیر کرنا اس کو کھٹائی میں ڈالنا ہے ۔ یہ بالکل ایسی بات ہے جیسے زید کے لئے کہا جائے کہ زید کا باپ بکر ۔ تو زید کا ؟ نہیں ، صاحب ! اس کو تشہیر کے لئے بھیجا جائے کہ آیا بکر زید کا باپ ہے یا نہیں ۔ اس میں دو رائے موجود نہیں ۔ تو اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ وقت بھی بچے گا اور اگر جتنے حضرات یہاں موجود ہیں اگر اس کا کوئی پہلو تشنہ سمجھتے ہیں تو اس کے دلائل کے لئے ہم یہاں بالکل موجود ہیں ۔ ہر بات کا جواب آپ کو دلیل سے ملے گا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ تشہیر کے لئے اسے بھیجنا کھٹائی میں ڈالنا ہے ۔ اور کھٹائی میں ڈالنے کی مثال میں آپ کو بتا دوں کہ کسی زمانے میں جب کسی برتن کو نکل وغیرہ

کرنے کے لئے کوئی ایسڈ یا ایسی چیزیں موجود نہیں تھیں تو املی کی بہت سی کھٹائی کر کے اس برتن میں ڈال دی جاتی تھی۔ تو یہ اسی طریقے سے کھٹائی میں پڑ جائے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے حمزہ صاحب کو اپنی رائے بدلنی چاہیئے۔ اس ایوان میں اس وقت جتنے بھی علماء بیٹھے ہیں ان کو کوئی اعتراض نہیں۔ اس میں کوئی دو رائیں نہیں ہیں۔ اس لئے فی الفور جو ترمیم علماء نے پیش کی ہے اسے قبول کرتے ہوئے اسے پاس کیا جائے۔ اور اگر اس کی مخالفت کی گئی تو اگر یہاں ۵۰ ہزار کا مجمع ہو سکتا ہے تو دو لاکھ کا مجمع بھی اسمبلی کے باہر ہو سکتا ہے۔ جناب سپیکر! اس خطرے کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

جناب سپیکر: مولانا گوہر رحمان صاحب!

مولانا گوہر رحمان: پوائنٹ آف آرڈر جناب! حمزہ صاحب ہمارے محترم ہیں، ان کی خدمت میں میں یہ عرض کرتا ہوں کہ مشتہر کرنے کی تجویز آپ کے ذہن میں کیسے آئی؟ یہ اسلام کا اجماعی مسئلہ ہے۔ دوسری بات میں یہ عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے فرمایا کہ جلد بازی میں نہیں ہونا چاہیئے۔ یہ بات ان کی ٹھیک ہے۔ ہم ساری رات بیٹھنے کے لئے تیار ہیں۔ جب یہاں اس سے پہلے آٹھویں ترمیمی بل کے لئے ساری رات بیٹھے تھے تو رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والے کے خلاف بل بنانے کے لئے ہم ساری رات بیٹھنے کے لئے تیار ہیں۔

اصل سوال صرف اتنا ہے کہ جو ترمیم وزیر قانون نے یہاں پیش کی ہے اس ترمیم میں "یا" کا لفظ ہے، اس کی وضاحت کریں۔ اس "یا" والی بات کو شق نمبر (۲) قرار دے دیں۔ باقی ہمارے معاہدے کے مطابق ہے بشرطیکہ "یا" والی شق کو شق نمبر (۲) بنا دیا جائے تو ہمارا معاہدہ پورا ہو جاتا ہے۔ سارے ارکان اسمبلی مسلمان ہیں، یہ دین کو جاننے والے ہیں، اس لئے میری تجویز یہ ہے، آپ کے توسط سے، سارے ایوان سے، کہ اس وقت تک نہ اٹھا جائے جب تک یہ بل منظور نہیں کیا جاتا اگرچہ ساری رات گذر جائے۔

جناب سپیکر: چوہدری امیر حسین صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔

چوہدری امیر حسین: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ حمزہ صاحب نے جو بات کی ہے اس میں ان کی نیک نیتی شامل ہے، لیکن جو طریقہ انہوں نے تجویز کیا ہے کہ اس کو رائے عامہ

کے لئے بھیجا جائے، میں اس سے بالکل اتفاق نہیں کرتا۔ رائے عامہ کے لئے وہ بل بھیجا جاتا ہے وہ چیز بھیجی جاتی ہے جس کے معاملے میں بڑا واضح ایک نظریہ سامنے نہ ہو۔ اس معاملہ میں رسول پاکؐ کا جو گستاخ ہو، جو رسول پاکؐ کے خلاف بات کرتا ہے، اس کی سزا چونکہ اسلام میں دی ہوئی ہے کہ وہ واجب القتل ہے، اس کی سزا موت ہے، اس لئے اس کو مشتہر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اب یہ سٹیج نہیں ہے جس کے لئے یہ کہا جا سکے کہ اس کو رائے عامہ کے لئے بھیجا جائے۔

دوسرا جناب والا! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے فاضل بھائیوں نے جس بات کی تشریح چاہی ہے وہ اس میں حق بجانب ہیں۔ وہ یہ سمجھنا چاہتے ہیں کہ اصل میں سزا کیا ہے۔ جناب والا! اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ گستاخ رسولؐ کی سزا اس بل میں سزائے موت دی گئی ہے۔ لیکن اگر کسی وجہ سے تمام لوازمات پورے نہ ہوں اور اتنے گواہ جتنے کہ اسلام کے مطابق چاہئیں پورے میسر نہ ہوں تو کسی حد تک، یعنی مکمل طور پر جرم ثابت نہیں ہوتا تو پھر اس میں عمر قید تجویز کی گئی ہے۔ لیکن جہاں تک جرمانے کا تعلق ہے وہ "یا" کا لفظ نہیں، جرمانہ ہر حالت میں دینا ہے، یعنی صرف جرمانے کی سزا نہیں دی جا سکتی اس میں اول نمبر پر سزائے موت ہے جو کہ دینا لازمی ہے اگر گستاخی ثابت ہو جائے دوسرے نمبر پر اگر مکمل طور پر ثابت نہیں ہوتی، کسی حد تک ثابت ہوتی ہے تو پھر سزا عمر قید دینی ہے۔ لیکن دونوں صورتوں میں جرمانہ ضروری ہے اس کے ساتھ۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ سزائے موت نہ دی جائے، عمر قید نہ دی جائے اور صرف جرمانے کی سزا دی جائے اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس بل میں تعزیرات پاکستان میں، لیگلی اور ٹیکنیکلی سپیکنگ، جو یہ ترمیم کی گئی ہے وہ بڑی درست ہے اور اس سے اور کسی طریقے سے ترمیم آ نہیں سکتی۔

جناب والا! تیسری بات جو یہاں فرمائی گئی کہ یہ ترمیم بڑی جلد بازی میں کی گئی ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ دنیاوی طور پر ترمیم جب کی جاتی ہے تو کسی آدمی نے اپنا مفاد دیکھنا ہوتا ہے، کسی آدمی نے اپنی پارٹی کا مفاد دیکھنا ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ملک کا مفاد دیکھنا ہوتا ہے، قوم کا مفاد دیکھنا ہوتا ہے۔ لیکن اس میں ہمارے عقیدے کا سوال ہے، ہمارے اسلام کا سوال ہے، ہمارے رسول پاکؐ کا سوال ہے۔ تو اس میں ترمیم بغیر کسی ہچکچاہٹ کے اور زیادہ تاخیر کئے ہوئے جو پیش کی گئی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ متفقہ طور پر اس میں ترمیم کر کے جتنا جلدی ہو بل پاس

ہونا چاہیئے - اس میں بحث کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ اس میں دو رائیں ہو ہی نہیں سکتیں - اس لئے جناب والا ! میں گذارش کرتا ہوں کہ اس بل کو ترمیم کے ساتھ منظور فرمایا جائے -

شکریہ -

جناب سپیکر : جی میاں زمان صاحب !

میاں محمد زمان : جناب سپیکر ! اس سلسلے میں میری جانب سے ایک پرائیویٹ بل پیش کیا گیا تھا جس میں یہی سزائے موت تجویز کی گئی تھی اور ۶ تاریخ کے پرائیویٹ ممبرز ڈے میں میرا بل پرائمرٹی کے ساتھ درج تھا - میں نے اس سلسلے میں تقریر کرنے یا پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہونے کی ضرورت اس لئے محسوس نہیں کی تھی کہ کار خیر کے راستے میں خواہ مخواہ کوئی رکاوٹ نہیں پیدا کرنی چاہیئے اور وقت کا ضیاع نہیں ہونا چاہیئے اور جتنی جلدی پاس ہو جائے بہتر ہے - لیکن ایک مقولہ ہے کہ " خدا مجھے میرے دوستوں سے بچائے "- بعض اصحاب نے ، میں نہیں سمجھتا کہ کس وجہ سے ، بلا وجہ پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑے ہو کر اس معاملے میں ایک دیر کی صورت پیدا کی - جہاں تک امینڈمنٹ کا تعلق ہے اس سے زیادہ بہتر صورت میں نہیں آسکتی تھی - اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک دوست نے اٹھ کر رائے عامہ کے لئے مشتہر کرنے کا سوال پیدا کر دیا جو کہ میں سمجھتا ہوں کسی لحاظ سے مناسب نہیں - یہ گستاخان رسولؐ کا مسئلہ جو ہے اس پر پوری امت کا اجماع ہے اور اس سلسلے میں کوئی اختلاف رائے نہیں ہے - اس لئے میں سمجھتا ہوں اس بل کو آج اسی سٹنگ میں اور فوری طور پر ہونا چاہیئے ، اور اس کے لئے اگر ہمیں ساری رات بھی بیٹھنا پڑے تو ہم اس کے لئے تیار ہیں -

جناب سپیکر : جی شکریہ - جناب بیگم نثار فاطمہ زہرہ صاحبہ !

بیگم نثار فاطمہ زہرہ : شکریہ ، جناب سپیکر ! میں آپ کے توسط سے پورے ہاؤس کو اور خاص طور پر اپنے وزیر قانون کو مبارک باد پیش کرتی ہوں کہ ہمارے اس اجلاس میں یہ بل پیش ہو گیا اور یہ میرے پورے یقین کے ساتھ احساسات تھے کہ اگر ہم اس بل پر فیصلہ کئے بغیر عوام میں جائیں گے تو کم از کم جن عوام میں مجھے واپس جانا تھا وہ تو کبھی مجھے نہ چھوڑتے - تو اللہ کا شکر ہے کہ ہم اس بل کو پاس کر کے اس ہاؤس سے نکلیں گے - اور جہاں تک

مشتہر کرنے کا سوال ہے تو مشتہر کرنے کی مثال ایسی ہی ہے جیسے آج سے یہ ہاؤس فیصلہ کرے کہ پورے ملک میں پانچ وقت کی نماز لازم قرار دے دی جائے اور ہم اٹھ کر مطالبہ کریں کہ ہم اس کو مشتہر کریں کیوں کہ بہت سے بے نمازی ہیں، وہ اس کے لئے تیار ہیں یا نہیں۔ تو بہر حال جہاں قرآن اور سنت کی کوئی گنجائش ہی نہیں نکلتی معاف کرنے کی، بلکہ آئمہ نے یہاں تک کہا ہے کہ گستاخ رسولؐ کی معافی بھی قبول نہیں ہے اگر وہ معافی بھی مانگنا چاہے تو یہ کسی انسان کے پاس جرأت نہیں ہے کہ وہ اس کو معاف کرے اور اس کے علاوہ جناب سپیکر یہ مسئلہ آج نہیں اٹھا کئی سالوں سے تھا یہ تو اللہ کا احسان ہے اللہ کا شکر ہے کہ خدا نے یہ اعزاز اس اسمبلی کو دیا ہے ان ممبران کو دیا ہے اس وزارت قانون کو دیا ہے کہ یہ فیصلہ ہمارے وقت میں ہو۔ ورنہ دو سال پہلے اسلامی نظریاتی کونسل کا جو فیصلہ تھا وہ میں آپ کو پڑھ کر سناتی ہوں یہ اسلامی نظریاتی کونسل کی سفارش دو سال قبل ۱۹۸۴ء میں ہے کہ جو کوئی شخص دانستہ ایسا کلام یا ایسی کوئی حرکت کرے گا جو بالواسطہ یا بلا واسطہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کے بارے میں اہانت آمیز ہو یا اہانت کی طرف مائل ہو یا سوئے ادبی ظاہر کرتی ہو مستوجب سزائے موت ہوگا۔

یہ ثابت کرنا کہ اس کی طرف سے دانستہ ایسی حرکت نہیں کی گئی یا کلام نہیں کیا گیا اس کا ثبوت ملزم ہذا پر ہوگا اور اس کے علاوہ ۱۹۸۴ء میں فیڈرل شریعت کورٹ میں ایک پیٹیشن کی گئی تھی جس میں ایک سو پچیس علماء کے دستخط تھے جس میں نہ صرف پاکستان کے بلکہ ہندوستان کے علماء بھی شامل تھے تو ۱۲۵ علماء کا متفقہ فیصلہ تھا کہ گستاخ رسولؐ کی سزا جو ہے یہ موت کی سزا ہے اس کے علاوہ جب بھی یہ مسئلہ اٹھا ہے آپ نے اخبارات میں دیکھا ہوگا کہ تمام مکاتب فکر نے چھوٹی مساجد سے بڑی مساجد سے تمام دینی مدرسوں سے یہ آواز اٹھی ہے کہ گستاخ رسولؐ کی سزا موت ہے اور اس کے باوجود کچھ اور بھی ثبوت آپ چاہیں تو جناب سپیکر اندرون ملک اور بیرون ملک سے آئے ہوئے سینکڑوں خطوط میرے پاس موجود ہیں جن پر تمام لوگوں نے یہ تقاضہ کیا ہے کہ بی بی آپ نے اس مسئلے کو اٹھا کر پوری قوم کو سرخرو کیا ہے لیکن خدا کے لئے اس بل کو پاس کرائے بغیر ہاؤس سے مت نکلنا اور وہ بطور ثبوت خطوط میرے پاس موجود ہیں۔ جن میں سے ایک خط آج میں نے جناب سپیکر کی خدمت میں پیش بھی کیا تھا جو

لندن سے آیا تھا تو لوگوں کے جذبات اس میں اتنی شدید ہیں کہ جس کی کوئی انتہا نہیں لہٰذا اس کے سوا کوئی سزا پاس کر کے ہم نکلیں گے تو پھر یہاں کوئی ہماری پناہ کی جگہ بھی بنا دیکھئے خدا سے تو پناہ بھی نہیں مل سکتی لیکن پہلی بات تو یہ ہے کہ عوام بھی ایسے انسان کو پناہ نہیں دیں گے تو میں سمجھتی ہوں یہ فیصلہ جس میں ہم سب متفق ہیں بہت مناسب ہے اور گستاخ رسولؐ کی سزا اس سے کم تو ہرگز نہیں ہو سکتی علامہ اقبال نے کتنا اچھا کہا ہے ۔

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

جناب سپیکر : جی عبداللہ غازی صاحب ! میرے پاس سپیکرز کی اتنی لمبی لسٹ ہو گئی ہے کہ شاید میں سب کو وقت نہ دے سکوں ۔ آپ حضرات تشریف رکھیں ۔ میں نے فلور عبداللہ غازی صاحب کو دیا ہے ۔

جناب محمد عبداللہ غازی : جناب سپیکر ! مجھے افسوس ہے کہ میں پوائنٹ آف آرڈر پر بول اٹھا ہوں اور بڑے بڑے پرانے پارلیمنٹرین تین تین بار بول رہے تھے ۔ جناب والا! جہاں تک اس کی اہمیت کا تعلق ہے اور اسلامی تاریخ قانون کا تعلق ہے وہ ہمارے علمائے کرام تفصیل سے کہہ چکے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج یہ اسمبلی اس فرض سے سرخرو ہوئی اور جب سے پاکستان بنا ہے اس اسمبلی کو ہی یہ نصیب ہوا ہے کہ وہ گستاخ رسولؐ کے خلاف ایک واقعی سزا جو ہے وہ اس کا بل پاس کر رہی ہے ۔ اور یہ بھی کوئی اتفاق نہیں ہے کہ جس جماعت نے اسلام کے نفاذ کے لئے ملک حاصل کیا تھا آج اسی جماعت کی حکومت کے تحت آج گستاخ رسولؐ کے لئے سزا مقرر کی جا رہی ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ در و دیوار ہی نہیں زمانہ گواہ رہے گا کہ مسلم لیگ کے علاوہ کسی کو توفیق حاصل نہ ہوئی ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس کو پوری طرح سے سیف گارڈ کرنے کے لئے تاکہ ماحول ٹھیک رہے ، میرے خیال کے مطابق جو غلط قسم کے الزامات ہیں ان سے بچنے کے لئے بھی اگر اس میں علمائے کرام ترمیم سوچ لیں ۔ یہ ترمیم میرے خیال میں علمائے کرام کی منظوری ضروری ہو گی ۔

I beg to make an amendment to the Bill in question that, in case the complainant fails to prove the charges, he should be given the same punishment.

جناب والا! میں اس بارے میں چونکہ علمائے کرام کی مدد چاہتا ہوں، اگر وہ سمجھتے ہیں کہ غلط قسم کے چارجز سے بچانے کے لئے یہ امینڈمنٹ پیش کی جائے تو یہ پیش کی جاسکتی ہے، لیکن اگر وہ اس کو منظور نہیں کرتے تو میں اس پر سٹریس نہیں کرتا۔

جناب سپیکر: جی ملک سرفراز صاحب!

ملک سرفراز احمد: جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ۔ لیکن معلوم یہ ہوا ہے کہ جس کی آواز اونچی ہو اور زور زیادہ لگائے اس کو وقت آپ جلدی دے دیتے ہیں۔ میری حالت تو یہ ہے کہ

؎ تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود

حضور والا! میں ایک ترمیم آپ کے توسط سے suggest کر رہا ہوں، اگر جناب وزیر مملکت عدل و پارلیمنٹری افیئرز مناسب سمجھیں تو یہ مو کر دیں۔ اس میں ایک خانہ ہے "ناٹ بیل ایبل"۔ "ناٹ بیل ایبل" والے معاملے میں دفعہ ۳۰۲ میں بھی ملزمان کی ضمانت ہو سکتی ہے۔ یہ گستاخان رسولؐ والا ایسا جرم ہے جس میں کوئی رعایت ممکن نہیں ہے۔ اس میں میری تجویز یہ ہو گی کہ اس میں بجائے "ناٹ بیل ایبل" کے "شیل ناٹ بی بیلڈ" ہو۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: پیر محمد صابر شاہ!

پیر محمد صابر شاہ: جناب سپیکر! میں حیران ہوں کہ آج حمزہ صاحب نے اس فلور پر۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر: کوئی نئی بات کہیئے، repeat نہ کیجئے۔

پیر محمد صابر شاہ: میں نئی بات کہہ رہا ہوں۔ پرانی بات تو میں بھول چکا ہوں۔

Mr. Speaker: Let me be the judge of that.

پیر محمد صابر شاہ: یہاں منتخب ممبر بیٹھے ہوئے ہیں، ایک ایک ایم این اے بہتر بہتر ہزار ووٹ لے کر یہاں آئے ہوئے ہیں تو آج گستاخ رسولؐ کے لئے سزائے موت کا بل یہاں پیش کیا گیا ہے تو انہیں کیا اعتراض ہے؟ صرف حمزہ صاحب کو اعتراض ہے۔ ہم منتخب ممبر ہیں ہم اگر اس کو پاس نہیں کر سکتے۔ ایک امینڈمنٹ کے لئے ساری ساری رات ہم بیٹھے رہتے ہیں اور اس بل پر انہیں اعتراض ہے! ہر بات پر انہیں

اعتراض ہونا چاہیئے لیکن اس بل کے بارے میں میں اُن سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے الفاظ واپس لے لیں۔

جناب سپیکر : جی جناب حمزہ !

جناب حمزہ : جناب سپیکر ! میں نے جو کچھ بھی عرض کیا ہے وہ اس مسودہ قانون کی اہمیت کے پیش نظر کیا ہے جو اس ایوان میں پیش ہوا ہے ۔ میں بحیثیت مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین یا اہانت کرنے والے "گستاخ" کو کبھی برداشت نہیں کرتا اور اس کے ساتھ کسی قسم کی نرمی برتنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا اور نہ کوئی مسلمان سوچ سکتا ہے ۔ لیکن جملہ اراکین جو اس وقت موجود ہیں ان کی خدمت میں التجا کروں گا کہ جو بل آپ کے سامنے پیش ہوا ہے اس میں اہانت ، گستاخی ، توہین ، اس قسم کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ پہلے تو اس بات کی تھوڑی بہت وضاحت بھی ہونی چاہیئے کہ ہم توہین یا اہانت یا گستاخی کس کو کہتے ہیں ، اس کی کوئی definition ہو ۔

اس کے ساتھ ساتھ جو قانون یہاں پیش کیا گیا ہے اس میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کو موت کی سزا دی جا سکتی ہے ، اس کو عمر قید کی سزا دی جا سکتی ہے اور جرمانہ بھی کیا جا سکتا ہے ۔ ہم نے یہ فیصلہ عدالت کی صوابدید پر چھوڑ دیا ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ اس طرح عدالت کی صوابدید پر چھوڑنا درست نہ ہوگا ۔ خصوصی طور پر پاکستان میں عدالتوں کی جو کیفیت ہے اور جس طرح میں نے لوگوں کو ایک دوسرے کی مخالفت کرتے ہوئے دیکھا ہے اور ایک معمولی مسئلے کی مخالفت پر لوگ ایک دوسرے کو کافر کہتے ہیں اور گستاخیٔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں جب ایک دوسرے سے چھوٹا موٹا اختلاف ہو اور وہ مسئلہ عدالت میں چلا جائے ۔

قانون کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ بالکل واضح ہو ، اس سے دو مطلب اخذ نہ کئے جا سکیں ۔ عدالت کو اتنا بڑا اختیار نہیں دیا جا سکتا کہ ایک شخص کو وہ موت کی سزا دے دے یا اس کو عمر قید یا جرمانے کی سزا دے ۔ اس کے لئے قانون واضح ہو اور عدالت کی ہر ممکن حد تک رہنمائی کرے ۔ میں نے جب یہ بات اپنے بزرگ اور بھائی مولانا گوہر رحمٰن کی زبان سے سنی کہ یہ فیصلہ کریں کہ آپ کس کو موت کی سزا اور عمر قید یا جرمانے کی سزا دیتے ہیں ، انہوں نے یہ بات جناب وزیر مملکت پر چھوڑ دی ۔

جناب سپیکر ! میں اپنے مسلمان بھائیوں سے پوچھتا ہوں کہ آپ یہاں اتنی دیر سے زندہ ہیں ، اتنے عرصہ سے یہ ملک معرض وجود میں آیا ہے ، یقیناً نیک کام میں ایک لمحے کی تاخیر بھی نہیں ہونی چاہیئے - لیکن اتنی دیر سے یہ چیز یہاں موجود رہی ہے ، یہ خلاء موجود تھا - اگر آپ نے اس کو پورا کرنا ہے تو میں دست بستہ کہتا ہوں کہ خدا کے لئے اس کو اس انداز سے پورا کیجئے کہ کل کو کوئی آدمی ، ہمارا بدترین مخالف بھی اس پر اعتراض کرنے کی جرأت نہ کر سکے - جس انداز سے آپ یہ کام کر رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس میں جلد بازی کا یا جذبات کا اتنا دخل نہیں ہونا چاہیئے - عقل و فہم کو اور ایمان کے تقاضوں کو سامنے رکھئے ، ملکی حالات کو بھی سامنے رکھئے ، عدالتوں کی کیفیت کو بھی سامنے رکھئے اور فرقہ واریت کے جس فتنے میں یہ قوم مبتلا ہے ، گھری ہوئی ہے ، اس کو بھی پیش نظر رکھئے -

جناب سپیکر ! آپ سے بہتر کون جانتا ہے ، ہمارے ہاں لوگ مسائل پہ جھگڑا کرتے ہیں اور مسائل پر جھگڑا کرتے وقت ایک دوسرے کو کافر بنانا تو بالکل معمولی بات ہے - عمل کی طرف تو کوئی جاتا نہیں - اگر عمل کی طرف جاتے ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت پاکستان میں جتنا مظلوم اسلام ہے شاید کوئی چیز یہاں اتنی مظلوم نہیں ہے - میں پھر کہتا ہوں کہ اگر مجھے یقین ہو کہ جو کام ہم کر رہے ہیں اس سے گستاخ رسولؐ کو سزا دینے کا اہتمام ہوتا ہے تو میں ایک لمحے کی تاخیر نہیں چاہتا - لیکن میں اس کو اس انداز میں نہیں چھوڑنا چاہتا جس سے عدالتوں میں بعض غیر ذمہ دار لوگوں یا رشوت خوروں کے ہاتھ مضبوط ہوں یا یہاں ہم اس چیز کو متنازع بنا دیں - آپ نے اتنا لمبا عرصہ وقفہ کیا ہے ، انتظار کیا ہے ، اتنا لمبا عرصہ گذر گیا ہے ، میں کہتا ہوں کہ چلیئے ، آپ کہتے ہیں کہ آپ یہاں سے اٹھنا نہیں چاہتے تو آپ اسمبلی کے اجلاس کو وقتی طور پر ایڈجرن کیجئے ، رات کا کوئی وقت مقرر کیجئے - تاکہ یہ تمام لوگ ، وکلاء ، قانون دان ، تجربہ کار لوگ ، سیاسی آدمی ، مذہبی آدمی ، علماء بیٹھ کر اس کو دوبارہ دیکھ لیں اور اس کو ایسی صورت میں پیش کریں جس سے اس کے دو معنی نہ لئے جا سکیں ، اور جو گستاخی کا مرتکب ہو اسی کو سزا دی جائے اور خواہ مخواہ ہم تمام دنیا کے سامنے اس سے تماشا نہ بنیں - یہ میری معروضات ہیں -

جناب سپیکر : جناب شاہ تراب الحق قادری صاحب ! اس بحث کو ختم کرنے کی طرف آئیں - آپ ذرا وائنڈنگ اپ کریں -

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری صاحب : میں بحث بالکل نہیں کرنا چاہتا ، بحث برائے بحث میں پسند بھی نہیں کرتا ، دو تین چیزیں جو سامنے آئی ہیں صرف وہ آپ کے گوش گذار نہایت آسانی سے کر دیتا ہوں -

جناب عبداللہ غازی صاحب نے فرمایا کہ جہاں اسے سزا دی جائے جس نے گستاخی کی ہے ، اور اگر وہ بری ہو جائے تو اسے سزا دی جائے جس نے جھوٹا الزام لگایا - یہ تو اسلام میں حد قذف پہلے ہی سے موجود ہے کہ کوئی کسی پر اگر الزام لگائے تو اُسے اسّی (۸۰) دُرّے لگیں گے - اس لئے اس کا شبہ نہیں ہونا چاہیئے -

دوسری بات یہ ہے کہ حمزہ صاحب نے جو طریق کار بنایا وہ پورا طریق کار انہوں نے ایٹم بم بنانے کا بتایا - کیسے بنے گا اور کہاں مارا جائے گا اور کیا ہو گا - محترم سپیکر ! بالکل سیدھی بات ہے ، جب آپ نے اپنی زبان سے ارشاد فرما دیا کہ اس بل کی تشہیر کرنے کا وقفہ ختم ہو گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ بات بالکل ختم ہو گئی - آپ نے اس کی تمام نوک پلک کو دیکھ کر ارشاد فرما دیا کہ اب یہ جس سٹیج پر ہے اب یہ تشہیر کے لئے نہیں جا سکتا تو میں سمجھتا ہوں کہ اب یہ بحث بالکل ختم ہو جانے چاہیئے -

محترم حمزہ صاحب کو جو چند شکوک اور شبہات ہیں اسی اعتبار سے میں نے ، مولانا گوہر الرحمان صاحب نے ، لکھوی صاحب نے اور دیگر حضرات نے اس میں شق نمبر (۲) کا اضافہ اسی لئے کیا کہ کسی پر اگر ذرا سا بھی شبہ ہو کہ اس نے گستاخی کی ہے ، اُسے پھانسی پر چڑھا دیا جائے ، یہ منشاء ہرگز نہیں - شق نمبر (۲) کی منشاء یہی ہے کہ اگر وہ الزام اپنے لوازمات کے ساتھ ثابت نہ ہو تو تب اسے دوسرے نمبر کی سزا دی جائے - ایک بات -

دوسری چیز یہ ہے کہ کیا آپ نے اس میں یہ طے کر لیا کہ " توہین " کسے کہتے ہیں ؟ یہ تو آپ کورٹ اور کچہری کا کام اپنے ہاتھ میں لے رہے ہیں - تو آپ مجھے بتایئے کہ کیا یہ ممکنات میں سے ہے کہ ہم اسمبلی میں بیٹھ کر یہ طے کریں کہ کون کون سے الفاظ

توہین کے ہیں تو یہ کہانی کبھی ختم ہو گی ؟ یہ کام کورٹ کا ہے جو میرے بزرگوار حمزہ صاحب یہاں آپ سے لینا چاہتے ہیں ۔

تو میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی دو رائیں نہیں ہیں ۔ اس لئے اس میں شق نمبر (۲) کا اور جو میں نے پہلے بھی عرض کیا تھا ، دفعہ ۲۹۵ میں "پیغمبر اسلام اور دوسرے انبیائے کرام علیہم السلام کی شان میں توہین" کا اضافہ کر دیا جائے ۔ شق نمبر (۲) کا اضافہ کر کے اس بل کو فی الفور منظور کرا دیا جائے ۔ اس میں قطعی دو رائیں نہیں ہیں ۔ اگر ایک دو آدمی اس سے اختلاف کریں تو آپ جانتے ہیں کہ دو آدمی تو ویسے ہی اُن کی مرضی و منشاء کے خلاف ہو جائے تو وہ ویسے ہی باہر چلے جاتے ہیں ۔ تو اس میں کوئی ایسی حرج کی بات نہیں ہے ۔

جناب سپیکر : آنریبل منسٹر فار جسٹس اینڈ پارلیمنٹری افیئرز !

I have given the floor to honourable Minister.

بیگم صاحبہ ! اب ضرورت نہیں ہے ، بہت باتیں ہو چکی ہیں ، اب ان کی بات سنیئے ۔

بیگم نثار فاطمہ زہرہ : Inaudible لہٰذا پوری قوم پر سے اللہ کی رحمت سے یہ ذمہ داری اتر گئی ہے کہ کوئی مسلمان گستاخی کرنے والا نہیں تھا اور انشاء اللہ آئندہ بھی کبھی کوئی مسلمان یہ جرأت نہیں کرے گا ۔

جناب سپیکر : شکریہ بیگم صاحبہ ! آپ تشریف رکھیئے ۔ آنریبل منسٹر آف سٹیٹ !

وزیر مملکت برائے عدل و پارلیمانی امور (جناب میر نواز خاں مروت) : جناب سپیکر ! پیشتر اس کے کہ میں اس کی وضاحت کروں ، میں اس فاضل ایوان کے فاضل اراکین جس میں جیّد علمائے دین بھی شامل ہیں ، کہنہ مشق سیاستدان بھی ہیں ، زیرک پارلیمنٹرین بھی ہیں ، ممتاز ماہرین قانون بھی ہیں ، ان سب کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے نہایت عرق ریزی سے کام لیتے ہوئے کوشش کی ہے کہ کوئی بھی گستاخ رسول کا مرتکب سیاہ بخت سزا سے کسی طریقے سے نہ بچ سکے یہ سب کا جذبہ اور سب کی کوشش ہے ۔ دین میں تجسس کے لئے حق کو پانے کے لئے ہے ، اختلاف رائے باعثِ

رحمت ہوا کرتی ہے ۔ میں ان کا احترام کرتا ہوں بلکہ برابر کا شریک ہوں جہاں تک نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کا تعلق ہے اور جہاں تک میری وابستگی کا تعلق ہے میں ایک شعر میں عرض کروں گا ۔

ہزار بار بشویم دہن بہ مشک گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبیست

یہ میرا عقیدہ ہے ، میں مسلمان ہوں اور مولانا گوہر رحمان صاحب نے صحیح فرمایا کہ ہماری میٹنگ ہوئی تھی اور اس میں مولانا لکھوی صاحب بھی تھے ، سید اسعد گیلانی صاحب بھی تھے ، مولانا غایت الرحمٰن صاحب بھی تھے ، مولانا ازھری صاحب بھی تھے ، شاہ تراب الحق صاحب نہیں آئے تھے اور جو فیصلہ ہوا تھا میں نے ان سے دستخط بھی لئے تھے ، میں وہ آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں ۔ اور پھر ان ترامیم کی روشنی میں ان کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ گوہر الرحمٰن صاحب نے بجا فرمایا کہ آیا اس ترمیم سے مطلب پورا ہو سکتا ہے یا نہیں ۔

یہ فیصلہ ہوا تھا کہ گستاخیٔ رسول کی سزا سزائے موت ہے ۔ جرم کے لحاظ سے اور نوعیت کے لحاظ سے عمر قید بامشقت اور جرمانہ کیا جا سکتا ہے ۔ اور مقدمہ کی سماعت کرنے کا مجاز مسلمان جج ہونا چاہیئے ۔ اس پر ان کے دستخط بھی ہیں اور میرے خیال میں وہ موجود بھی ہیں ۔

اب جناب والا ! یہ جو فیصلے ہوئے تھے میں نے ان سے انحراف نہیں کیا ۔ یہ ہو سکتا ہے کہ میرے سمجھانے میں کوئی کمی ہوئی ہو ، ہو سکتا ہے کہ یہ بل انگریزی زبان میں بنا ہے ہو سکتا ہے میں اس کے مطابق نہ سمجھا سکا ہوں یا اس کے شد و مد سے ہم سب واقفیت حاصل نہ کر سکے ۔

جناب والا ! یہ کہا گیا کہ جلدی کیوں ؟ کار خیر میں تاخیر کرنی پڑتی ہے ۔ میں نے تو کھڑے ہو کر آپ کو ترامیم دیں اور کھڑے ہو کر تمام ارشادات کو اس میں سمویا اور یہ کہا کہ کوئی گستاخ رسول بچ نہ سکے ۔ اب گذارش یہ ہے ، پہلا فقرہ یہ ہے کہ گستاخیٔ رسولؐ کی سزا سزائے موت ہے ۔ میں نے جو ترمیم تجویز کی پہلے تھا

"with imprisonment for life, and shall also be liable to fine."

یا "سزائے موت یا عمر قید اور جرمانہ" نہیں تھا ، یہ "death" کے بعد comma ہے ۔

"shall be punished with death," یہاں مقصد مکمل ہو گیا ہے جیسے علمائے کرام نے میری رہنمائی فرمائی تھی، اور میں ان کا بڑا مشکور و ممنون ہوں، واقعی انہوں نے اسلام کی روشنی میں میری رہنمائی فرمائی ہے - اللہ تعالیٰ ان کو اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ثواب دے گا - میری گذارش یہ ہے کہ یہاں مقصد پورا ہو جاتا ہے "shall be punished with death," سزا، سزائے موت ہے - وہ آگیا - اب دوسرا ہے comma اور کے بعد "or" یعنی جس کا اردو ترجمہ "بصورت دیگر" ہے - بصورت دیگر عمر قید کی سزا اور جرمانہ بھی ہو سکتا ہے -

اب یہاں یہ فرمایا گیا کہ اگر جرم ثابت نہ ہو تو عمر قید کی سزا، ورنہ موت - جناب والا! نہ تو یہ اسلامی قوانین کی روح ہے اور نہ تعزیرات پاکستان میں ہے - اگر جرم ثابت نہیں ہو گا تو آدمی چھوڑا جائے گا - اسلام میں بھی یہی ہے - لیکن شبہ کا فائدہ ملزم کو ملتا ہے - لیکن ہم نے یہاں یہ رکھا ہے اور علماء نے میری رہنمائی فرمائی تھی کہ حقوق العباد میں معافی کا حق قاضی کو نہیں ہوتا - مثال کے طور پر ایک آدمی کے منہ سے ایک فقرہ نکلا، وہ پچھتا رہا ہے اور توبہ کر رہا ہے - وہ مسلمان ہے - اور ایک آدمی گستاخیٔ رسولؐ کا روز مرتکب ہوتا ہے، اس کے لئے علم الدین شہید چاہیئے - اس کے لئے قاضی عبدالقیوم شہید چاہیئے، اس کے لئے تقریر نہیں چاہیئے - وہ مجھ سے پوچھیں - نو کروڑ مسلمانوں کا ملک ہے اور تعزیرات پاکستان کا سہارا لیا جا رہا ہے! یہ تو ہماری غیرت کا امتحان ہے - چونکہ اس ملک کی بنیاد نبیؐ کی تعلیمات اور اسلام ہے، آج قائداعظمؒ کی روح بھی خوش ہو گی، ارواح شہدائے پاکستان بھی خوش ہوں گی - ہم اس منزل کی طرف قدم بڑھا رہے ہیں جس کے لئے یہ ملک معرض وجود میں آیا تھا - تو میری گذارش یہ ہے کہ اس سے میرے خیال میں جو ان کی رہنمائی تھی وہ پوری ہوتی ہے اصلاح ہر وقت کی جا سکتی ہے - قانون میں ہمیشہ ترمیم ہو سکتی ہے - آپ میری رہنمائی کریں - میری سمجھ کے مطابق، اور یہاں جتنے بھی قانون دان موجود ہیں ان سب کو معلوم ہے کہ قانون کی اپنی زبان ہوتی ہے اس کی اپنی اصطلاحات ہوتی ہیں اس پوائنٹ آف ویو سے میرے خیال میں ان کا وہ مقصد پورا ہو جاتا ہے - یعنی جرم

کی نوعیت کے مطابق اس کا مطلب یہ ہے کہ بصورت دیگر دفعہ ۳۰۲ میں حضور والا! جس میں قتل کی سزا تجویز کی گئی ہے اس کے words بھی یہی ہیں -

"Whoever commit, murder shall be punished with death, or imprisonment for life, and shall also be liable to fine."

اب جناب والا! خود دیکھیں کہ قتل کی سزا بھی قتل ہے - اس صورت میں نہیں کہ قتل کرو یا عمر قید دو - ان کو شاید یہی غلط فہمی پیدا ہوئی - ہرگز اس قانون کا یہ مطلب نہیں ہے - اس کی سزا ہو گئی قتل، comma آ گیا، "بصورت دیگر" جہاں تک میں سمجھا "عمر قید کی سزا" جیسے جرم کے حالات اور نوعیت پر منحصر ہے -

ان کی میرے لئے تیسری رہنمائی یہ تھی کہ جج مسلمان ہونا چاہیئے - یہ صحیح بات ہے اس لئے کہ ہو سکتا ہے کہ غیر مسلم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو نہ پہچان سکے - جناب والا! یہ ان کا بجا ارشاد تھا، اور وہاں آپ دیکھیں گے جو میں نے ترمیم پیش کی ہے -

"triable by Court of Session which shall be presided over by a Muslim."

تو جج بھی مسلمان ہو گا - یہ ترامیم ان کے مشورے اور راہنمائی سے تجویز کی گئی تھیں، میرے نزدیک، میرے نظریہ کے مطابق، میری پہنچ کے مطابق، میری جو قانونی سوجھ بوجھ ہے اس کے مطابق پورا مقصد حل ہوتا ہے - اور یہ کہنا کہ اگر جرم ثابت نہ ہو تو میرے خیال میں ایسا نہیں ہے - بعض تقاریر میں کہا گیا ہے - وہ اس میں نہیں، سزا سزائے موت ہے، اور بصورت دیگر عمر قید کی سزا اور جرمانہ کیا جا سکتا ہے - اور اس کے علاوہ مسلمان جج اس کی سماعت کرے گا - اس کا یہ مقصد ہے - آپ پورا پینل کوڈ آف پاکستان اٹھائے اس کے یہی الفاظ ہوتے ہیں - ایک جرم قابل ضمانت ہوتا ہے اور ایک ناقابل ضمانت ہوتا ہے - جرم ناقابل ضمانت، جرم قابل دست اندازی، وارنٹ کیس رکھا ہے - اس سے سنگین نوعیت ہو ہی نہیں سکتی -

جناب والا! ہمیں کچھ تو جوڈیشری پر بھی اعتماد رکھنا ہو گا - جن کے پاس کیس جائے گا - وہ بھی مسلمان ہو گا، وہ بھی قانون کی وضاحت کرے گا، مقدمے کی

سماعت وہ بھی کرے گا، وہ بھی انصاف کے تقاضے پورے کرے گا۔ اور غازی صاحب نے جو فرمایا ہے وہ بھی اس زمرے میں نہیں آتا اور میرے خیال میں اس کی ضرورت نہیں ہے۔

ایک محترم نے فرمایا کہ پانچ ہزار کا مجمع جمع ہو گا ہم تو خود مجھے والے ہیں۔ اور اس حکومت نے تو اسلام کا بیڑا اٹھایا اور اسلام کی طرف ہم خود جا رہے ہیں اور اس میں من جملہ کوشش ہے۔ جو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے قانون میں رکاوٹ ڈالے گا اس میں ہم بھی آپ کے ساتھ ہوں گے۔ ہم پیچھے نہیں ہوں گے۔ ہم پہلے مسلمان ہیں چاہے میں حکومت میں ہوں یا کہیں اور ہوں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاملہ میں سب کا مطمع نظر ایک ہے۔ اس میں کوئی اختلاف رائے نہیں ہے۔ مجھے امید ہے کہ اس سے غلط فہمی رفع ہو گئی ہو گی۔ اس سے قانون اور انصاف کے تقاضے پورے ہوتے ہیں۔

جناب سپیکر: لیاقت بلوچ صاحب! بہت بات ہو چکی ہے، اب اس کو ایوان کے سامنے پیش کیا جانا چاہیئے۔ میرے پاس اٹھارہ نام موجود ہیں، اگر آپ کو وقت دوں تو دوسروں کو اعتراض ہو گا۔

جناب لیاقت بلوچ: جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ محترم حمزہ صاحب نے جس بات کو کہا شاید اس کو اس طرح سے لیا جائے۔ محترم حمزہ صاحب میرے لئے دینی اعتبار سے بھی اور ان کی شخصیت کے اعتبار سے بھی محترم ہیں۔ انہوں نے ایک انتہائی اہم مسئلے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے اپنا دکھ اور درد بیان کیا ہے۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ گستاخیٔ رسولؐ کے سلسلے میں قرآن و سنت کے اندر یہ چیزیں وضاحت کے ساتھ لکھی ہوئی ہیں۔ اس لئے اگرچہ ملک کے اندر ایک ایسی فضا موجود ہے لیکن اگر ہم اس کو مشتہر کریں گے تو مسائل الجھ سکیں گے اس لئے میں سمجھتا ہوں۔ ۔ ۔ ۔

جناب سپیکر: لیاقت بلوچ صاحب! بحث کا وقت گذر چکا ہے، تشریف رکھئے۔ ترمیم پیش کرتا ہوں۔

آوازیں: ترامیم موصول نہیں ہوئیں۔

جناب سپیکر: میں نے بھی اپنے ہاتھ سے لکھا ہے۔ طبع شدہ مجھے بھی موصول

نہیں ہوئی ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں موو کر دوں ۔ آپ تشریف رکھیئے ۔

The question is:

"That in clause 2 of the Bill, between the words "with" and "imprisonment for life," the word and comma "death, or" be added."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Now I will put the clause. The question is:

"That clause 2, as amended, do form part of the Bill."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: I will now move the amendment in clause 3. "Against "295c", in column 7, the words and comma "death, or" be added ahead of "imprisonment for life, and fine"; and, in column 8, after "Court of Session" the words "which shall be presided over by a Muslim" be added."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Now I will put the clause. The question is:

"That clause 3, as amended, do form part of the Bill."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Now we come to clause 1, preamble and short title. The question is:

"That clause 1, preamble and short title do form part of the Bill."

The motion was adopted.

Mr. Speaker: Honourable Minister of State for Justice and Parliamentary Affairs.

Mr. Mir Nawaz Khan Marwat: Sir, I beg to move:

> "That the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be passed."

Mr. Speaker: It has been moved:

> "That the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be passed."

Mr. Hamza: Opposed.

جناب سپیکر: جی حمزہ صاحب!

جناب حمزہ: جناب سپیکر! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم نے اس قانون کو جو کہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ایک عام قانون جتنی بھی اہمیت نہیں دی۔ ہمیں چاہیئے تھا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے جتنی صلاحیت دی ہے، عقل و فہم کی یا تجربے کی، اس ایوان کے اندر یا اس ایوان سے باہر ہم اس سے استفادہ کرتے، قانون سازی کرتے وقت یہ جو طریقہ اختیار کیا گیا ہے کہ مسودۂ قانون کی کاپیاں بھی ہمیں مہیا نہیں کی گئیں کہ ہم سنجیدگی سے غور کے ساتھ اس کا مطالعہ کر سکتے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ قانون تو بنایا جا رہا ہے، اہمیت سے بھی کوئی انکار نہیں، تقدس سے بھی کوئی انکار نہیں، لیکن قانون کی طرف جو ہم نے توجہ دینی تھی یکسوئی کے ساتھ اور.....

Mr. Speaker: Hamza Sahib, I would like to make one small correction. Copies of the Bill were distributed on the 30th.

اس کی کاپیاں تمام اراکین کو ۳۰ جون کو تقسیم کر دی گئی تھیں

I would like to clarify for the record.

جناب حمزہ: میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارا طریقہ کار یہ ہے کہ جو مسودۂ قانون بھی ہو، چاہے وہ ماضی میں مشتہر ہی کیوں نہ ہو گیا ہو اور اس کی کاپی ہمیں مہیا ہی کیوں نہ کر دی گئی ہو، جس دن وہ زیر غور آتا ہے اس دن پھر وہی مسودۂ قانون کی کاپیاں ہمیں مہیا کی جاتی ہیں، میں جناب سپیکر! جب یہاں

حاضر ہوا ہوں ۔ میرے خیال میں یہ چیز آپ کے آج کے ایجنڈے میں بھی شامل نہیں تھی ۔ اگر تھی تو مجھے فرمایئے ۔

جناب سپیکر : جناب ! اگر آپ آرڈرز آف دی ڈے پڑھیں گے تو اس میں موجود ہے ، اور یہ بڑے دنوں سے آرڈرز آف دی ڈے پر آ رہے ہیں ۔

جناب حمزہ : جناب سپیکر ! مجھے اتنا فرما دیجئے کہ جس دن کوئی بل زیر غور ہوتا ہے آیا اس دن اس کی کاپیاں ایوان میں مہیا کی جاتی ہیں یا نہیں کی جاتیں ؟

جناب سپیکر : میں نے یہ سیکرٹریٹ سے دریافت کیا ہے ، انہوں نے کہا ہے کہ جو بل ایک دفعہ سرکولیٹ ہو جائے اسے دوبارہ on request سرکولیٹ کیا جا سکتا ہے normally نہیں کیا جاتا ۔ آپ نے request کی ہوتی تو ضرور سرکولیٹ ہوتا ۔ جب request آئی تو ہم نے سرکولیٹ کر دیا ۔

جناب حمزہ : تو میں آپ سے عرض کروں گا کہ جہاں تک قانون کا تعلق ہے اس کی اہمیت سے انکار نہیں ، لیکن جس جلد بازی سے منظور کیا گیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ ہم نے اس کے ساتھ انصاف نہیں کیا ۔

Mr. Speaker: Now I will put the question to the House all over again. The question is:

> "That the Bill further to amend the Pakistan Penal Code and the Code of Criminal Procedure, 1898 [The Criminal Law (Amendment) Bill, 1986], be passed."

The motion was adopted.

مولانا سید شاہ تراب الحق قادری : جناب والا ! میں اس موقع پر آپ کو اور اس معزز ہاؤس کے تمام معزز ممبران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں ، اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکتیں نازل ہوں گی ۔

جناب سپیکر : شکریہ ۔ مولانا گوہر رحمٰن صاحب !

مولانا گوہر رحمٰن : جناب سپیکر ! میں سب سے پہلے اللہ رب العالمین کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے ہم سب کو توفیق دی کہ توہین رسول ؐ کرنے والے کے لئے سزا

شریعت کے مطابق مقرر ہوئی۔ اس کے بعد یہ فراخدلی کے خلاف بات ہوگی ، یہ فراخدلی نہیں ہوگی اگر میں جناب سپیکر ! آپ کو ، اس ایوان کو ، پاکستان کے عوام کو اور وزیر مملکت کو مبارکباد نہ دوں ۔ میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں اور تیسری بات میں یہ عرض کرتا ہوں کہ گستاخِ رسولؐ کے بارے میں سزا کی منظوری یا بل کی منظوری اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان میں سیکولر نظام نہیں آئے گا ، یہاں انشاءاللہ اسلامی نظام آئے گا ۔

پیر محمد صابر شاہ : میں جناب والا ! سب کو مبارکباد دیتا ہوں ۔ بس معاملہ ختم۔

جناب سپیکر : بیگم قمر النساء قمر صاحبہ !

بیگم قمر النساء قمر : جناب سپیکر ! آپ نے بڑی تاخیر سے دیکھا اور مجھ سے پہلے بہت ساروں کو بلوا دیا ۔ خیر ۔ بہر حال اس بل کے پاس ہونے پر تمام ممبر صاحبان کے ساتھ آپ کو مبارک باد دیتی ہوں اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتی ہوں اور ۔ ۔ ۔ ۔

(مداخلت)

جناب سپیکر : آرڈر پلیز ۔ یہ کوئی طریق کار نہیں ہے ۔ ابھی کچھ اور بزنس ہے جو میں نے آپ کے سامنے پیش کرنی ہے ۔ دو منٹ لگیں گے ۔ اگر آپ تشریف رکھیں ۔

بیگم قمر النساء قمر : اور جناب ! مجھے یقین ہے ، جیسا کہ شاہ صاحب نے فرمایا کہ اس بل کے پاس ہونے سے ہمارے اوپر یقیناً برکتیں اور رحمتیں نازل ہوں گی ۔ ساتھ ہی میں اس بل کے پاس ہونے کی خوشی میں ایک اہم مسئلے کے اوپر آپ کی توجہ دلاؤں گی ۔ جیسا کہ ہمیشہ بجٹ اجلاس کے بعد اسمبلی کے کارکنان کو ، انتظامیہ کے لوگوں کو الاؤنس دیئے جاتے ہیں ، ان کو الاؤنسز دیئے جائیں جو انہوں نے بعد از وقت کام کیا ۔

جناب سپیکر : پہلے ہی آپ کا حکم ہم تک پہنچ چکا ہے اور ہم نے منظور کر لیا ہے۔

بیگم قمر النساء قمر : بہت بہت شکریہ ، جناب !

(اس مرحلہ پر متعدد اراکین کھڑے ہوئے)

جناب سپیکر : جی میرا خیال ہے کہ اب اس موضوع پر گفتگو کرنے کی ضرورت نہیں - میں مختصراً .....

(مداخلت)

Mr. Speaker: Please let me continue I think we should give an opportunity to the Minorities representative.

جناب عمانویل ظفر : جناب سپیکر ! میں جناب اقبال احمد خان اور باقی سب دوستوں کو اس بات کی مبارک باد دیتا ہوں کہ گستاخ رسول ؐ کے بارے میں جو بل پاس کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کروں گا اور اس اسمبلی سے یہ بھی چاہوں گا کہ اسلام میں دیگر انبیاء کے متعلق گستاخی کے بارے میں جو سزا ہے اس کو بھی رائج کریں - شکریہ -

LEAVE OF ABSENCE

جناب سپیکر : شکریہ ، جناب -

ابھی اس وقت کچھ چھٹی کی درخواستیں موصول ہوئی ہیں -

مولانا وصی مظہر ندوی صاحب نے ۵ ربرائی سے ۷ ر جولائی ۱۹۸۶ء تک رخصت کی درخواست کی ہے - ایوان کو منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب سپیکر : مسٹر بھگوان داس چاولہ صاحب نے ۱۵ ر جون سے ۶ ر جولائی ۱۹۸۶ء تک کی رخصت کی درخواست کی ہے - ایوان کو منظور ہے ؟

(رخصت منظور کی گئی)

Mr. Speaker: Now I will read the order of the President:

"In exercise of the powers conferred by clause (1) of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the National Assembly on the conclusion of its sitting on the 9th of July, 1986.

Sd/-
GENERAL MOHAMMAD ZIA-UL-HAQ,
President of Pakistan."

The Assembly is accordingly prorogued.

The Assembly was prorogued.

PCPPI–2078(87)NA–1-8-1987–400.